جدید ایڈیشن

کتبِ سیرت کا تعارف

- سیرت طیبہ کے مآخذ و مصادر
- تذکرۂ سیرت پر مشتمل عربی کتب کا تاریخی تسلسل
- برصغیر میں سیرت نگاری کی ابتدا
- ۱۳۵ عربی و اردو کتبِ سیرت کا تعارف
- اردو زبان میں سیرت کے مختلف گوشوں پر لکھی گئی ۶۲۸ کتابوں کی فہرست

تالیف
مولانا محمد نعمان صاحب
استاذ الحدیث جامعہ فیض العلوم مہران ٹاؤن کورنگی کراچی

حضرت مولانا محمد نعمان صاحب کی کتابیں اور بیانات واٹس ایپ پر حاصل کرنے کے لیے اس نمبر پر رابطہ کریں 0311-2645500

ادارۃ المعارف کراچی

اِجمالی فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱۔	عرضِ مؤلف	۴
۲۔	سیرتِ طیبہ کے مآخذ ومصادر	۸
۳۔	تہتر (۷۳) تذکرہ سیرت پر مشتمل عربی کتب کا تاریخی تسلسل	۱۵
۴۔	برصغیر میں سیرت نگاری کی ابتداء	۴۷
۵۔	سیرت پر مطبوعہ فارسی کتب	۴۹
۶۔	بہتر (۷۲) اردو کتب سیرت کا اجمالی تعارف	۵۱
۷۔	غیر مسلم مصنفین کی سیرت پر تصانیف ومقالات	۹۸
۸۔	اردو زبان میں سیرت کے مختلف گوشوں پر لکھی گئی کتابوں کی فہرست	۱۰۰

* * *

عرضِ مؤلف

راقم نے حضرت مولانا مفتی محمد ارشاد قاسمی صاحب کی معروف کتاب ''اسوہ حسنہ المعروف بہ شمائل کبریٰ'' پر ناشر کی جانب سے اصرار پر ایک مبسوط مقدمہ لکھا، الحمد للہ یہ مقدمہ علمی حلقوں میں بہت قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا، تو بعض دوستوں نے مشورہ دیا کہ اس مقدمے کو الگ سے بھی شائع کیا جائے، تاکہ جو احباب صرف مقدمے کا مطالعہ کرنا چاہیں تو اُن پر پوری کتاب خریدنے کا اضافی بوجھ نہ ہو۔ راقم نے دوبارہ نظر ثانی کر کے تقریباً پچاس صفحات کا اضافہ کیا۔ اب کتاب کی ترتیب کچھ یوں ہے:

کتاب کے آغاز میں سیرت کے نو (۹) مصادر و مآخذ کا ذکر ہے، پھر سنینِ وفات کی ترتیب کے ساتھ تہتر (۷۳) عربی کتب کا تذکرہ کیا ہے۔

آغاز سے لے کر اب تک جو کتابیں لکھی گئی ہیں چاہے وہ مستقل سیرت پر تصنیف کی گئی ہیں یا وہ تاریخ، رجال، انساب، لغت وغیرہ دیگر موضوعات پر لکھی گئی ہیں، لیکن ان میں سیرت کا تذکرہ کیا گیا ہے تو راقم نے ان کتابوں کا بھی تذکرہ کیا ہے۔ سنین وفات کی ترتیب کے ساتھ کتاب کا نام، مصنف، محقق اور ناشر کا بھی تذکرہ کیا ہے، اور اگر اس کتاب کا ترجمہ مجھے دستیاب ہوا ہے تو اس کا بھی ذکر کیا ہے۔

پھر برصغیر میں سیرت نگاری کی ابتداء اور سیرت پر مطبوعہ فارسی کتب کا ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد قدرے تفصیل کے ساتھ بہتر (۷۲) اردو کتب سیرت کا تعارف ذکر کیا ہے۔ اور آخر میں آپ کی سیرت کے مختلف گوشوں پر لکھی گئی چھ سو اڑتالیس (۶۴۸) اردو کتابوں کی ایک جامع فہرست مصنف اور ناشر کے تذکرے کے ساتھ حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق ذکر کی ہے۔

نہایت محنت اور عرق ریزی کے ساتھ ملک کے طول وعرض میں پھیلی ہوئی لائبریریوں، مکتبوں اور مکتبہ یٰسین سے استفادہ کر کے ایک جامع اور مفصل فہرست ذکر کی، تا کہ جس شخص کو سیرت کے جس گوشے کا مطالعہ کرنا ہو تو اِس فہرست سے رہنمائی لے کر مطلوبہ کتاب کا

مطالعہ کر کے اپنے دل و دماغ کو روشن کر سکے۔

اس بات کی مکمل کوشش رہی کہ کوئی اہم کتاب چھوٹنے نہ پائے۔ اس عربی، فارسی اور اردو کتب کے تعارف سے اندازہ ہوگا کہ آپ کی سیرت کے ہر ہر پہلو پر کس قدر جامع اور مفصل کتابیں تصنیف کی گئی ہیں۔ قرآنِ کریم اور سیرتِ طیبہ دو ایسے موضوع ہیں جن پر لکھی گئی کتابوں کی تعداد ہزاروں سے متجاوز ہے۔ آپ کی سیرت طیبہ پر لکھی گئی کتابوں کے متعلق تفصیلات جاننے کے لئے مندرجہ ذیل کتب ملاحظہ فرمائیں:

۱ ...... **معجم ما ألف عن رسول الله صلى الله عليه وسلم.**

۲ ...... **الموسوعة السيرة النبوية الشريفة.**

۳ ...... **معجم ما كتب عن الرسول وأهل البيت.**

۴ ...... **الموسوعة الإسلامية السيرة المحمدية.**

۵ ...... **مناهج المؤلفين فى السيرة النبوية.**

اللہ تبارک وتعالیٰ سے دست بدستہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس محنت کو اپنی بارگاہ میں قبول ومنظور فرمائے، اور راقم کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔ آمین

محمد نعمان

استاذ جامعہ انوار العلوم مہران ٹاؤن کورنگی کراچی

۲۲ شعبان المعظم ۱۴۳۷ھ/ ۳۰ مئی ۲۰۱۶ء

0332 - 2557675

سیرت کا لغوی مفہوم

سیرت کا لفظ عربی زبان کے جس مادے اور فعل سے بنا ہے اس کے لفظی معنی ہیں چل پھرنا، راستہ لینا، رویہ یا طریقہ اختیار کرنا، روانہ ہونا، عمل پیرا ہونا وغیرہ۔ اس طرح سیرت کے معنی حالت، رویہ، طریقہ، چال، کردار، خصلت اور عادت کے ہیں۔ اس سے اردو میں تعمیر سیرت، سیرت سازی، پختگی سیرت، نیک سیرت، بدسیرت اور حسن سیرت وغیرہ کے الفاظ مستعمل ہیں۔

لفظ سیرت واحد کے طور پر اور بعض دفعہ اپنی جمع سیر کے ساتھ اہم شخصیات کی سوانح حیات اور اہم تاریخی واقعات کے بیان کے لیے استعمال ہوتا رہا ہے۔ مثلاً کتابوں کے نام سیرت عائشہ یا سیرت المتاخرین وغیرہ۔ کتبِ فقہ میں ''السیر'' جنگ اور قتال سے متعلق احکام کے لیے مستعمل ہے۔

چونکہ آنخضرت کی سیرت کے بیان میں غزوات کا ذکر خاص اہمیت رکھتا ہے اس لیے ابتدائی دور میں کتبِ سیرت کو عموماً مغازی وسیر کی کتابیں کہا جاتا تھا۔

قرآنِ کریم میں لفظ سیرت کا استعمال

قرآن کریم میں لفظ سیرۃ صرف ایک جگہ آیا ہے:

سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولَى. (طه: ٢١)

ہم اسے ابھی اس کی پہلی حالت پر لوٹا دیں گے۔

اس آیت میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا (لاٹھی) کے سانپ بن جانے کے بعد دوبارہ اصلی حالت میں آجانے کی طرف اشارہ ہے، لہذا یہاں لفظ سیرۃ حالت اور کیفیت کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔

سیرت کا اصطلاحی مفہوم

لفظ سیرت اب بطور اصطلاح صرف آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک زندگی کے

جملہ حالات کے بیان کے لیے مستعمل ہے، جبکہ کسی اور منتخب شخصیت کے حالات کے لیے لفظ سیرت کا استعمال تقریباً متروک ہو چکا ہے۔ اب اگر مطالعہ سیرت یا کتبِ سیرت جیسے الفاظ کے ساتھ رسول، نبی، پیغمبر یا مصطفیٰ کے الفاظ نہ بھی استعمال کیے جائیں تو ہر قاری سمجھ جاتا ہے کہ اس سے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت ہی ہے، بلکہ بعض دفعہ لفظِ سیرت کو کتاب کے مصنف کی طرف مضاف کر کے بھی یہی اصطلاحی معنی مراد لیے جاتے ہیں، جیسے سیرت ابن ہشام کہ اس کا مطلب ابن ہشام کے حالات زندگی نہیں بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات ہیں، جو کتاب کے مصنف ابن ہشام نے جمع کئے ہیں۔ اسی طرح موجودہ دور میں جلسہ سیرت، سیرت کانفرنس، مقالاتِ سیرت، اخبارات ورسائل کے سیرت نمبر وغیرہ بکثرت الفاظ مستعمل ہیں۔ ان تمام تراکیب میں لفظ سیرت کے معنی ہمیشہ سیرت النبی ہی ہوتے ہیں۔ بعض دفعہ ادب واحترام کے اظہار کے لیے اس لفظ کے ساتھ کسی صفت کا اظہار کر دیتے ہیں جیسے سیرتِ طیبہ، سیرتِ مطہرہ اور سیرتِ پاک وغیرہ۔

مطالعہ سیرت کی ضرورت واہمیت

مسلم وغیر مسلم ہر اس شخص کے لیے سیرت نبوی کا مطالعہ از حد ضروری ہے جو دین اسلام کو جاننے، سمجھنے اور اس پر عمل پیرا ہونے کا خواہشمند ہے۔

اہل اسلام کے حوالے سے مطالعہ سیرت کی ضرورت واہمیت کے نکات حسب ذیل ہیں:

۱...... اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں حضور کی ذاتِ گرامی کو بہترین نمونہ قرار دے کر اہل اسلام کو آپ کے اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہونے کا حکم ارشاد فرمایا ہے، لہذا سیرت نبوی کو جانے بغیر حضور کے اسوہ حسنہ پر عمل ممکن نہیں۔

۲...... اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں اتباعِ رسول اور اطاعتِ رسول کو لازم اور فرض قرار دیا ہے۔ اس لحاظ سے سیرتِ نبوی کا مطالعہ از حد ضروری ہے تاکہ حضور کے احکامات اور دیگر اوامر ونواہی کے ساتھ ساتھ آپ کی پسند وناپسند کا علم بھی ہو سکے۔

۳...... دین اسلام کی تبلیغ اور نشر و اشاعت کے حوالے سے سیرت کا مطالعہ ناگزیر ہے تاکہ ایک تو ہر مبلغ تبلیغ کے اس مسنون طریقہ کار سے آگاہ ہو جس پر عمل پیرا ہو کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عرب کی کایا پلٹ دی، اور دوسرا اس مطالعہ کے ذریعے مخاطب کو آپ کے اسوہ حسنہ سے متعارف کروا کر اور موقع بہ موقع سیرت کے واقعات سُنا کر اسے متاثر کیا جاسکے۔

۴...... قرآنِ کریم کا فہم مطالعہ سیرت کے بغیر ناممکن ہے، کیونکہ آپ ہی قرآن کی عملی تصویر اور کامل تفسیر ہیں۔

۵...... مسلمانوں کے لیے سیرت کا مطالعہ محض ایک علمی مشغلہ ہی نہیں بلکہ اہم دینی ضرورت ہے، جبکہ غیر مسلموں کے لیے سیرت کے مطالعہ کی نوعیت اس سے کچھ مختلف ہوسکتی ہے۔

۶...... غیر مسلم کا سیرت کے مطالعہ کا مقصد ان حالات اور اسباب سے آگاہی ہوسکتا ہے کہ جس کے ماتحت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تئیس سال کے قلیل عرصہ میں دنیا میں ایک ایسا انقلاب برپا کر دیا اور عرب کی جاہل اور اجڈ قوم سے ایک ایسی امت تیار کر دی کہ جس کے کارنامے مورخین عالم کے لیے انتہائی دلچسپ اور موجبِ صد حیرت ہیں۔

سیرتِ طیبہ کے مآخذ و مصادر

۱...... قرآنِ کریم

سیرت طیبہ کا اصل اور سب سے زیادہ صحیح اور مستند ماخذ قرآن کریم ہے۔ قرآن مجید دو طرح سے سیرت کے مآخذ کا کام دیتا ہے۔

الف: اس میں آنحضرت کی مبارک زندگی کے متعدد واقعات، غزوات اور بعض دیگر پیش آمدہ حالات کا ذکر ہے۔ کہیں تفصیل اور کہیں اجمالی اشارات موجود ہیں۔ بعض لوگوں نے صرف قرآن کریم میں صراحتًا یا کنایتًا بیان کردہ واقعاتِ سیرت کی ترتیب و جمع سے

سیرت پر کتابیں تالیف کی ہیں۔

ب: قرآنِ کریم میں وہ تمام تعلیمات ہیں جن کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عملاً نافذ کیا۔ اسی طرح معاصر کفار کے بعض اعتراضات اور ان کے جوابات مذکور ہیں۔ قرآنِ کریم کی اس قسم کی آیات کی تفصیل اور زمانہ یا موضع نزول کے بارے میں سیرتِ طیبہ کے واقعات کی طرف رجوع کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ گویا قرآنِ کریم سیرتِ طیبہ کے بارے میں کچھ تفصیلی معلومات بھی دیتا ہے اور اجمالی اشارات کے ذریعے سے واقعاتِ سیرت کی اصل کی نشاندہی کر کے اس کی تفصیلات جاننے پر آمادہ بھی کرتا ہے۔

۲...... کتبِ حدیث

قرآنِ کریم کو رسول اللہ نے کس طرح سمجھا اور اسے کس طرح نافذ کیا، اس کی تفصیلات ہی کتبِ حدیث کا اصل موضوع ہے، لیکن قرآنِ کریم میں آپ کے احکام، تعلیمات، خطبات، مواعظ اور قضایا یعنی قانونی فیصلے وغیرہ ہی بیان نہیں ہوئے بلکہ بعض نہایت اہم واقعاتِ سیرت بھی بیان ہوئے ہیں۔ چونکہ حدیث کی روایت ونقل میں عام کتبِ تاریخ کی نسبت زیادہ تحقیق و چھان بین سے کام لیا جاتا ہے، اس لیے کتبِ حدیث میں بیان کردہ واقعات سیرت قرآن کے بعد باقی تمام مآخذ سیرت سے زیادہ مستند اور زیادہ قابلِ اعتماد ہیں۔

صحاح ستہ اپنے درجہ استیناد کے مطابق معلوماتِ سیرت کے مستند ماخذ کی حیثیت رکھتی ہیں۔ لیکن صحاح ستہ کے بعد جو کتابیں وقیع مواد پر مشتمل ہونے کے ساتھ ساتھ بڑی حد تک قابلِ اعتماد بھی ہیں وہ درج ذیل ہیں:

۱...... مسند امام احمد ۲...... مصنف عبدالرزاق ۳...... مصنف ابن ابی شیبہ
۴...... المعجم الکبیر، امام طبرانی رحمہ اللہ ۵...... السنن الکبریٰ، امام بیہقی رحمہ اللہ
۶...... مجمع الزوائد، علامہ ہیثمی رحمہ اللہ

۳...... کتبِ فقہ

کتبِ حدیث کے ساتھ ساتھ سیرت کا ایک بہت اہم اور ضروری ماخذ کتبِ فقہ بھی ہیں۔ بالخصوص دوسری اور تیسری صدی ہجری کے دوران لکھی جانے والی فقہ کی وہ کتابیں جن میں بڑی تعداد میں روایات واحادیث پائی جاتی ہیں۔ یہ وہ زمانہ ہے جب حدیث اور فقہ آہستہ آہستہ دو الگ الگ تخصصات کے طور پر سامنے آ رہے تھے۔ فقہ اور حدیث کی بالکل الگ الگ کتابیں تو ذرا بعد میں (غالباً چوتھی صدی ہجری سے) آنی شروع ہوئیں۔ لیکن ابتدائی دو صدیاں (دوسری اور تیسری صدی) ان دونوں علوم کے امتزاج اور پھر تدریجی امتیاز کی صدیاں تھیں۔

اس دوران فقہ کی جو کتابیں مرتب ہوئیں ان میں خاصا بڑا حصہ احادیث وروایات کا پایا جاتا ہے۔ ان احادیث وروایات میں سیرت کی بہت سی اہم معلومات موجود ہیں۔ فقہ کی ان کتابوں میں وہ کتابیں نسبتاً زیادہ اہم ہیں جو مالیات اور دوسرے انتظامی امور پر لکھی گئیں۔

مثلاً ''کتاب الخراج ''امام ابو یوسف رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۲ھ) ''کتاب الأموال ''امام یحیی بن آدم رحمہ اللہ (متوفی ۲۰۳ھ) ''کتاب الأموال ''امام قاسم بن سلام رحمہ اللہ (متوفی ۲۲۴ھ)، ''کتاب الأموال ''امام ابن زنجویہ رحمہ اللہ (متوفی ۲۵۱ھ) ''کتاب الأموال ''امام احمد بن نصر داؤدی رحمہ اللہ (متوفی ۳۰۷ھ)۔

۴...... کتبِ سیرت ومغازی

سیرت کا چوتھا اور سب سے اہم ماخذ ومصدر کتبِ سیرت اور مغازی ہیں۔ عہدِ نبوی میں حدیث اور سیرت میں کوئی فرق نہ تھا۔ رفتہ رفتہ فنی لحاظ سے علم سیرت، علم حدیث سے جدا ہوتا چلا گیا۔ ابتدائی دور میں سیرت کی کتابوں کو مغازی کا نام دیا جاتا تھا، گو اُن میں مغازی کے علاوہ دیگر مباحث بھی ہوتے تھے۔ تابعین اور تبع تابعین میں سے جن لوگوں نے سیرت ومغازی پر مواد جمع کیا اور ابتدائی کتابیں لکھیں جن کا ذکر بعد کی لکھی ہوئی کتابوں

میں ملتا ہے، ان میں سے مشہور لوگوں کے نام سنین وفات کی ترتیب سے پیش کئے جا رہے ہیں تا کہ یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جائے کہ کس طرح سیرت نگاری کا عمل ایک تسلسل سے جاری رہا، اور تفسیر، حدیث اور تاریخ کی طرح تیسری صدی ہجری کے آخر تک مکمل ہوا۔

۱......امام عروہ بن زبیر رحمہ اللہ ۹۴ھ

۲......ابان بن عثمان بن عفان رحمہ اللہ ۱۰۵ھ

۳......امام شعبی رحمہ اللہ ۱۰۳ھ

۴......امام وہب بن منبہ رحمہ اللہ ۱۱۴ھ

۵......امام عاصم بن عمر بن قتادہ رحمہ اللہ ۱۲۰ھ

۶......امام شرحبیل بن سعد رحمہ اللہ ۱۲۳ھ

۷......امام ابن شہاب زہری رحمہ اللہ ۱۲۴ھ

۸......امام یعقوب بن عتبہ ثقفی رحمہ اللہ ۱۲۸ھ

۹......امام عبداللہ بن ابی بکر بن حزم رحمہ اللہ ۱۳۵ھ

۱۰......امام موسیٰ بن عقبہ رحمہ اللہ ۱۴۱ھ

۱۱......امام ہشام بن عروہ بن زبیر رحمہ اللہ ۱۴۶ھ

۱۲......امام محمد بن اسحاق رحمہ اللہ ۱۵۱ھ

۱۳......امام معمر بن راشد رحمہ اللہ ۱۵۳ھ

۱۴......امام عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز رحمہ اللہ ۱۶۲ھ

۱۵......امام محمد بن صالح بن دینار رحمہ اللہ ۱۶۸ھ

۱۶......امام ابو معشر نجیح المدنی رحمہ اللہ ۱۷۰ھ

۱۷......امام عبداللہ بن جعفر مخزومی رحمہ اللہ ۱۷۰ھ

۱۸......امام عبدالملک بن محمد انصاری رحمہ اللہ ۱۷۶ھ

۱۹......امام زیاد بن عبداللہ البکائی رحمہ اللہ ۱۸۳ھ

۲۰......امام سلمہ بن الفضل رحمہ اللہ ۱۹۱ھ

۲۱......امام یحییٰ بن سعید بن ابان رحمہ اللہ ۱۹۴ھ

۲۲......امام ولید بن مسلم القرشی رحمہ اللہ ۱۹۵ھ

۲۳......امام یونس بن بکیر رحمہ اللہ ۱۹۹ھ

۲۴......امام محمد بن عمر الواقدی رحمہ اللہ ۲۰۷ھ

۲۵......امام یعقوب بن ابراہیم زہری رحمہ اللہ ۲۰۸ھ

۲۶......امام عبدالملک بن ہشام رحمہ اللہ ۲۱۳ھ

۲۷......امام علی بن محمد المدائنی رحمہ اللہ ۲۲۵ھ

۲۸......امام محمد بن سعد رحمہ اللہ ۲۳۰ھ

۲۹......امام ابراہیم بن اسحاق رحمہ اللہ ۲۸۵ھ

۵......کتبِ تاریخ

جن لوگوں نے تاریخ مرتب کی ان میں قدیم ترین حضرات میں سے ایک مؤرخ خلیفہ بن خیاط (متوفی ۲۴۰ھ) بھی ہیں، جن کی تاریخ ''تاریخ خلیفۃ بن خیاط'' کے نام سے ایک جلد میں چھپی ہوئی موجود ہے، ان کی کتاب کا ابتدائی حصہ سیرت پر مشتمل ہے۔

ابتدائی مؤرخین میں ابوحنیفہ دینوری رحمہ اللہ (متوفی ۲۸۲ھ) کی ''**الأخبار الطوال**'' علامہ ابن جریر طبری رحمہ اللہ (متوفی ۳۱۰ھ) کی ''**تاریخ الطبری**'' اور علی بن حسین مسعودی (متوفی ۳۴۶ھ) کی ''**مروج الذھب ومعادن الجوھر**'' معروف ہیں۔ امام طبری رحمہ اللہ کے ہاں سیرت پر بہت قیمتی مواد موجود ہے۔ امام طبری رحمہ اللہ نے مکمل سند اور حوالوں کے ساتھ ہر بات کہی ہے، اور

حوالوں کی تحقیق کا کام قارئین پر چھوڑ دیا ہے۔

۶......تواریخ حرمین

حرمین سے مراد مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ ہے۔ اسلام میں ان دونوں شہروں کو جو اہمیت حاصل ہے اس کی بناء پر بعض علماء نے خاص ان شہروں کی تاریخ اور ان کے اہم تاریخی مقامات سے متعلق معلومات کو مستقل تالیفات کا موضوع بنایا۔ اس قسم کی کتابوں میں بعض مقامات کے ذکر کی مناسبت سے سیرت طیبہ کے بعض اہم واقعات بھی ملتے ہیں، بلکہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے تواریخ حرمین پر لکھی گئی کتابوں میں سیرت نبوی سے متعلق ایسی معلومات بھی مل جاتی ہیں جو عام کتبِ تاریخ وسیرت میں مذکور نہیں ہوتیں۔

چند معروف کتابیں درج ذیل ہیں:

۱ ...... **أخبار مكة** امام ازرقی رحمہ اللہ (متوفی ۲۵۰ھ)

۲ ...... **تاريخ المدينة** امام عمر بن شبہ رحمہ اللہ (متوفی ۲۶۲ھ)

۳...... **أخبار مكة** امام فاکہی رحمہ اللہ (متوفی ۲۷۲ھ)

۴...... **تاريخ مكة المشرفة والمسجد الحرام والمدينة الشريفة** امام ابن ضیاء قرشی رحمہ اللہ (متوفی ۸۵۴ھ)

۵...... **التحفة اللطيفة فی تاريخ المدينة الشريفة** علامہ سخاوی رحمہ اللہ (متوفی ۹۰۲ھ)

۶ ...... **وفاء الوفاء بأخبار دار المصطفى** علامہ سمہودی رحمہ اللہ (متوفی ۹۱۱ھ)

۷......کتبِ ادب

صدر اسلام میں اور اس سے پہلے بھی یہ رواج تھا کہ عربی زبان میں ادبیات کے اعلیٰ ترین نمونوں کو محفوظ رکھا جائے۔ اسلام سے پہلے قبائلی تفاخر کے جذبہ سے یہ چیزیں محفوظ

رکھی جاتی تھیں۔ ہر قبیلہ اپنے بڑے بڑے اور نامور شعراء کے قصائد اور خطباء کی تقریریں وغیرہ محفوظ رکھا کرتا تھا۔ قبیلہ کے بچے بچے کی زبان پر یہ قصائد رہتے تھے۔ اسلام کے آنے کے بعد ظاہر ہے کہ ان نمونوں کی حفاظت کا اصل اور بنیادی مقصد قرآن کریم کی زبان کی حفاظت، قرآن پاک کی اسالیب کو سمجھنے میں مدد اور قرآن پاک کی فصاحت و بلاغت کا اندازہ کرنا قرار پایا۔ اس لئے اسلام کے بعد بہت سے حضرات نے اپنی زندگی کا ایک بڑا اور بنیادی ہدف یہ قرار دیا کہ اسلام سے پہلے کے اور فوراً بعد کے عربی ادب کے ذخائر، تقریریں، خطابت، کہانت، نظم، اور شاعری کو محفوظ کیا جائے۔ خود صحابہ کرام کو اس کام میں بڑی دلچسپی تھی۔ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو اس چیز کا بڑا اہتمام تھا۔ وہ خود عربی زبان وادب کا بہت اچھا ذوق رکھتے تھے، انہوں نے خود اپنے زمانے میں لوگوں کو تلقین اور ہدایت کی کہ اپنے بچوں کو شعروادب ضرور سکھاؤ ''**فان الشعر دیوان العرب**'' اس لئے کہ شعر عرب کی تاریخ کا مجموعہ ہے۔

کتبِ ادب کی ترتیب وتدوین کا یہ اہتمام گویا صحابہ کرام کے زمانے سے شروع ہو گیا تھا۔ لیکن کتبِ ادب میں جو مواد ہے وہ سیرت کے اصل اور بنیادی حقائق کے بارہ میں نہیں ہے، بلکہ اس مواد میں بہت سی ایسی جزوی تفصیلات بکھری ہوئی ہیں جن سے سیرت کے متعدد اہم گوشوں پر روشنی پڑتی ہے۔

۸...... کتبِ لغت

اس طرح لغت کی کتابوں میں بھی معلومات سیرت کا بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ جب لغت نگاروں نے یا عربی قاموس نویسوں نے عربی لغت کے مجموعے تیار کئے تو بعض مشکل الفاظ کی شرح میں انہوں نے بعض ایسے واقعات بھی بیان کئے یا وہ تفصیلات بھی بیان کر دیں جن کا تعلق سیرت سے تھا۔ یہ ادب اور لغت کی کتابوں میں بکھرا ہوا مواد بہت مفید اور قیمتی ہے اور سیرت نگاروں نے ان معلومات کو استعمال کیا ہے اور ان سے فائدہ اٹھایا ہے۔

اسی طرح کتبِ جغرافیہ ہیں۔

۹......کتبِ رجال

کتبِ رجال بھی سیرت کا اہم ماخذ رہی ہیں۔ محدثین جب حدیث کا فن مرتب کر رہے تھے تو حدیث کے راویوں کے حالات بھی جمع کرتے جاتے تھے۔ راویوں کے حالات جمع کرنے کے اس طویل اور جاں گسل عمل میں سب سے پہلے صحابہ کرام کے حالات جمع کئے گئے، اس طرح صحابہ کرام کے تذکرے مرتب ہوئے۔ پھر تابعین اور تبع تابعین کے تذکروں پر کتابیں مرتب ہوئیں۔ ان تذکروں میں جابجا اور کثرت سے ایسی معلومات بھی ملتی ہیں جو سیرت سے متعلق ہیں اور ان سے سیرت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی پڑتی ہے۔

تہتر (۷۳) تذکرہ سیرت پر مشتمل عربی کتب کا تاریخی تسلسل

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اور مغازی پر لکھنے کا آغاز پہلی صدی ہجری سے ہوگیا تھا، اس سلسلے کی ابتدائی کتابوں میں حضرت عروہ بن زبیر رحمہ اللہ (متوفی ۹۴ھ) آپ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے نواسے اور حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے بھائی تھے۔ حضرت عروہ کا شمار مدینہ کے سات ممتاز فقہاء میں سے ہے، انہوں نے "**کتاب المغازی**"، لکھی تھی، لیکن یہ کتاب ۶۳ھ میں واقعہ حرہ میں نذر آتش ہوگئی تھی، جس کا افسوس انہیں زندگی بھر رہا۔ پھر امام ابان بن عثمان بن عفان رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۵ھ) نے "**کتاب المغازی**"، لکھی، یہ کتاب خلیفہ عبد الملک بن مروان کے عتاب کی وجہ سے ضائع ہوگئی۔ پھر امام زہری رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۴ھ) نے "**المغازی**" کے نام سے سیرت ومغازی پر ایک جامع کتاب لکھی، آپ کی مغازی سے متعلق روایات کو امام محمد بن محمد العواجی نے "**مرويات الإمام الزهري في المغازي**" کے نام سے ۲ جلدوں میں جمع کیا ہے۔ پھر امام موسیٰ بن عقبہ رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۱ھ) یہ امام زہری رحمہ اللہ کے شاگرد ہیں، مسجد نبوی

میں ان کے درس کا حلقہ لگتا تھا، ان کی زیادہ تر توجہ کا مرکز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مغازی تھے، ان کی خصوصیت تھی کہ سن وار تاریخی واقعات کا ذکر کرتے تھے، امام مالک رحمہ اللہ ان کے مغازی کی تحسین کیا کرتے تھے، ان کی مغازی کی بنیاد امام زہری رحمہ اللہ کی ''**المغازی**'' کی روایات پر ہے۔ ان کی ''**کتاب المغازی**'' کا ایک حصہ جناب مصطفیٰ الاعظمی نے بیروت سے شائع کیا ہے۔ نیز امام یوسف بن محمد بن عمر شہ (متوفی ۷۸۹ھ) نے اِن کی مغازی کی روایات کا انتخاب اس نام کے ساتھ کیا ''**أحادیث منتخبة من مغازی موسی بن عقبة**'' یہ انتخاب مشہور حسن سلمان کی تحقیق کے ساتھ دار ابن حزم سے شائع ہوا ہے۔

۱......امام محمد بن اسحاق رحمہ اللہ (متوفی ۱۵۱ھ) نے ''**کتاب السیر والمغازی**'' لکھی، جو سیرت ابن اسحاق کے نام سے مشہور ہے، اس کتاب میں انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کا تذکرہ سند کے ساتھ کیا ہے، اس میں زمزم کے کنویں کی کھدائی، عبد المطلب کی نذر، حضرت عبداللہ کا نکاح، حضور کی پیدائش، حضرت خدیجہ سے نکاح، حضرت ابوبکر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کا قبولِ اسلام، ہجرت الی الحبشہ، ہجرت الی المدینہ اور دیگر اہم واقعات کا تذکرہ کیا ہے۔ یہ کتاب سہیل زکاء کی تحقیق کے ساتھ ایک جلد میں دار الفکر سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب کا اردو میں ترجمہ پروفیسر رفیع اللہ شہاب نے کیا ہے جو مقبول اکیڈمی لاہور سے شائع ہوا ہے، نیز اِس پر گراں قدر تحقیق و تعلیق ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے کی ہے۔

۲......امام ابو اسحاق ابراہیم بن محمد الفزاری رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۸ھ) نے ''**السیر لأبی إسحاق الفزاري**'' کے نام سے کتاب لکھی، اس میں انہوں نے سند کے ساتھ جہاد اور غنیمت سے متعلق احکامات کا تذکرہ کیا ہے، یہ کتاب فاروق حمادہ کی تحقیق کے ساتھ ایک جلد میں مؤسسۃ الرسالہ سے شائع ہوئی ہے۔

۳......امام واقدی رحمہ اللہ (متوفی ۲۰۷ھ) نے ’’**المغازی**‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، اس میں سریہ حمزہ بن عبدالمطلب، غزوہ ابواء، غزوہ ابواط، غزوہ بدر، غزوہ قینقاع، غزوہ اُحد، غزوہ بنونضیر، غزوہ ذات الرقاع، غزوہ حمراء الاسد، غزوہ ذات الرقاع، غزوہ خیبر، غزوہ مؤتہ، غزوہ ذات السلاسل، فتح مکہ، غزوہ تبوک اور دیگر غزوات کا تذکرہ کیا ہے۔ یہ کتاب مارسدن جونس کی تحقیق کے ساتھ ۳ جلدوں میں دارالاعلمی بیروت سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ جناب بشارت علی صاحب نے ’’مغازی الرسول صلی اللہ علیہ وسلم‘‘ کے نام سے کیا ہے، یہ ترجمہ مقبول اکیڈمی لاہور سے شائع ہوا ہے۔

۴......امام ابن ہشام رحمہ اللہ (متوفی ۲۱۳ھ) نے ’’**السیرۃ النبویۃ**‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب سیرت ابن ہشام کے نام سے مشہور ہے، اس میں انہوں نے امام ابن اسحاق رحمہ اللہ کی کتاب کے مضامین کو نئی ترتیب وتہذیب اور اضافات کے ساتھ شامل کیا ہے، اس کتاب کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ دنیا کی کئی زبانوں میں اس کا ترجمہ ہو چکا ہے، اس کتاب میں سیرت کی تمام اہم معلومات کو حسنِ ترتیب کے ساتھ یکجا کیا گیا ہے، اس کتاب کا وہ نسخہ جو مصطفیٰ السقاء، ابراہیم ابیاری اور عبدالحفیظ شبلی کی تحقیق کے ساتھ شائع ہوا ہے، افادیت کے لحاظ سے دیگر نسخوں سے زیادہ مفید ہے، یہ نسخہ مطبعہ مصطفیٰ البابی حلبی مصر سے دو جلدوں میں شائع ہوا ہے۔ اس کتاب کی عمدہ شرح علامہ سہیلی رحمہ اللہ (متوفی ۵۸۱ھ) نے ’’**الروض الأنف فی شرح السیرۃ النبویۃ لابن ھشام**‘‘ کے نام سے لکھی، یہ شرح سات جلدوں میں عمر عبدالسلام کی تحقیق کے ساتھ داراحیاء التراث العربی سے شائع ہو چکی ہے۔

علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ (متوفی ۸۵۵ھ) نے ’’**کشف اللثام فی شرح سیرۃ ابن ھشام**‘‘ کے نام سے اس کتاب کی شرح لکھی ہے۔ امام ابونصر فتح بن موسیٰ الخضراوی رحمہ اللہ (متوفی ۶۶۳ھ) نے اس کتاب کو نظم کی صورت میں ترتیب دیا ہے۔ علامہ فتح

الدین محمد بن ابراہیم المعروف ابن شہید رحمہ اللہ (متوفی ۷۹۳ھ) نے اس کتاب کے مضامین کو دس ہزار اشعار کی صورت میں ''**فتح القريب في سيرة الحبيب**'' کے نام سے ترتیب دیا۔

(کشف الظنون: علم السیر، ج۲ ص۱۰۱۲)

اس کتاب کا کئی اہل علم نے اردو زبان میں ترجمہ کیا، مولانا قطب الدین احمد کا ترجمہ تین جلدوں میں اسلامی کتب خانہ لاہور سے شائع ہوا ہے۔ جناب احسان الحق سلیمان صاحب کا ترجمہ مقبول اکیڈمی لاہور سے شائع ہوا ہے۔ جناب سید یاسین علی حسنی نظامی چشتی کا ترجمہ جناب سعود اشرف عثمانی کی تہذیب جدید کے ساتھ ادارہ اسلامیات لاہور سے شائع ہوا ہے۔ نیز اس کتاب کا ترجمہ مولانا امجد علی میلسوری کی تسہیل وتخریج کے ساتھ دو جلدوں میں مکتبہ رحمانیہ لاہور سے شائع ہوا ہے۔

۵......امام ابن سعد رحمہ اللہ (متوفی ۲۳۰ھ) نے ''**الطبقات الكبرى**'' کے نام سے کتاب لکھی، جو طبقات ابن سعد کے نام سے مشہور ہے، اس کتاب کی ابتدائی دو جلدیں سیرتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق ہیں، انہوں نے سند کے ساتھ سیرت کی اہم معلومات نقل کی ہیں، یہ کتاب محمد عبد القادر عطا کی تحقیق سے آٹھ جلدوں میں دار الکتب العلمیہ سے شائع ہوگئی ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ مولانا محمد اصغر مغل صاحب نے کیا ہے، جو دار الاشاعت کراچی سے چار جلدوں میں شائع ہوا ہے، نیز عبد اللہ عمادی صاحب نے بھی اس کتاب کا اردو ترجمہ کیا ہے جو نفیس اکیڈمی کراچی سے چھپ چکا ہے۔

۶......امام بخاری رحمہ اللہ (متوفی ۲۵۶ھ) نے ''**صحيح البخاري**'' میں ''**كتاب المناقب**'' کے تحت متعدد ابواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کے مناقب نقل کئے ہیں، اسی طرح ''**كتاب المغازي**'' کے تحت آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کا تذکرہ کیا ہے، اسی طرح ''**كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة**''

کے تحت متعدد ابواب میں سنتِ رسول کی اہمیت اور مقام ومرتبہ کا ذکر کیا ہے۔

۷......امام مسلم رحمہ اللہ (متوفی ۲۶۱ھ) نے ''**صحیح مسلم**'' میں ''**کتاب الفضائل**'' کے تحت تقریباً چالیس ابواب میں سند کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اور آپ کے فضائل ومناقب نقل کئے ہیں۔

۸......امام ابن قتیبہ دینوری رحمہ اللہ (متوفی ۲۷۶ھ) نے ''**المعارف**'' نامی کتاب لکھی، اس کی ابتداء میں حضراتِ انبیاء علیہم السلام کا تذکرہ ہے، اس کے بعد ''**نسب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم**'' کے عنوان کے تحت آپ کی سیرت کا تذکرہ کیا ہے، اس ضمن میں غزوہ بدر، غزوہ اُحد اور غزوہ خندق کا بھی تذکرہ کیا ہے، یہ کتاب ثروت عکاشہ کی تحقیق کے ساتھ ایک جلد میں ''**الهيئة المصرية العامة للكتاب القاهرة**'' سے شائع ہوئی ہے، اس کتاب کا اردو ترجمہ پروفیسر علی محسن صدیقی صاحب نے کیا ہے، جو کراچی یونیورسٹی فضلی سنز کراچی سے شائع ہوا ہے۔ نیز اس کتاب کا ترجمہ سلام صدیقی صاحب نے بھی کیا ہے جو پاک اکیڈمی کراچی سے شائع ہوا ہے۔

۹......امام ترمذی رحمہ اللہ (متوفی ۲۷۹ھ) نے ''**الشمائل المحمدية**'' میں ۵۵ ابواب کے تحت ۳۹۷ احادیث سے حضور کی سیرت وسوانح نقل کی ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیہ مبارک کے ضمن میں آپ کا قد، رنگ، بال، بدن، سر، ناک، ہاتھ، پاؤں، چہرہ، دہانہ، چشم وآبرو، چال، مہر نبوت، مانگ، داڑھی، رخسار، دانت، گردن وغیرہ کا تذکرہ کیا ہے، اسی طرح آپ کا لباس، آلاتِ حرب، نشست وبرخاست، خورد ونوش، عادات وخصائل، معمولات وعبادات، اسماء وعمر شریف، گزر اوقات، حلم وتواضع، مساوات، شفقت، ملازموں سے برتاؤ، شرم وحیاء، فقر واستغناء، وصال اور میراث کا تفصیلی ذکر کیا ہے۔

یہ کتاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بشری احوال کی تفصیلات کا ایک قیمتی اور مستند

ریکارڈ ہے، کئی اہل علم نے اس کتاب کی شرح لکھی ہے، جن میں دو شروحات نہایت معروف ہیں:

(۱) **أشرف الوسائل إلى فهم الشمائل:** علامہ ابن حجر ہیتمی رحمہ اللہ (متوفی ۹۷۴ھ) نے رمضان المبارک کے ۲۵ بابرکت ایام میں مسجد حرام میں بیت اللہ کے سامنے یہ شرح لکھی ہے، ۶۰۷ صفحات پر مشتمل یہ شرح احمد بن فرید المزیری کی تحقیق کے ساتھ ایک جلد میں دارالکتب العلمیہ سے شائع ہوئی ہے۔

(۲) **جمع الوسائل فی شرح الشمائل:** ملا علی قاری رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۱۴ھ) یہ شرح دو جلدوں میں مصطفیٰ البابی حلبی سے شائع ہوئی ہے۔

۱۰...... امام احمد بن یحیی بلاذری رحمہ اللہ (متوفی ۲۷۹ھ) نے "**فتوح البلدان**" نامی کتاب لکھی، اس میں ہجرت الی المدینہ اور آپ کے مشہور غزوات کا تذکرہ کیا ہے، جن میں غزوہ خیبر، فتح مکہ، غزوہ تبوک کا تذکرہ نمایاں ہے۔ یہ کتاب ایک جلد میں مکتبہ ہلال بیروت سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ ابو الخیر مودودی نے کیا ہے جو نفیس اکیڈمی کراچی سے چھپا ہے۔ نیز علامہ بلاذری رحمہ اللہ کی ایک کتاب "**أنساب الأشراف**" ہے، جو ۱۳ جلدوں پر مشتمل ہے، اس کی پہلی جلد میں مندرجہ ذیل دو مرکزی عنوانات کے تحت آپ کی سیرت کا تذکرہ ہے:

(۱) القول في بيان نسب النبي صلى الله عليه وسلم.

(۲) القول في سيرة النبوية الشريفة.

یہ کتاب سہیل زکاء اور ریاض زرکلی کی تحقیق کے ساتھ دارالفکر سے شائع ہوئی ہے۔

۱۱...... علامہ ابن جریر طبری رحمہ اللہ (متوفی ۳۱۰ھ) کی "**تاریخ الرسل والملوک**"، لکھی، جو تاریخ طبری کے نام سے مشہور ہے، مصنف نے اس کتاب کی دوسری اور تیسری جلد میں سن ہجری کی ترتیب سے سیرتِ نبویہ کا تذکرہ کیا ہے۔ موصوف

نے **"السنة الثانية من الهجرة، السنة الثالثة من الهجرة، السنة الرابعة من الهجرة، السنة الخامسة من الهجرة"** اسی طرح سن ہجری کی ترتیب سے ہر سال میں پیش آنے والے واقعات کا سند کے ساتھ تذکرہ کیا ہے، یہ کتاب اگرچہ تاریخ پر مشتمل ہے لیکن اس میں سیرتِ نبویہ کا تذکرہ بھی بڑے حسنِ اسلوبی کے ساتھ کیا گیا ہے۔ یہ کتاب گیارہ جلدوں میں دارالتراث العربی بیروت سے شائع ہوئی ہے۔

۱۲......امام ابوالحسن علی بن حسین مسعودی رحمہ اللہ (متوفی ۳۴۶ھ) کی **"مروج الذهب ومعادن الجوهر"** اس کتاب کی پہلی جلد میں عہد آدم سے عہد عثمانی تک کا تذکرہ ہے، اس ضمن میں سیرتِ نبویہ کا بھی ذکر کیا ہے۔

اس کتاب کا اردو ترجمہ مولانا اختر فتح پوری نے "تاریخ المسعودی" کے نام سے کیا ہے، یہ ترجمہ نفیس اکیڈمی کراچی سے دو جلدوں میں چھپا ہوا ہے۔

مصنف کی دوسری کتاب **"التنبيه والإشراف"** ہے، یہ چار حصوں پر ہے، پہلا حصہ سیرت النبی اور دوسرا عہد خلفائے راشدین پر ہے، اس کتاب کا مطبوعہ نسخہ ناقص ہے۔

۱۳......امام ابن حبان بستی رحمہ اللہ (متوفی ۳۵۴ھ) کی **"السيرة النبوية وأخبار الخلفاء"** اس کتاب کی پہلی جلد سیرتِ نبویہ اور دوسری جلد خلفائے راشدین کے تذکرہ پر مشتمل ہے، موصوف نے سن ہجری کی ترتیب سے یکم ہجری سے لے کر سن ۱۰ ہجری تک پیش آنے والے واقعات اور احوال کو سند کے ساتھ یکجا کیا ہے۔ **"السنة الثانية من الهجرة، السنة الثالثة من الهجرة، السنة الرابعة من الهجرة"** اسی طرح سن دس ہجری تک عنوانات قائم کرکے ترتیب کے ساتھ آپ کی سیرت کا تذکرہ کیا ہے۔ یہ کتاب دو جلدوں میں **"الكتب الثقافية"** بیروت سے شائع ہوئی ہے۔

۱۴......امام ابوالشیخ اصبہانی رحمہ اللہ (متوفی ۳۶۹ھ) نے **"أخلاق النبي وآدابه"** کے نام سے کتاب لکھی، اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق وعادات

اور آپ کے اوصاف وخصائلِ حمیدہ کا سند کے ساتھ تذکرہ کیا ہے، یہ کتاب صالح بن محمد الونیان کی تحقیق کے ساتھ دار المسلم للنشر والتوزیع سے ایک جلد میں شائع ہوئی ہے۔

اس کتاب کا اردو ترجمہ مولانا ڈاکٹر محمد احمد مختار قمر صاحب نے کیا ہے، جو دار التصنیف جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی سے شائع ہوا ہے۔

۱۵...... امام عبد الملک بن محمد بن ابراہیم نیسابوری رحمہ اللہ (متوفی ۴۰۷ھ) نے ’’**شرف المصطفی**‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب چھ جلدوں پر مشتمل ہے، اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اور اسوہ حسنہ کا تذکرہ نہایت حسنِ اسلوبی کے ساتھ کیا ہے، اس کتاب کے مرکزی عنوانات جن کے تحت کئی ذیلی ابواب ہیں، وہ درج ذیل ہیں:

(۱) جامع أبواب بشائره صلى الله عليه وسلم من أخبار الأحبار والرهبان والكهنة وما سمع من الهواتف وأجواف الأصنام.

(۲) جامع أبواب ظهوره صلى الله عليه وسلم ومولده الشريف.

(۳) جامع أبواب نسبه الشريف صلى الله عليه وسلم.

(۴) جامع أبواب المغازي والسرايا والبعوث النبوية.

(۵) جامع أبواب ما كان للنبي صلى الله عليه وسلم من الأزواج والأموال والحفدة والمتاع.

(۶) جامع أبواب الدلائل التي يستدل بها على نبوته صلى الله عليه وسلم وما خصّ به النبي صلى الله عليه وسلم من المعجزات.

(۷) جامع أبواب شرف النبي صلى الله عليه وسلم في القرآن.

(۸) جامع أبواب فضل النبي صلى الله عليه وسلم في القرآن.

(۹) جامع أبواب صفة أخلاقه وآدابه صلى الله عليه وسلم.

یہ کتاب چھ جلدوں میں دار البشائر اسلامیہ سے شائع ہوئی ہے۔

۱۶......قاضی عبدالجبار معتزلی (متوفی ۴۱۵ھ) نے ''**تثبیت دلائل النبوۃ**'' کے نام سے کتاب لکھی، اس کتاب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے دلائل اور معجزات کا تذکرہ کیا گیا ہے، یہ کتاب دو جلدوں میں دار المصطفی قاہرہ سے شائع ہوئی ہے۔

۱۷......امام ابونعیم اصبہانی رحمہ اللہ (متوفی ۴۳۰ھ) نے ''**دلائل النبوۃ**'' کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب اکتیس فصلوں پر مشتمل ہے، اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کو سند کے ساتھ ذکر کیا ہے، مصنف کا اسلوب نہایت دلنشین ہے، آپ ہر عنوان کے تحت متعلقہ احادیث نقل کرتے ہیں، اس طرح قاری کو ہر موضوع سے متعلق تمام معجزات یکجا مل جاتے ہیں، یہ کتاب دو جلدوں میں دار النفائس بیروت سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ مولانا حافظ قاری محمد طیب صاحب نے کیا ہے، جو ضیاء القرآن پبلیکیشنز لاہور سے چھپا ہوا ہے۔

۱۸......امام ابوالحسن ماوردی رحمہ اللہ (متوفی ۴۵۰ھ) نے ''**أعلام النبوۃ**'' کے نام سے کتاب لکھی، مصنف نے اکیس ابواب کے تحت حضور کی نبوت کی علامات ونشانیاں اور آپ کے معجزات کا تذکرہ کیا ہے، یہ کتاب مکتبۃ الہلال بیروت سے ایک جلد میں شائع ہوئی ہے۔

۱۹......علامہ ابن حزم ظاہری رحمہ اللہ (متوفی ۴۵۶ھ) نے ''**جوامع السیرۃ النبویۃ**'' کے نام سے کتاب لکھی، اس میں حضور کی پیدائش سے لے کر وفات تک کے احوال کو مختصر انداز میں ترتیب کے ساتھ یکجا کیا ہے۔ کتاب کا پہلا عنوان ''**باب نسب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم**'' اور آخری عنوان ''**وفاتہ صلی اللہ علیہ وسلم**'' ہے۔ ۲۱۵ صفحات پر مشتمل یہ کتاب ایک جلد میں دار الکتب العلمیہ سے چھپی ہے، اس کتاب کا اردو ترجمہ محمد سردار احمد صاحب نے کیا ہے، جو مجلس نشریات اسلام کراچی سے شائع ہوا ہے۔

۲۰......امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی رحمہ اللہ (متوفی ۴۵۸ھ) نے ''**دلائل النبوۃ**

ومعرفة أحوال صاحب الشريعة'' کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب سات جلدوں پر مشتمل ہے، امام بیہقی رحمہ اللہ نے نہایت تفصیل کے ساتھ باسند حضور کے معجزات کو نقل کیا ہے، امام بیہقی رحمہ اللہ پہلے ایک مرکزی عنوان قائم کرتے ہیں پھر اس کے تحت متعدد ذیلی ابواب قائم کرکے اس سے متعلقہ تمام معجزات کو یکجا نقل کرتے ہیں، یہ اسلوب خصوصًا مبلغین اور علماء کے لئے پُرکشش ہے، چند مرکزی عنوانات درج ذیل ہیں:

(۱) جماع أبواب مولد النبي صلى الله عليه وسلم.

(۲) جماع أبواب صفة رسول الله صلى الله عليه وسلم.

(۳) جماع أبواب ما ظهر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم من الآيات بعد ولادته وقبل مبعثه.

(۴) جماع أبواب المبعث.

(۵) جماع أبواب مغازى عن رسول الله صلى الله عليه وسلم.

(۶) جماع أبواب غزوة البدر.

(۷) جماع أبواب غزوة أحد.

(۸) جماع أبواب غزوة الخندق.

(۹) جماع أبواب غزوة خيبر.

(۱۰) جماع أبواب غزوة فتح مكة.

(۱۱) جماع أبواب وفود العرب إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم.

(۱۲) جماع أبواب دلائل النبوة.

آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات پر سب سے مفصل اور جامع کتاب یہی ہے، دار الکتب العلمیہ سے سات جلدوں میں یہ کتاب شائع ہوئی ہے، اس کتاب کا اردو ترجمہ مولانا محمد اسماعیل جاروی صاحب نے کیا ہے، یہ ترجمہ تین جلدوں میں دار الاشاعت کراچی سے شائع ہوا ہے۔

۲۱......علامہ ابن عبدالبر مالکی رحمہ اللہ (متوفی ۴۶۳ھ) نے ''**الدرر فی اختصار المغازی والسیر**'' کے نام سے کتاب لکھی، اس کتاب میں حضور کی سیرت اور آپ کے دور میں لڑی جانے والی جنگوں کا اختصار کے ساتھ تذکرہ کیا گیا ہے، مصنف نے امام موسی بن عقبہ اور امام اسحاق رحمہما اللہ کی کتبِ مغازی سے استفادہ کیا ہے اور مزید مفید اضافات کو بھی اس میں شامل کیا ہے۔ اس کتاب کے مرکزی عنوان درج ذیل ہیں:

(۱) باب من خبر مبعثه صلى الله عليه وسلم.

(۲) باب دعاء الرسول صلى الله عليه وسلم قومه وغيرهم.

(۳) باب ذكر الهجرة إلى أرض الحبشة.

(۴) باب ذكر الهجرة إلى أرض المدينة.

(۵) باب في قسمة غنائم.

(۶) باب وفود العرب على رسول الله صلى الله عليه وسلم.

(۷) باب ذكر وفات النبي صلى الله عليه وسلم.

یہ کتاب دکتور شوقی ضیف کی تحقیق کے ساتھ ایک جلد میں دار المعارف قاہرہ سے شائع ہوئی ہے۔

۲۲......امام محی السنۃ حسین بن مسعود بغوی رحمہ اللہ (متوفی ۵۱۶ھ) نے ''**الأنوار في شمائل النبي المختار**'' کے نام سے کتاب لکھی، جس میں ۱۰۲ ابواب کے تحت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے شمائل کا تذکرہ تفصیلا کیا ہے، اس میں کل ۱۲۵۷ روایات ہیں، شمائل پر لکھی گئی کتابوں میں جامعیت کے اعتبار سے یہ کتاب سب پر فائق ہے۔

شیخ ابراہیم یعقوبی کی تحقیق کے ساتھ دو جلدوں میں دار المکتبی دمشق سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ حافظ زبیر علی زئی نے کیا ہے، جو حدیبیہ پبلی کیشنز لاہور سے شائع ہوا ہے۔

۲۳......امام ابوالقاسم اسماعیل بن محمد بن فضل الملقب قوام السنۃ (متوفی ۵۳۵ھ) نے ''کتاب دلائل النبوۃ'' کے نام سے کتاب لکھی، اس کتاب میں سند کے ساتھ مختصر انداز میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کا تذکرہ کیا ہے، ۲۳۵ صفحات پر مشتمل یہ کتاب محمد الحداد کی تحقیق کے ساتھ ایک جلد میں دار طیبہ ریاض سے شائع ہوئی ہے۔

۲۴......قاضی عیاض مالکی رحمہ اللہ (متوفی ۵۴۴ھ) نے ''الشفاء بتعریف حقوق المصطفی'' کے نام سے کتاب لکھی، اس کتاب کا شمار سیرت پر لکھی گئی شہرہ آفاق کتب میں سے ہے، مصنف کا انداز عاشقانہ ہے، یہ کتاب چار قسموں پر مشتمل ہے، ''القسم الأول فی تعظیم العلی الأعلی لقدر النبي المصطفی صلی اللہ علیہ وسلم قولا وفعلا'' اس کے تحت چار ابواب ہیں:

الباب الأول فی ثناء اللہ تعالی علیه وإظهاره عظیم قدره لدیه.

الباب الثانی فی تکمیل اللہ تعالی له المحاسن خَلقا وخُلقا.

الباب الثالث فیما ورد من صحیح الأخبار ومشهورها بعظیم قدره عند ربه ومنزلته وما خصه به فی الدارین من کرامته صلی اللہ علیه وسلم.

الباب الرابع فیما أظهره اللہ تعالی علی یدیه من المعجزات وشرفه به من الخصائص والکرامات.

القسم الثانی فیما یجب علی الأنام من حقوقه صلی اللہ علیه وسلم.

القسم الثالث فیما یجب للنبي صلی اللہ علیه وسلم وما یستحیل فی حقه أو یجوز علیه أو ما یمتنع أو یصح من الأحوال البشریة أن یضاف إلیه.

القسم الرابع فی تصرف وجوه الأحکام فیمن تنقصه أو سبه علیه الصلاة والسلام.

حاجی خلیفہ رحمہ اللہ اس کتاب کے متعلق فرماتے ہیں:

هو كتاب عظيم النفع كثير الفائدة، لم يؤلف مثله فى الإسلام.

حاجی خلیفہ رحمہ اللہ نے اس کتاب پر لکھی گئی شروحات، حواشی، اختصارات، تعلیقات اور تخریجِ احادیث کا تذکرہ تفصیلا کیا ہے، دیکھئے:

(كشف الظنون: الشفاء بتعريف حقوق المصطفى، ج٢ ص١٠٥٤)

اس کتاب پر لکھی گئی معروف مطبوعہ شروحات دو ہیں:

(۱) **شرح الشفاء**: ملاعلی قاری رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۱۴ھ) یہ شرح دو جلدوں میں دارالکتب العلمیہ سے چھپ چکی ہے۔

(۲)**نسیم الریاض فی شرح الشفاء القاضی عیاض**: امام شہاب الدین احمد بن محمد خفاجی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۶۹ھ) نے چھ جلدوں میں نہایت مفصل و مدلل انداز میں اس کتاب کی شرح لکھی، یہ شرح بھی دارالکتب العلمیہ سے چھپ چکی ہے۔

علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ (متوفی ۹۱۱ھ) نے "**مناهل الصفاء فى تخريج أحاديث الشفاء**" کے نام سے اس کتاب کی احادیث کی تخریج کی ہے۔

علامہ احمد بن محمد شمنی رحمہ اللہ (متوفی ۸۷۳ھ) کے مفید حواشی کے ساتھ یہ کتاب دو جلدوں میں دارالفکر سے چھپی ہے۔

اس کتاب کا اردو ترجمہ علامہ سید احمد علی شاہ نے کیا ہے جو فرید بک سٹال لاہور سے شائع ہوا ہے۔ نیز اس کتاب کا ترجمہ مفتی سید غلام معین الدین نعیمی نے بھی کیا ہے جو مکتبہ اعلی حضرت لاہور سے شائع ہوا ہے۔

۲۵......امام ابو سعد عبدالکریم بن محمد سمعانی رحمہ اللہ (متوفی ۵۶۲ھ) نے "**الأنساب**" نامی کتاب لکھی، اس کی پہلی جلد میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نسب کا تذکرہ ہے، پھر بنو ہاشم، قریش، مضر اور دیگر قبیلوں کے انساب کا ذکر ہے۔ انساب کے تذکرے کے دوران بقدر ضرورت سیرت کے احوال بھی بیان کئے ہیں۔ یہ کتاب ۱۳ جلدوں میں مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ سے شائع ہوئی ہے۔

۲۶......امام ابو القاسم عبد الرحمٰن بن عبد اللہ بن احمد سہیلی رحمہ اللہ (متوفی ۵۸۱ھ) نے ''**الروض الأنف فی شرح سیرة النبویة لابن هشام**'' کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب علامہ ابن ہشام رحمہ اللہ (متوفی ۲۱۳ھ) کی ''**السیرة النبویة**'' کی شرح ہے، سیرت پر لکھی گئی کتابوں میں سب سے عظیم الشان اور مقبول کتاب یہی ہے، انہوں نے ترتیب کے ساتھ آپ کی پیدائش سے لے کر وفات تک کے احوال کو یکجا کیا ہے، بعد کے لوگوں کے لئے یہ کتاب بطورِ ماخذ شمار ہوتی ہے، سیرت پر لکھنے والا کوئی مصنف اس کتاب سے مستغنی نہیں ہوسکتا۔ یہ کتاب عمر عبد السلام السلامی کی تحقیق کے ساتھ سات جلدوں میں دار احیاء التراث العربی سے شائع ہوئی ہے، اس کتاب کا اردو ترجمہ ''شرح سیرت ابن ہشام'' کے نام سے چار جلدوں میں ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور سے شائع ہوا ہے۔

۲۷......علامہ ابن جوزی رحمہ اللہ (متوفی ۵۹۷ھ) نے ''**الوفاء بأحوال المصطفی**'' کے نام سے کتاب لکھی، اس میں اختصار کے ساتھ حضور کی سیرت کے تمام احوال اور آپ کے اوصاف وخصائص کا تذکرہ کیا ہے، اس کتاب کا اردو ترجمہ علامہ محمد اشرف سیالوی نے کیا ہے، جو حامد اینڈ کمپنی لاہور سے شائع ہوا ہے۔ علامہ ابن جوزی رحمہ اللہ نے سیرت پر ایک کتاب ''**النبي الأطهر**'' کے نام سے لکھی، اس کا اردو ترجمہ علامہ شوکت علی چشتی نے کیا ہے، جو ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور سے شائع ہوا ہے، نیز اس کتاب کا ترجمہ مفتی علیم الدین نقشبندی صاحب نے کیا ہے، جو مکتبہ مجددیہ سلطانیہ جہلم سے شائع ہوا ہے۔

علامہ ابن جوزی رحمہ اللہ نے تاریخ پر ایک مفصل کتاب ''**المنتظم فی تاریخ الأمم والملوک**'' کے نام سے لکھی، ۱۹ جلدوں پر مشتمل اس کتاب کی دوسری جلد صفحہ نمبر ۱۹۵ تا جلد نمبر ۴ صفحہ نمبر ۴۸ تک سیرت سے متعلقہ واقعات واحوال کا تذکرہ ہے۔ مصف نے ''**باب ذکر نبینا محمد صلی الله علیه وسلم**'' کے عنوان سے سیرت کا

آغاز کیا، پھر سن ہجری کی ترتیب سے تمام احوال ذکر کئے، اور آخری عنوان "**ذکر قبره صلی الله علیه وسلم**" قائم کیا ہے، یہ کتاب محمد عبد القادر عطا اور مصطفیٰ عبد القادر عطا کی تحقیق کے ساتھ دار الکتب العلمیہ سے شائع ہوئی ہے۔

۲۸......امام ابن ابی الرکب الخشنی رحمہ اللہ (متوفی ۶۰۴ھ) نے "**الإملاء المختصر فی شرح غریب السیر**" کے نام سے کتاب لکھی۔ اس کتاب میں مصنف نے علامہ ابن ہشام رحمہ اللہ کی "**السیرة النبویة**" کے غریب الفاظ کی اختصار کے ساتھ تشریح کی ہے۔ یہ کتاب ایک جلد میں دار الکتب العلمیہ سے شائع ہوئی ہے۔

۲۹......علامہ ابن اثیر جزری رحمہ اللہ (متوفی ۶۳۰ھ) نے "**الکامل فی التاریخ**" کے نام سے کتاب لکھی، اس کی پہلی جلد صفحہ نمبر ۶۰۸ سے سیرت کا آغاز کیا ہے، پہلا عنوان یہ قائم کیا ہے "**نسب رسول الله صلی الله علیه وسلم وذکر بعض أخبار آبائه وأجداده**" پھر سن ہجری کی ترتیب سے تمام احوال وواقعات کا تذکرہ کیا ہے، اور آخری عنوان یہ قائم کیا ہے "**ذکر مرضی رسول الله صلی الله علیه وسلم ووفاته**" تقریباً ۳۰۰ صفحات پر دورِ نبوت کا تذکرہ کیا ہے، یہ کتاب عمر عبد السلام تدمری کی تحقیق کے ساتھ دس جلدوں میں دار الکتاب العربی سے شائع ہوئی ہے۔

۳۰......امام ابو الربیع سلیمان بن موسی بن سالم حمیری رحمہ اللہ (متوفی ۶۳۴ھ) نے "**الاکتفاء بما تضمنه من مغازی رسول الله صلی الله علیه وسلم والثلاثة الخلفاء**" کے نام سے کتاب لکھی، اس کتاب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کے دور میں لڑی جانے والی تمام جنگوں کے تفصیل کے ساتھ احوال ذکر کئے ہیں۔ اس میں پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مغازی پھر ترتیب سے خلفاء ثلاثہ کے دورِ خلافت کے جنگی معرکوں کا ذکر ہے۔ یہ کتاب دو جلدوں میں دار الکتب العلمیہ سے شائع ہوئی ہے۔

۳۱......امام محبّ الدین طبری رحمہ اللہ (متوفی ۶۹۴ھ) نے **"خلاصة سيرة سيد البشر"** کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب ۲۴ فصلوں پر مشتمل ہے، اس میں آپ کی سیرت کے اہم احوال کو مختصر انداز میں فصول کے تحت یکجا کیا ہے، چند اہم فصلوں کے عنوانات یہ ہیں:

(۱) **الفصل الرابع فی غزواته صلی الله علیه وسلم.**

(۲) **الفصل الخامس فی حجه وعمرته صلی الله علیه وسلم.**

(۳) **الفصل الثامن فی صفاته المعنوية.**

(۴) **الفصل التاسع فی معجزاته.**

(۵) **الفصل التاسع عشر فی ذکر الرفقاء النجباء صلی الله علیه وسلم.**

یہ کتاب طلال بن جمیل الرفاعی کی تحقیق کے ساتھ ایک جلد میں مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز سے شائع ہوئی ہے۔

۳۲......علامہ ابن سید الناس رحمہ اللہ (متوفی ۷۳۴ھ) نے **"عيون الأثر في فنون المغازي والشمائل والسير"** کے نام سے کتاب لکھی، اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش، رضاعت، عبد المطلب کی کفالت، شق صدر، سفر شام، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نکاح، بعثتِ نبوی، انشقاقِ قمر، ہجرت الی الحبشہ، واقعہ معراج، ہجرت الی المدینہ، اسی طرح تمام غزوات النبی کا بھی تفصیلا تذکرہ کیا ہے۔ یہ کتاب متوسط انداز میں حضور کی سیرت، مغازی اور شمائل پر نہایت مفید کتاب ہے۔ ابراہیم محمد رمضان کی تحقیق کے ساتھ یہ کتاب دو جلدوں میں دار القلم بیروت سے شائع ہوئی ہے۔

۳۳......علامہ شمس الدین ذہبی رحمہ اللہ (متوفی ۷۴۸ھ) نے **"تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام"** کے نام سے ۵۲ جلدوں پر مشتمل ایک عظیم الشان کتاب تصنیف کی، اس کتاب کی ابتدائی دو جلدیں سیرت سے متعلق ہیں، پہلی جلد میں آپ کا نسب، اسماء، کنیت، حرب الفجار، بنیانِ کعبہ، بعثتِ رسول، سب سے پہلے ایمان لانے

والے، حضرت حمزہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کا قبولِ اسلام، شعب ابی طالب، ہجرت الی المدینہ، زہد، شجاعت، سخاوت، فصاحت، عبادت، شمائل، اخلاقِ عظیمہ اور دیگر سیرت سے متعلق امور کا نہایت تحقیق کے ساتھ تذکرہ کیا ہے، پہلی جلد تقریباً ۶۰۰ صفحات پر مشتمل ہے، دوسری جلد میں سن ہجری کی ترتیب کے ساتھ مغازی اور سرایا کا تفصیلی ذکر ہے، یہ جلد ۷۱۵ صفحات پر مشتمل ہے۔ امام ذہبی رحمہ اللہ فن حدیث اور رجال کے مسلّم امام ہیں، انہوں نے نہایت تحقیق و تدقیق سے سیرت اور مغازی کا تذکرہ کیا ہے، اہلِ علم حضرات ۷۰۰ سالہ تاریخ پر مشتمل اِس علوم و معارف کے گنجینہ کا ایک دفعہ ضرور مطالعہ کریں۔ اس مکمل تاریخ کا عموماً اور سیرت نبویہ اور عہد خلفائے راشدین کا خصوصاً تخریج و تعلیق کے ساتھ اردو میں ترجمہ کر دیا جائے تو اردو دان علمی ذوق رکھنے والے طبقے کے لئے یہ ایک گراں قدر علمی تحفہ ہوگا۔ یہ کتاب عمر عبد السلام تدمری کی تحقیق کے ساتھ ۵۲ جلدوں میں دار الکتاب العربی سے شائع ہوئی ہے۔

۳۴......علامہ ابن قیم رحمہ اللہ (متوفی ۷۵۱ھ) نے ”**زاد المعاد فی ھدی خیر العباد**“ کے نام سے کتاب لکھی، کتاب کے نام کا مفہوم یہ ہے کہ لوگوں میں بہترین انسان کی زندگی قیامت کے دن کا توشہ ہے، مصنف نے حضور کی زندگی کے ہر گوشے کا تذکرہ کیا ہے، اس میں آپ کی سیرت، شمائل، عبادات، معاشرت، معاملات، مغازی، اقضیہ، طبِ نبوی اور دیگر اہم موضوعات کا قدرے تفصیل کے ساتھ تذکرہ کیا ہے۔ استیناد کے لحاظ سے یہ کتاب دیگر کتبِ سیرت سے ممتاز ہے۔ یہ کتاب پانچ جلدوں میں مؤسسۃ الرسالۃ سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب کا اختصار محمد بن عبد الوہاب نجدی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۰۶ھ) نے ”**مختصر زاد المعاد**“ کے نام سے کیا ہے۔

اس کتاب کا اردو ترجمہ سید رئیس احمد جعفری نے کیا ہے، جو نفیس اکیڈمی کراچی سے دو جلدوں میں شائع ہوا ہے۔

۳۵......علامہ ابن جماعہ کنانی رحمہ اللہ (متوفی ۷٦۷ھ) نے ”**المختصر الکبیر فی سیرة الرسول صلی اللہ علیه وسلم**“ کے نام سے کتاب لکھی، اس کتاب میں نہایت ہی مختصر انداز میں آپ کے اسوہ حسنہ کا تذکرہ کیا گیا ہے، ۱۴۸ صفحات پر مشتمل یہ کتاب سامی مکی عانی کی تحقیق کے ساتھ دار البشیر عمان سے ایک جلد میں شائع ہوئی ہے۔

۳٦......حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ (متوفی ۷۷۴ھ) نے ”**السیرة النبویة (من البدایة والنہایة لابن کثیر)**“ کے نام سے کتاب لکھی، حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ نے تاریخ پر مفصل کتاب ”**البدایة والنہایة**“ لکھی، اس میں حضور کی سیرت کا بھی قدرے تفصیل کے ساتھ تذکرہ کیا ہے، یہ الگ سے آپ کی تصنیف نہیں ہے بلکہ یہ آپ کی تاریخ کا حصہ ہے جو الگ سے بھی مصطفیٰ عبدالواحد کی تحقیق کے ساتھ ایک جلد میں دار المعرفہ سے شائع ہوا ہے۔ حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ نے نہایت تحقیق وتدقیق کے ساتھ سیرت کے مستند مواد کو باحوالہ یکجا کیا ہے۔ ”**البدایة والنہایة**“ کا مکمل ترجمہ چھپ چکا ہے اس ضمن میں سیرت کے اس حصے کا بھی ترجمہ ہوگیا ہے۔ کتاب کا ترجمہ مولانا عامر شہزاد نے کیا ہے، جو ”تاریخ ابن کثیر“ کے نام سے سات جلدوں میں دار الاشاعت کراچی سے شائع ہوا ہے، نیز جناب کوکب شادانی صاحب نے بھی اس کتاب کا ترجمہ کیا ہے جو نفیس اکیڈمی کراچی سے آٹھ جلدوں میں شائع ہوا ہے۔ حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ کی ایک تصنیف ”**الفصول فی السیرة**“ کے نام سے ہے، اس میں اختصار کے ساتھ حضور کی سیرت، مغازی، عبادات اور آخر میں متفرق مسائل کا تذکرہ ہے، یہ کتاب ایک جلد میں مؤسسۃ علوم القرآن سے شائع ہوئی ہے۔ حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ کی تاریخ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کو یکجا کر کے الگ سے بھی ”**معجزات النبی**“ کے نام سے شائع کیا گیا ہے، یہ کتاب سید ابراہیم امین محمد کی تحقیق کے ساتھ ”**المکتبة التوقیفیة**“ سے ایک جلد میں شائع ہوئی ہے۔

۳۷......علامہ بدر الدین حلبی رحمہ اللہ (متوفی ۷۷۹ھ) نے ”**المقتفی من سیرة**

المصطفى صلى الله عليه وسلم ‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، ۲۴۴صفحات پر مشتمل اس کتاب میں اختصار کے ساتھ حضور کی سیرت اور مغازی کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ یہ کتاب مصطفیٰ محمد حسین ذہبی کی تحقیق کے ساتھ ایک جلد میں دارالحدیث قاہرہ سے شائع ہوئی ہے۔

۳۸...... امام ابوعبد اللہ جمال الدین ابن حدیدہ رحمہ اللہ (متوفی ۷۸۳ھ) نے ’’**المصباح المضي في كتاب النبي الأمي ورسله إلى ملوك الأرض من عربي وعجمي** ‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، اس کتاب میں مصنف نے ابتداء میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت نقل کی ہے۔ پھر قسم ثانی میں تفصیل کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قاصدوں اور خطوط کا تذکرہ کیا ہے، جو آپ نے بادشاہوں اور دیگر قبائل کے لوگوں کو خطوط لکھے تھے جن میں انہیں اسلام کی طرف دعوت دی تھی۔ اس کتاب کا موضوع حضور کے وہ خطوط ہیں جو اپنے دورِ نبوت میں مختلف بادشاہوں اور قبائل کو لکھے تھے، خطوط میں موجود غریب الفاظ کی وضاحت بھی کی ہے۔ حروفِ تہجی کی ترتیب سے اُن تمام لوگوں کا تذکرہ کیا ہے جن کو آپ نے خطوط لکھے تھے، آپ کے خطوط کے الفاظ بھی نقل کئے ہیں اور اُن صحابہ کا بھی تذکرہ کیا ہے جو خطوط لے جانے والے تھے۔ مصنف نے جامع انداز میں موضوع کا احاطہ کیا ہے اور نہایت محنت وجستجو کے ساتھ اصل مراجع سے باحوالہ اِن خطوط کا تذکرہ کیا ہے۔ محمد عظیم الدین کی تحقیق وتعلیق کے ساتھ یہ کتاب دو جلدوں میں عالم الکتب بیروت سے شائع ہوئی ہے۔

۳۹......علامہ ابن الملقن رحمہ اللہ (متوفی ۸۰۴ھ) نے ’’**غاية السول فى خصائص الرسول صلى الله عليه وسلم** ‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، اس کتاب میں مصنف نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات نقل کی ہیں۔ یہ کتاب عبداللہ بحرالدین کی تحقیق کے ساتھ ایک جلد میں دارالبشائر اسلامیہ سے شائع ہوئی ہے۔

۴۰......علامہ عراقی رحمہ اللہ (متوفی ۸۰۶ھ) نے ’’**ألفية السيرة النبوية** ‘‘ کے نام

سے ایک ہزار اشعار کی صورت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت نقل کی۔ آپ کی زندگی کے ہر اہم گوشے کا تذکرہ اشعار کی صورت میں کیا ہے۔ مصنف نے اسی طرح علم اصول حدیث کو بھی ایک ہزار اشعار کی صورت میں ''**ألفية العراقی المسماة التبصرة والتذكرة فی علوم الحديث**'' کے نام سے لکھا۔

اس الفیہ کی شرح علامہ سخاوی رحمہ اللہ (متوفی ۹۰۲ھ) نے ''**فتح المغيث بشرح ألفية الحديث**'' کے نام سے لکھی۔ علامہ عراقی رحمہ اللہ کی ''**ألفية السيرة النبوية**'' کی بارہ اہل علم نے شروحات لکھی ہیں، ان شروحات اور مصنفین کا ذکر اس کتاب کے مقدمے میں ص ۱۱ تا ۱۳ پر ملاحظہ فرمائیں۔ اس کتاب کی سب سے مفید اور مفصل شرح علامہ عبد الرؤف مناوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۳۱ھ) کی ''**العجالة السنية علی ألفية السيرة النبوية**'' ہے، یہ کتاب ایک جلد میں دار المنہاج سے شائع ہوئی ہے۔

۴۱......علامہ ابن خلدون رحمہ اللہ (متوفی ۸۰۸ھ) نے ''**تاريخ ابن خلدون**'' کے نام سے کتاب لکھی، اس کی دوسری جلد صفحہ نمبر ۴۰۷ سے سیرت کا آغاز ہوتا ہے، پہلا عنوان ''**المواد الكريم وبدء الوحی**'' ہے پھر ہجرت الی الحبشہ، عقبہ ثانیہ، ہجرت الی المدینہ اور غزوات کا تفصیلی ذکر کیا ہے، آخری عنوان ''**مرضه صلى الله عليه وسلم**'' کے نام سے قائم کیا، آٹھ جلدوں پر مشتمل یہ کتاب دار الفکر سے شائع ہوئی ہے۔ اس تاریخ کا اردو ترجمہ مولانا محمد اصغر مغل صاحب نے کیا ہے، جو دار الاشاعت کراچی سے ۸ جلدوں میں شائع ہوا ہے۔ نیز حکیم احمد حسین صاحب نے بھی اس تاریخ کا مکمل ترجمہ کیا ہے، جو نفیس اکیڈمی کراچی سے ۹ جلدوں میں شائع ہوا ہے۔

۴۲......علامہ تقی الدین مقریزی رحمہ اللہ (متوفی ۸۴۵ھ) نے ''**الإمتاع الأسماع بما للنبي من الأحوال والأموال والحفدة والمتاع**'' کے نام سے کتاب لکھی، اس کتاب میں نہایت تفصیل کے ساتھ حضور کی سیرت نقل کی ہے، اس میں آپ کی سیرت کے ہر

ہر گوشے کا تذکرہ کیا ہے، پہلی جلد میں آپ کی مکی زندگی، دوسری جلد میں غزوات، وفود، سرایا اور آپ کے سفر آخرت کا ذکر ہے، تیسری جلد میں آپ کی نبوت کی علامات اور فضائل کا تذکرہ ہے۔ چوتھی جلد میں آپ کے معجزات کا، پانچویں جلد میں آپ کی اولاد اور اہلِ بیت کا، بقیہ جلدوں میں آپ کے شمائل، دعوت الی اللہ، اوصافِ حمیدہ، پیشین گوئیاں اور آپ کی وہ خصوصیات جن میں کوئی شخص آپ کے ساتھ شریک نہیں ہے۔ یہ کتاب جامعیت اور استیناد کے لحاظ سے کتبِ سیرت میں ایک ممتاز مقام رکھتی ہے۔ محمد عبد الحمید النیسی کی تحقیق وتعلیق کے ساتھ یہ کتاب ۱۵ جلدوں میں دار الکتب العلمیہ سے شائع ہوئی ہے۔

۴۳...... علامہ یحییٰ بن ابی بکر بن محمد عامری رحمہ اللہ (متوفی ۸۹۳ھ) نے ”**بهجة المحافل وبغية الأماثل في تلخيص المعجزات والسير والشمائل**“ کے نام سے کتاب لکھی، اس میں مصنف نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت، شمائل، معجزات، فضائل ومناقب اور آپ کے اوصافِ حمیدہ کا تذکرہ کیا ہے، یہ کتاب تین قسموں پر مشتمل ہے:

القسم الأول فى تلخيص سيرته صلى الله عليه وسلم من مولده إلى وفاته.

القسم الثانى فى أسمائه الكريمة وخلقته الوسيمة وخصائصه الباهرة ومعجزاته العظيمة صلى الله عليه وسلم.

القسم الثالث فى شمائله وفضائله وأقواله وأفعاله وجميع أحواله صلى الله عليه وسلم.

یہ کتاب دو جلدوں میں دار صادر بیروت سے شائع ہوئی ہے۔

۴۴...... علامہ شمس الدین سخاوی رحمہ اللہ (متوفی ۹۰۲ھ) نے ”**الفخر المتوالي فيمن انتسب للنبي صلى الله عليه وسلم من الخدم والموالي**“ کے نام سے کتاب لکھی، اس میں مصنف نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خدام اور آپ کے آزاد کردہ غلام اور باندیوں کا تذکرہ کیا ہے، ۸۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب تین عنوانات پر منقسم ہے:

(۱) الخدم والموالي من الرجال.

(۲) الکنی والألقاب والمجاهیل من خدم رسول الله صلی الله علیه وسلم.

(۳) الخدم والإماء من النساء.

مشہور حسن محمود سلمان کی تحقیق کے ساتھ یہ کتاب ایک جلد میں مکتبۃ المنار اردن سے شائع ہوئی ہے۔

۴۵......علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ (متوفی ۹۱۱ھ) نے "**أنموذج اللبیب في خصائص الحبیب**" کے نام سے ایک رسالہ لکھا، یہ رسالہ دو ابواب اور آٹھ فصول پر مشتمل ہے۔ "**الباب الأول في الخصائص اللتي اختص بها عن جمیع الأنبیاء ولم یؤتها نبي قبله**" اس باب کے تحت چار فصلیں ہیں۔ "**الباب الثاني في خصائص التي بها صلی الله علیه وسلم عن أمته ومنها ما علم مشارکه الأنبیاء له فیه ومنها ما لم یعلم**" اس باب کے تحت بھی چار فصلیں ہیں۔ حضور کی خصوصیات پر مشتمل یہ رسالہ اہل علم کے لئے نہایت مفید ہے۔ یہ رسالہ وزارۃ الاعلام جدہ سے شائع ہوا ہے۔

علامہ سیوطی رحمہ اللہ نے "**الخصائص الکبری**" کے نام سے کتاب لکھی، اس کتاب میں مصنف نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک ہزار سے زائد معجزات کو جمع کیا ہے، اور ہر معجزے کی صراحت کے لئے احادیث نبوی کے عظیم الشان ذخیرے کو کھنگالا ہے اور آپ کو جتنی بھی احادیث اس سلسلے میں دستیاب ہوئی ہیں ان سب کو بلا تبصرہ راویوں کے حوالے کے ساتھ پیش کیا ہے۔

ایک ہزار اوراق پر مشتمل یہ کتاب جامعیت کے لحاظ سے تمام کتبِ معجزات پر فائق ہے، لیکن اس میں بہت سی روایات غیر مستند ہیں اس لئے تحقیق کے بعد ان کو نقل کرنا چاہئے، کاش کوئی صاحب علم اس پر تحقیق وتعلیق کے فرائض سرانجام دے تو اس کی افادیت بڑھ

جائے گی۔ یہ کتاب دو جلدوں میں دار الکتب العلمیہ سے شائع ہوئی ہے، اس کتاب کا اردو میں ترجمہ علامہ مقبول احمد صاحب نے کیا ہے، یہ ترجمہ دو جلدوں میں ضیاء القرآن پبلیکشنز لاہور سے شائع ہوا ہے۔ علامہ سیوطی رحمہ اللہ نے ایک رسالہ "**الخصائص الصغری**" کے نام سے لکھا، یہ دو ابواب پر مشتمل ہے، اور ہر باب کے تحت چار چار فصلیں ہیں، اس رسالے میں اختصار کے ساتھ آپ کے معجزات اور خصائص نبویہ کا تذکرہ ہے۔ اس کا اردو ترجمہ علامہ عبد الرسول صاحب نے کیا ہے جو ضیاء القرآن پبلیکیشنز لاہور سے شائع ہوا ہے۔

علامہ سیوطی رحمہ اللہ نے "**الجامع الصغیر**" میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شمائل تفصیلا ذکر کئے ہیں، علامہ مناوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۳۱ھ) نے "**فیض القدیر**" میں دیگر احادیث کی شرح کے ساتھ ساتھ اِن شمائل کی بھی نہایت فاضلانہ انداز میں شرح کی، امام حسن بن عبید نے تحقیق وتعلیق کے ساتھ کتاب کے صرف اس حصے کو ایک جلد میں دار طائر العلم سے شائع کیا ہے۔

۴۶...... علامہ زین الدین ملطی رحمہ اللہ (متوفی ۹۲۰ھ) نے "**غایة السول فی سیرة سید الرسول**" کے نام سے کتاب لکھی۔ ۲۶ فصلوں پر مشتمل اس کتاب میں نہایت ہی اختصار کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت نقل کی ہے، پہلی فصل آپ کے نسب سے متعلق ہے اور آخری فصل آپ کی تجہیز وتکفین سے متعلق ہے۔ دکتور محمد کمال الدین کی تحقیق کے ساتھ عالم الکتب بیروت سے یہ کتاب شائع ہوئی ہے۔

۴۷...... علامہ احمد بن محمد بن ابی بکر القسطلانی رحمہ اللہ (متوفی ۹۲۳ھ) نے "**المواھب اللدنیة بالمنح المحمدیة**" کے نام سے کتاب لکھی، مصنف نے "**المقصد الأول**" کے تحت آپ کے نسب، پیدائش، رضاعت، ہجرت، مغازی اور سرایا کا تذکرہ کیا ہے۔ "**المقصد الثاني**" کے تحت دس فصلیں قائم کی ہیں، اس میں آپ کے اسماء، اولاد،

ازواجِ مطہرات، آپ کے چچا، پھوپھیاں، رضاعی بہن بھائی، جدات، خدام، موالی، مؤذنین، خطباء، شعراء، آلاتِ حرب، حلیہ اور وفود کا تذکرہ کیا ہے۔ ''**المقصد الثالث** '' کے تحت آپ کے حسن و جمال، سخاوت، اخلاقِ کریمہ اور آپ کے لباس کا تذکرہ کیا ہے۔ ''**المقصد الرابع** '' کے تحت آپ کے معجزات اور خصوصیات کا ذکر ہے۔ ''**المقصد الخامس** '' کے تحت واقعہ معراج اور ''**المقصد السادس** '' کے تحت قرآنِ کریم کی روشنی میں حضور کے مقام و مرتبہ کا ذکر کیا ہے۔ یہ کتاب تین جلدوں میں ''**المكتبة التوقيفية القاهرة** '' سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ محمد عبدالجبار آصفی نے کیا ہے، جو محمد علی اسلامی کارخانہ کتب کراچی سے دو جلدوں میں شائع ہوا ہے۔ اس کتاب کی مفصل شرح علامہ زرقانی رحمہ اللہ (متوفی ۱۱۲۲ھ) نے ''**شرح الزرقاني على المواهب اللدنية بالمنح المحمدية**'' کے نام سے لکھی، یہ شرح ۱۲ جلدوں میں دارالکتب العلمیہ سے شائع ہوئی ہے۔

۴۸...... علامہ محمد بن عمر بن مبارک حمیری حضرمی رحمہ اللہ (متوفی ۹۳۰ھ) نے ''**حدائق الأنوار ومطالع الأسرار في سيرة النبي المختار** '' کے نام سے کتاب لکھی، آٹھ ابواب پر مشتمل اس کتاب میں اختصار کے ساتھ آپ کی سیرت کے اہم موضوعات کا تذکرہ کیا ہے، محمد غسان نصوح کی تحقیق کے ساتھ ایک جلد میں یہ کتاب دار المنہاج جدہ سے شائع ہوئی ہے۔

۴۹......علامہ محمد بن یوسف صالحی شامی رحمہ اللہ (متوفی ۹۴۲ھ) نے ''**سبل الهدى والرشاد في سيرة خير العباد** '' کے نام سے کتاب لکھی۔ مصنف رحمہ اللہ نے مقدمے میں کتاب کا تعارف ان الفاظ میں کیا ہے:

فهذا كتاب اقتضبته من أكثر من ثلاثمائة كتاب وتحريت فيه الصواب ذكرت فيه قطرات من بحار فضائل سيدنا رسول الله صلى الله

علیه وسلم من مبدأ خلقه قبل خلق سيدنا آدم، وأعلام نبوته وشمائله وسيرته وأفعاله وأحواله وتقلباته إلى أن نقله الله تعالى إلى أعلى جناته وما أعده له فيها من الإنعام والتعظيم، عليه من الله أفضل الصلاة وأزكى التسليم، ولم أذكر فيه شيئا من الأحاديث الموضوعات، وختمت كل باب بإيضاح ما أشكل فيه وبعض ما اشتمل عليه من النفائس المستجادات مع بيان غريب الألفاظ وضبط المشكلات والجمع بين الأحاديث التي قد يظن أنها من المتناقضات. (مقدمه: ص ۳)

سیرت پر لکھی گئی کتابوں میں سب سے جامع اور مفصل کتاب یہی ہے، اگر کسی کے پاس یہ اور "**السيرة الحلبية**" ہو تو اُسے دیگر کتبِ سیرت کی فی الجملہ ضرورت نہیں رہتی، کتبِ سیرت میں اس کتاب کی نظیر نہیں ملتی۔ کاش اس کتاب کا اردو زبان میں ترجمہ تحقیق وتعلیق کے ساتھ کیا جائے تو یہ اہل علم اور عوام دونوں کے لئے ایک گراں قدر علمی تحفہ ہوگا۔ شیخ عادل احمد عبد الموجود اور شیخ علی محمد معوض کی تحقیق کے ساتھ یہ کتاب ۱۲ جلدوں میں دار الکتب العلمیہ سے شائع ہوئی ہے۔

۵۰...... علامہ شمس الدین محمد بن علی المعروف ابن طولون رحمہ اللہ (متوفی ۹۵۳ھ) نے "**إعلام السائلين عن كتب سيد المرسلين**" کے نام سے کتاب لکھی، اس کتاب میں مصنف نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان ۲۶ خطوط کا تذکرہ کیا ہے جو آپ نے دورِ نبوت میں مختلف بادشاہوں اور قبائل کے عمائدین کی طرف لکھے، مصنف نے مکمل سند کے ساتھ ہر خط کا تذکرہ کیا ہے اور آپ کے الفاظ بھی نقل کئے ہیں۔ عبد القادر الارناؤوط کی تحقیق کے ساتھ یہ کتاب ایک جلد میں مؤسسۃ الرسالۃ سے شائع ہوئی ہے۔

۵۱...... علامہ حسین بن محمد بن حسن دیار بکری رحمہ اللہ (متوفی ۹۶۶ھ) نے "**تاريخ الخميس في أحوال أنفس النفيس**" کے نام سے کتاب لکھی، مصنف نے مقدمہ

میں تفصیل کے ساتھ ان تمام کتابوں کا تذکرہ کیا ہے جن سے دورانِ تالیف استفادہ کیا۔ یہ کتاب ایک مقدمہ، تین ارکان اور خاتمہ پر مشتمل ہے، اس میں اختصار کے ساتھ آپ کی سیرت کے تمام اہم احوال کا تذکرہ ہے، خاتمہ میں خلفائے راشدین، خلفائے بنوامیہ، خلفائے عباسیین اور خلفائے فاطمیین کا تذکرہ کیا ہے، یہ کتاب دو جلدوں میں دار صادر بیروت سے شائع ہوئی ہے۔

۵۲......ملا علی قاری رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۱۴ھ) نے ’’**جمع الوسائل فی شرح الشمائل**‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب امام ترمذی رحمہ اللہ (متوفی ۲۷۹ھ) کی ’’**الشمائل النبوية**‘‘ کی شرح ہے، مصطفیٰ البابی حلبی سے دو جلدوں میں شائع ہوئی ہے، نیز ملا علی قاری رحمہ اللہ نے قاضی عیاض مالکی رحمہ اللہ (متوفی ۵۴۴ھ) کی ’’**الشفاء بتعريف حقوق المصطفى**‘‘ کی ’’**شرح الشفاء**‘‘ کے نام سے دو جلدوں میں شرح لکھی جو دار الکتب العلمیہ سے شائع ہوئی ہے۔

۵۳......علامہ علی بن ابراہیم بن احمد حلبی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۴۴ھ) نے ’’**إنسان العيون فی سيرة النبي الأمين المأمون**‘‘ المعروف سیرت حلبیہ کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب علامہ ابن سید الناس رحمہ اللہ (متوفی ۷۳۴ھ) کی ’’**عيون الأثر**‘‘ اور علامہ محمد بن یوسف صالحی رحمہ اللہ (متوفی ۹۴۲ھ) کی ’’**سبل الهدى والرشاد**‘‘ سے ماخوذ ہے، اس کتاب میں حسن ترتیب کے ساتھ ولادت سے لے کر وفات تک آپ کے مکمل اسوہ حسنہ کا ذکر ہے، یہ کتاب تین جلدوں میں دار الکتب العلمیہ سے شائع ہوئی ہے، اس کا اردو ترجمہ مولانا محمد اسلم قاسمی رحمہ اللہ نے کیا ہے، جو دار الاشاعت سے چھ ضخیم جلدوں سے شائع ہوا ہے۔

۵۴......علامہ محمد بن عبد الوہاب نجدی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۰۶ھ) نے ’’**مختصر زاد المعاد**‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب علامہ ابن قیم رحمہ اللہ (متوفی ۷۵۱ھ) کی ’’**زاد**

المعاد ” کا اختصار ہے، جو دار الریان للتراث قاہرہ سے شائع ہوئی ہے۔ نیز مصنف نے “**مختصر سیرة الرسول** ” کے نام سے بھی ایک کتاب لکھی، جس میں اختصار کے ساتھ آپ کے اسوہ حسنہ کا تذکرہ کیا ہے، پھر سن ۱۲ھ سے لے کر سن ۶۰ھ تک کے مختصر احوال وواقعات بھی ذکر کئے ہیں، یہ کتاب ایک جلد میں وزاۃ الشؤون الاسلامیہ سعودیہ سے شائع ہوئی ہے۔

۵۵......علامہ شیخ محمد خضری رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۴۵ھ) نے “**نور الیقین فی سیرة سید المرسلین**” کے نام سے کتاب لکھی، مصنف نے “**الشفاء، إحیاء علوم الدین، السیرة الحلبیة، المواهب اللدنیة** ” سے استفادہ کیا ہے۔ مصنف نے یکم ہجری سے لے کر سن ۱۱ھ تک کے احوال ذکر کئے ہیں، ہر سن ہجری میں پیش آنے والے واقعات کا ذکر کیا ہے، اور آخر میں شمائل اور معجزات کا اختصار سے ذکر کیا ہے، ۲۸۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب ایک جلد دار الفیحاء دمشق سے شائع ہوئی ہے۔

۵۶......علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۵۰ھ) نے “**وسائل الوصول إلی شمائل الرسول** ” کے نام سے کتاب لکھی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شمائل پر لکھی گئی کتابوں میں یہ سب سے جامع کتاب ہے، مصنف نے ۱۳ کتابوں سے استفادہ کرکے یہ کتاب تالیف کی، ان کتابوں کے اسماء مقدمے میں موجود ہیں، یہ کتاب آٹھ ابواب پر مشتمل ہے:

الباب الأول فی نسب رسول الله صلی الله علیه وسلم وأسمائه الشریفة.

الباب الثانی فی صفة خلقة رسول الله صلی الله علیه وسلم.

الباب الثالث فی صفة لباس رسول الله صلی الله علیه وسلم وفراشه وسلاحه.

الباب الرابع فی صفة أکل رسول الله صلی الله علیه وسلم وشربه ونومه.

الباب الخامس فی صفة خلق رسول الله صلی الله علیه وسلم.

الباب السادس فی صفة عبادة رسول الله صلی الله علیه وسلم وصلاته وصومه وقراءته.

الباب السابع فی أخبار شتی من أحوال رسول الله صلی الله علیه وسلم.

الباب الثامن فی طبه صلی الله علیه وسلم وسننه ووفاته ورؤیته فی المنام.

یہ کتاب ایک جلد میں دار المنہاج جدہ سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ پروفیسر سید محمد ریاض حسین نے کیا ہے جو نوری کتب خانہ لاہور سے شائع ہوا ہے۔ نیز مصنف نے سیرت پر اس کے علاوہ بھی مندرجہ ذیل کتابیں تصنیف کی ہیں:

(۱) جواهر البحار فی فضائل النبي المختار.

(۲) المجموعة النبهانية فی المدائح النبوية.

(۳) أفضل الصلوات علی سيد السادات.

(۴) حجة الله العالمين فی معجزات سيد العالمين.

(۵) السابقات الجياد فی مدح سيد العباد.

(۶) نجوم المهتدين.

(۷) الفضائل المحمدية.

(۸) الأنوار المحمدية (یہ "**المواهب اللدنية**" کا اختصار ہے)

۵۷...... علامہ سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۷۳ھ) نے اردو زبان میں سیرت النبی سے متعلق آٹھ بیانات کیے جو "خطباتِ مدارس" کے نام سے مطبوعہ ہیں، انہی بیانات کا علامہ محمد ناظم ندوی رحمہ اللہ نے عربی زبان میں ترجمہ کیا جو "**الرسالة المحمدية**" کے نام سے ایک جلد میں دار ابن کثیر دمشق سے شائع ہوا، نیز مصنف رحمہ اللہ نے اپنے استاذ علامہ شبلی نعمانی رحمہ اللہ کی معروف کتاب "سیرت النبی" کا تکملہ بھی لکھا ہے۔

۵۸......محمد حسین ہیکل (متوفی ۱۳۷۶ھ) نے "**حياة محمد صلی الله علیه وسلم**"

کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب ۱۳۱ فصلوں پر مشتمل ہے، اس میں اختصار کے ساتھ آپ کی سیرت کے اہم واقعات، احوال، مغازی اور سرایا کا تذکرہ ہے، اس کتاب کا اردو ترجمہ ابویحیی امام خان نے کیا ہے، جو ادارہ ثقافتِ اسلامیہ لاہور سے شائع ہوا ہے۔

۵۹...... امام محمد بن احمد بن مصطفیٰ المعروف ابوزہرہ رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۹۴ھ) نے ''**خاتم النبيين صلى الله عليه وسلم**'' کے نام سے کتاب لکھی، تین جلدوں پر مشتمل اس کتاب میں آپ کی ختم نبوت، کتبِ سابقہ میں آپ کی بشارت، اوصافِ حمیدہ، اسوہ رسول، مغازی اور سرایا کا تذکرہ کیا ہے، یہ کتاب دار الفکر العربی سے شائع ہوئی ہے۔

۶۰...... علامہ حسن بن محمد المشاط مالکی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۹۹ھ) نے ''**إنارة الدجى في مغازي خير الورى صلى الله عليه وسلم**'' کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب امام احمد بن محمد البدوی شنقیطی رحمہ اللہ کے رسالے ''**منظومة المغازی**'' کی شرح ہے، اس کتاب میں مصنف نے نہایت تفصیل کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کا تذکرہ کیا ہے، جو غزوہ جہاں پیش آیا ہے اس کے محلِ وقوع اور غزوہ کی تفصیلات بھی ذکر کی ہیں، ترتیب کے ساتھ آپ کے غزوات کا تذکرہ کیا ہے، مصنف کی تحقیق کے مطابق آپ کے غزوات کی تعداد تیس (۳۰) ہے، تیسویں نمبر پر غزوہ تبوک کا ذکر کیا ہے، یہ کتاب ایک جلد میں دار المنہاج جدہ سے شائع ہوئی ہے۔

۶۱...... محمد بن محمد ابوشہبہ رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۰۳ھ) نے ''**السيرة النبوية على ضوء القرآن والسنة**'' کے نام سے کتاب لکھی، مصنف نے قرآن وسنت کی روشنی میں حضور کی سیرت بیان کی ہے، یکم ہجری سے لے کر سن گیارہ ہجری تک ترتیب کے ساتھ ہر سال میں پیش آنے والے واقعات، غزوات اور سرایا کا تذکرہ کیا ہے، یہ کتاب دو جلدوں میں دار القلم دمشق سے شائع ہوئی ہے۔

۶۲...... علامہ عبد اللہ بن سعید بن محمد حضرمی مراوعی رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۱۰ھ) نے

’’**منتهى السؤل على وسائل الوصول إلى شمائل الرسول صلى الله عليه وسلم**‘‘ کے نام سے کتاب لکھی۔ شمائل پر لکھی گئی کتابوں میں علامہ نبہانی رحمہ اللہ کی ’’**وسائل الوصول**‘‘ سب سے جامع کتاب ہے، اس لئے مصنف نے اس کتاب کا انتخاب کر کے نہایت مفصل انداز میں اس کتاب کی توضیح وتشریح کی ہے، نیز اس میں ۳۱۳ جوامع الکلم روایات کی توضیح بھی نقل کی ہے۔ یہ روایات حروف تہجی کی ترتیب پر ہیں، اگر کوئی صاحب علم ان روایات کا اردو میں ترجمہ کر کے مختصر تشریح اور تحقیق وتخریج کے ساتھ اِسے شائع کرے تو یہ ایک مفید کاوش ہوگی، لیکن روایات کی تحقیق میں جانفشانی سے کام لے اس لئے کہ اس میں بہت سی روایات غیر مستند ہیں۔ جوامع الکلم پر اردو زبان میں کوئی مستند اور جامع کتاب موجود نہیں ہے، عربی زبان میں اس پر مفید کتاب علامہ ابن رجب حنبلی رحمہ اللہ (متوفی ۷۹۵ھ) کی ’’**جامع العلوم والحكم فى شرح خمسين حديثا من جوامع الكلم**‘‘ ہے، جس میں ۵۰ جوامع الکلم احادیث تشریح وتوضیح کے ساتھ موجود ہیں۔

۶۳ ......علامہ محمد طیب نجار رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۱۱ھ) نے ’’**القول المبين فى سيرة سيد المرسلين**‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب ۹ فصلوں پر مشتمل ہے جس میں آپ کی ولادت باسعادت، نبوت سے قبل اور بعد کی زندگی، دعوتِ اسلام کا آغاز، ہجرت، غزوات اور سرایا، حجۃ الوداع، ازواج، اولاد اور بنات کا تذکرہ، آخر میں آپ کے معجزات اور شمائل کا ذکر ہے۔ یہ کتاب ایک جلد میں ’’**دار الندوة الجديدة بيروت**‘‘ سے شائع ہوئی ہے۔

۶۴ ......علامہ محمد الغزالی السقار رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۱۶ھ) نے ’’**فقه السيرة**‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب علامہ ناصر الدین البانی رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۲۰ھ) کی تخریج احادیث کے ساتھ ایک جلد میں دار القلم سے شائع ہوئی ہے۔

۶۵ ......علامہ ناصر الدین البانی رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۲۰ھ) نے ’’**صحيح السيرة**

النبویة ‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، ۲۳۴ صفحات پر مشتمل اس کتاب میں صحیح احادیث کی روشنی میں آپ کی سیرت اور اسوہ حسنہ کا تذکرہ کیا گیا ہے، یہ کتاب ’’**المکتب الإسلامی الأردن**‘‘ سے شائع ہوئی ہے۔

٦٦ ......علامہ ابوالحسن ندوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۲۰ھ) نے ’’**السیرة النبویة**‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، اس کتاب میں کل سات فصلیں ہیں:

الفصل الأول: مدخل إلی السیرة النبویة.

الفصل الثانی: من الولادة الکریمة إلی البعثة العظیمة.

الفصل الثالث: العهد المکی من البعثة إلی الهجرة.

الفصل الرابع: الهجرة إلی المدینة.

الفصل الخامس: العهد المدنی.

الفصل السادس: الأخلاق والشمائل.

الفصل السابع: فضل البعثة المحمدیة علی الإنسانیة ومنحها العالمیة الخالدة.

آخر میں ’’**جداول الغزوات والسرایا والأحداث المتعلقة بالسیرة النبویة**‘‘ کے عنوان کے تحت آپ کے غزوات اور سرایا کا ترتیب کے ساتھ تذکرہ کیا ہے۔ یہ کتاب ایک جلد میں دار ابن کثیر دمشق سے شائع ہوئی ہے۔

٦٧ ......علامہ عبدالکریم بن محمد بن فاتح رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۲٦ھ) نے ’’**القصیدة الوردیة فی سیرة خیر البریة**‘‘ کے نام سے رسالہ لکھا۔ ۴۰ صفحات پر مشتمل اس رسالے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت، شقِ صدر، سفر الی الشام، نزول وحی، واقعہ معراج، ہجرت، بنائے مسجد، مشروعیت جہاد کا تذکرہ نظم کی صورت میں کیا گیا ہے۔ یہ قصیدہ ’’**دار الحریة بغداد**‘‘ سے شائع ہوا ہے۔

٦٨ ......علامہ صفی الرحمٰن مبارک پوری رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۲۷ھ) نے ’’**الرحیق**

المختوم ‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، مصنف نے نہایت جامع انداز میں حضور کی سیرت ذکر کی ہے، پیدائش سے لے کر وفات تک تمام احوال وواقعات نہایت حسنِ ترتیب کے ساتھ یکجا کئے ہیں۔ مصنف کا یہ ایک قابلِ قدر کارنامہ ہے جسے موصوف نے رابطہ عالم اسلامی کے منعقد کردہ مقابلہ سیرت نویسی ۱۳۹۶ھ کی دعوتِ عام پر لبیک کہتے ہوئے انجام دیا اور پہلے انعام سے سرفراز ہوئے۔ عربی، اردو، انگریزی اور دیگر زبانوں میں لکھے گئے ۱۸۳ مقالات میں یہ مقالہ سب سے پہلے نمبر پر آیا، جس پر موصوف کو پچاس ہزار سعودی ریال انعام میں ملے، پھر مصنف نے خود اس کتاب کا اردو زبان میں ترجمہ کیا، ۶۵۶ صفحات پر مشتمل یہ ترجمہ المکتبۃ السّلفیہ لاہور سے شائع ہوا ہے۔

۶۹ ...... شیخ احمد غلوشی مدظلہ نے ’’**السیرۃ النبویۃ والدعوۃ فی العھد المکی**‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب چار فصلوں پر مشتمل ہے:

الفصل الأول: الواقع العالمی قبیل مجیء الإسلام.

الفصل الثانی: السیرۃ النبویۃ.

الفصل الثالث: حرکۃ النبي صلی اللہ علیہ وسلم بالدعوۃ إلی اللہ تعالی فی مکۃ.

الفصل الرابع: رکائز الدعوۃ المستفادۃ من المرحلۃ المکیۃ.

یہ کتاب ایک جلد میں مؤسسۃ الرسالۃ سے شائع ہوئی ہے۔ نیز مصنف نے ایک کتاب ’’**السیرۃ النبویۃ فی العھد المدنی**‘‘ کے نام سے لکھی ہے، یہ کتاب تین فصلوں پر مشتمل ہے:

الفصل الأول: السیرۃ النبویۃ من الھجرۃ حتی وفاتہ صلی اللہ علیہ وسلم.

الفصل الثانی: حرکۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم بالدعوۃ فی المدینۃ المنورۃ.

الفصل الثالث: رکائز الدعوة المستفادة من المرحلة الثانية.

یہ کتاب بھی ایک جلد میں مؤسسۃ الرسالۃ سے شائع ہوئی ہے۔

۷۰......شیخ اکرم بن ضیاء العمری مدظلہ نے ’’**مرويات السيرة النبوية بين قواعد المحدثين وروايات الأخباريين**‘‘ کے نام سے ۵۷ صفحات پر مشتمل ایک نہایت علمی وتحقیقی رسالہ لکھا ہے، جو ’’**مجمع الملک فهد**‘‘ مدینہ منورہ سے شائع ہوا ہے۔

۷۱......شیخ سامی عامری مدظلہ نے ’’**محمد صلی اللہ علیہ وسلم فی الکتب المقدسة**‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، جس میں سابقہ کتب کے حوالے سے آپ کی بشارتوں کا تذکرہ کیا ہے، خصوصًا انجیل کے حوالے سے، یہ کتاب ایک جلد میں ’’**مرکز التنوير الإسلامي**‘‘ قاہرہ سے شائع ہوئی ہے۔

۷۲......شیخ عبدالمحسن بن حمد البدر مدظلہ نے ’’**من أخلاق الرسول الکریم صلی اللہ علیہ وسلم**‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، اس میں قرآن وسنت اور اقوالِ صحابہ کی روشنی میں آپ کے اخلاقِ کریمانہ کا تذکرہ کیا ہے، ۹۶ صفحات پر مشتمل یہ رسالہ دار ابن خزیمہ سے شائع ہوا ہے۔

۷۳......شیخ عماد الدین خلیل مدظلہ نے ’’**المستشرقون والسيرة النبوية**‘‘ کے نام سے کتاب لکھی، ۱۲۷ صفحات پر مشتمل یہ رسالہ دار ابن کثیر دمشق سے شائع ہوا ہے۔

برصغیر میں سیرت نگاری کی ابتداء

برصغیر پاک وہند میں سیرت نگاری کے ارتقا پر نظر دوڑائیں تو اس کا آغاز دوسری صدی ہجری میں دکھائی دیتا ہے، ابو معشر نجیح بن عبد الرحمٰن سندھی مدنی رحمہ اللہ (متوفی ۱۷۰ھ) نے ’’مغازی‘‘ کے نام سے سیرت پر ایک کتاب لکھی۔

(الفهرست: الفن الأول، ص ۱۲۱، ۱۲۲ / هدية العارفين: باب النون، ج۲ ص ۴۸۹)

ابو جعفر محمد بن ابراہیم دیبلی رحمہ اللہ (متوفی ۳۲۲ھ) نے عمرو بن حزم سے مروی نبی

کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ۲۵ مکاتیب جمع کئے تھے۔ علامہ شمس الدین محمد بن علی بن طولون رحمہ اللہ (متوفی ۹۵۳ھ) نے جب "**إعلام السالكين عن كتب سيد المرسلين**" مرتب کی تو اس کے اواخر میں ابوجعفر دیبلی کا "**جزو مكاتيب النبی**" درج کیا۔ ڈاکٹر محمد عبد الشہید نعمانی نے اس کا ترجمہ "فرامینِ نبویؐ" کے نام سے کیا ہے۔ علی بن حسان متقی (متوفی ۹۷۸ھ) نے "**شمائل النبی**" کے نام سے رسالہ لکھا۔ عبداللہ سلطان پوری (متوفی ۹۹۰ھ) نے "**شرح شمائل النبی**" اور "**عصمة الأنبياء**" کے نام سے دو کتابیں لکھیں۔ شیخ عیسی جند اللہ برہان پوری (متوفی ۱۰۳۱ھ) نے قصیدہ بردہ کی شرح فارسی زبان میں لکھی۔ مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۳۴ھ) نے منصبِ نبوت اور معجزات پر "اثباتِ نبوت" کے نام سے رسالہ لکھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل، معجزات، اخلاق واوصاف پر "رسالہ تہلیلیہ" لکھا۔ شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۵۲ھ) نے "**مدارج النبوة**" کے نام سے فارسی زبان میں سیرت پر مفصل کتاب لکھی۔ شیخ کے صاحبزادے نور الحق دہلوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۷۳ھ) نے "**شرح شمائل النبی**" کے نام سے کتاب لکھی۔ خواجہ معین الدین کاشمیری رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۸۵ھ) نے "خصائص مصطفیٰ" کے نام سے کتاب لکھی۔

برصغیر میں اردو سیرت نگاری کا آغاز میلاد ناموں کے عنوان سے ہوا ہے، اس کے لئے تولد نامے، مولود نامے، پیدائش نامے، ولادت نامے، پیغمبر نامے کی اصطلاحات بھی استعمال ہوئی ہیں، اس نوع سے ملتی جلتی چند دوسری اصطلاحات کے حوالے سے بھی کچھ کتابچے نظم ونثر میں لکھے گئے، جن کے لئے معراج نامے، نور نامے، شمائل نامے، مبشرات نامے، ارشاد نامے، وفات نامے، درد نامے، حلیہ نامے اور معجزاتِ رسول کی اصطلاحات استعمال ہوئی ہیں۔

اردو زبان میں سیرت پر لکھی گئی کتابوں کے تاریخی اور تنقیدی جائزے کے لئے محترم ڈاکٹر انور محمود خالد کے پی ایچ ڈی کا مقالہ "اردو نثر میں سیرتِ رسول" کا مطالعہ کریں۔

سیرت پر مطبوعہ فارسی کتب

۱ ...... مدارج النبوۃ

یہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۵۲ھ) کی تصنیف ہے، حضرت شیخ رحمہ اللہ نے سیرت پر یہ جامع اور مفصل کتاب فارسی زبان میں تالیف کی، کتاب کے مقدمے میں فرماتے ہیں کہ یہ کتاب پانچ قسموں پر مشتمل ہے:

قسم اول...... ''حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل وکمالات کا بیان'' اس میں آپ کی حسن خلقت، جمالِ صورت، اخلاقِ عظیمہ، صفاتِ کریمہ، وہ فضل وشرف جو آیاتِ قرآنیہ اور احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے، گذشتہ کتابوں میں آپ کا تذکرہ، معجزات، اسماء، فضائل وکمالات، امت پر آپ کے حقوق، عبادات وغیرہ۔

قسم دوم...... آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب، رضاعت، عبدالمطلب کی کفالت، شام کا سفر، حضرت خدیجہ سے نکاح، ابتدائے وحی، ہجرتِ حبشہ، وغیرہ۔

قسم ثالث...... ابتدائے ہجرت سے مرض وفات تک پیش آنے والے واقعات کا تفصیلی تذکرہ۔

قسم چہارم...... حدوث وامتدادِ مرض اور واقعات کا بیان جو ایام مرض اور روزِ وفات وقوع پذیر ہوئے، اس میں غسل، تجہیز وتکفین، اور حیات انبیاء علیہم السلام کا ذکر ہے۔

قسم پنجم...... آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد، ازواجِ مطہرات، اہلِ بیت، آپ کے چچا، پھوپھیاں، اجداد، خدام، امراء، عمال، خطباء، شعراء، مؤذنین اور جنگی ساز وسامان کا تذکرہ ہے۔

حضرت شیخ رحمہ اللہ نے حضور کی زندگی کے تقریباً ہر ہر گوشے کا تذکرہ کیا ہے، اس میں ولادت سے وفات تک پیش آنے والے تمام احوال وواقعات کا تذکرہ ہے۔ جامعیت کے لحاظ سے کتب سیرت میں یہ ایک ممتاز کتاب ہے، لیکن اس میں غیر مستند اور موضوع روایات بھی کثرت کے ساتھ پائی جاتی ہیں، اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ اس کے

مستند حصے کو تخریج و تحقیق کے ساتھ شائع کیا جائے۔ اصل فارسی نسخہ ۵۶۱ صفحات پر مشتمل ہے جو مطبع منشی نول کشور کانپور سے شائع ہوا ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ مفتی غلام معین الدین نعیمی نے کیا ہے۔ ۱۳۲۷ صفحات پر مشتمل یہ ترجمہ ۲ جلدوں میں ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور سے شائع ہوا ہے۔

۲ ...... معارج النبوۃ فی مدارج الفتوۃ

یہ ملا معین کاشفی کی تصنیف ہے، یہ کتاب فارسی زبان میں ہے، تقریباً ۸۰۰ صفحات پر مشتمل اس کتاب میں ترتیب سے حضور کی سیرت کا تذکرہ ہے، کتاب کے ۱۵۳ صفحات حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضور تک آنے والے معروف و مشہور انبیاء علیہم السلام کے تذکرے پر مشتمل ہیں، کتاب کا ایک معتد بہ حصہ غزوات اور سرایا پر مشتمل ہے، اور آخر میں تفصیل سے معجزات کا ذکر کیا ہے، یہ کتاب مطبع کریمی بمبئی سے شائع ہوئی ہے۔

۳...... روضة الأحباب فی سیر النبی والآل والأصحاب

یہ سید جمال حسینی کی تصنیف ہے، یہ کتاب فارسی زبان میں تقریبًا ۱۱۰۰ صفحات پر مشتمل ہے، دو جلدوں پر مشتمل اس کتاب کی پہلی جلد سیرتِ طیبہ اور دوسری جلد خلفائے راشدین، اہلِ بیت اور صحابہ کے تذکرے پر مشتمل ہے۔ پہلی جلد میں ترتیب کے ساتھ حضور کی ولادت با سعادت سے لے کر وفات تک کے واقعات کو یکجا کیا ہے، غزوات اور سرایا کو بھی قدرے تفصیل سے ذکر کیا ہے، اور آخر میں آپ کے شمائل، اوصاف، خصائص، اخلاقِ عظیمہ اور عبادات کا تذکرہ کیا ہے، جب کہ دوسری جلد میں خلفائے راشدین اور ان کے ادوار میں پیش آنے والے واقعات کا تذکرہ ہے، یہ کتاب مطبع منشی امین آباد سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب کے سیرت کے حصے کا اردو ترجمہ حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب رحمہ اللہ نے کیا ہے، یہ ترجمہ ''رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم'' کے نام سے ۳۶۴ صفحات پر شہزاد پبلشرز جان محمد روڈ لاہور سے شائع ہوا ہے۔

بہتر (۷۲) اردو کتبِ سیرت کا اجمالی تعارف

اکیسویں صدی عیسوی کے اس دور میں یہ دعویٰ کرنا ہرگز مبالغہ آرائی پر مبنی نہ ہوگا کہ دنیا کی تمام زندہ زبانوں میں نبی آخر الزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ پر مختصر، متوسط اور مفصل ضخامت کی اتنی کتابیں لکھی جا چکی ہیں کہ ان کا شمار ممکن نہیں ہے۔

اور یہ کہنا مبالغہ سے خالی ہوگا کہ عربی زبان کے بعد جو خود صاحب سیرت کی زبان ہے، سیرت کے حوالہ سے سب سے زیادہ لٹریچر اردو زبان میں ہے۔ جب کہ اردو زبان کی تاریخ دو سو سال سے زیادہ پر محیط نہیں ہے، لیکن حیرت ہوتی ہے کہ برصغیر پاک و ہند کے اہل علم نے دو صدیوں میں چودہ صدیوں کا سفر طے کیا، یہ بات بلاشبہ اردو زبان کیلئے باعث فخر و سعادت ہے۔

ذیل میں اختصار کے ساتھ بہتر (۷۲) اردو کتب سیرت کا تعارف پیش کیا جا رہا ہے:

۱......تواریخ حبیب الٰہ

یہ مفتی عنایت احمد کاکوروی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۷۹ھ) کی سیرۃ النبی پر معروف کتاب ہے۔ اس کتاب کا زمانہ تالیف ۱۲۷۵ھ ہے۔ برصغیر کی تاریخ کے حوالے سے یہ زمانہ مسلمانوں کے لئے اور بالخصوص مسلمان علماء کے لئے آزمائشوں کا دور تھا، خود اس کتاب کے مصنف قید اور جلاوطنی کی زندگی گزارنے پر مجبور تھے، ان کو نہ تو کوئی لائبریری میسر تھی اور نہ ہی کوئی کتاب، کوئی ایسا ذریعہ بھی موجود نہیں تھا جس کی بنیاد پر کوئی کتاب لکھی جا سکے۔ مگر انہوں نے اپنی قوت حافظہ کے بل بوتے پر یہ سیرت کی کتاب تحریر کی۔

کتابوں اور ضروری مواد کی دستیابی کے بغیر محض حافظے کی مدد سے ۱۷۶ صفحات کی کتاب لکھ دینا باعث فخر و تحسین ہے۔

۲......الخطبات الاحمدیہ

سر سید احمد خاں (متوفی ۱۸۹۸ء) اس کتاب کا پورا نام ''**الخطبات الأحمدية على**

العرب والسیرۃ المحمدیۃ ‘‘ ہے۔

’’**الخطبات الأحمدیۃ**‘‘ ایک دیباچہ اور بارہ مندرجہ ذیل خطبات پر مشتمل ہے:

۱ ...... **الخطبۃ الأولی فی جغرافیۃ جزیرۃ العرب وأمم العرب العاربۃ والمستعربۃ** (یعنی ملک عرب کا جغرافیہ اور اس کی قوموں کا حال)

۲ ...... **الخطبۃ الثانیۃ فی مراسم العرب وعاداتھم قبل الإسلام** (یعنی اسلام سے قبل عربوں کی رسمیں اور ان کی عادتیں)

۳...... **الخطبۃ الثالثۃ فی الأدیان المختلفۃ التی کانت فی العرب قبل الإسلام** (یعنی اسلام سے پہلے عرب کی مختلف مذاہب اور ادیان کا ذکر)۔

۴...... **الخطبۃ الرابعۃ فی أن الإسلام رحمتہ للإنسان وجنتہ لأدیان الأنبیاء باوضح البرھان** (یعنی اسلام انسان کے لئے رحمت ہے اور تمام انبیاء کے مذاہب کی پشت پناہ)

۵...... **الخطبۃ الخامسۃ فی حالات کتب المسلمین** (یعنی مسلمانوں کی مذہبی کتابوں کی حقیقت اور ان کے رواج کی ابتداء)

۶ ...... **الخطبۃ السادسۃ فی الروایات فی الإسلام** (یعنی مذہب اسلام کی روایتوں کی حقیقت اور ان کے رواج کی ابتداء)

۷...... **الخطبۃ السابعۃ فی القرآن وھو الھدی والفرقان** (یعنی قرآن کریم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کس طرح نازل ہوا)

۸...... **الخطبۃ الثامنۃ أحوال بیت اللہ الحرام والسوانح التی مضت فیھا قبل الإسلام** (یعنی خانہ کعبہ اور اس کے گذشتہ حالات اسلام سے قبل)

۹ ...... **الخطبۃ التاسعۃ حسبہ ونسبہ علیہ الصلاۃ والسلام** (یعنی رسول اللہ کے نسب نامہ کے بیان میں)

۱۰ ...... الخطبة العاشرة فی البشارة المذکورة فی التوراة والإنجیل
(یعنی رسول اللہ کی بشارات کے بیان میں جو تورات اور انجیل میں مذکور ہیں)

۱۱ ...... الخطبة الحادی عشر فی حقیقة شق الصدر وماهیة المعراج
(یعنی شق صدر کی حقیقت اور معراج کی ماہیت کے بیان میں)

سر سید احمد خان شق صدر کے بجائے شرح صدر کے قائل ہیں اور واقعہ معراج کو صرف قرآن کے حوالے سے مانتے ہیں، رہا احادیث میں معراج کا ذکر تو وہ اِسے محض رویا قرار دیتے ہیں، اور اس سلسلے کی تمام روایات کو متعارض ومتناقض سمجھ کر نا قابلِ اعتبار سمجھتے ہیں۔ جمہور اہل علم کے نزدیک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا شق صدر صحیح اور مستند احادیث سے ثابت ہے۔ اسی طرح واقعہ معراج جسمانی، بیداری کی حالت میں صحیح اور مستند احادیث سے ثابت ہے۔ سر سید کے بہت سے نظریات قرآن وحدیث اور جمہور اہلِ علم سے متصادم ہیں، یہ ''تفسیر القرآن'' میں بہت سی آیات میں تحریف کے مرتکب ہوئے ہیں، ان کے نظریات وعقائد اور تحریفات جاننے کے لئے ''برصغیر میں قرآن فہمی کا تنقیدی جائزہ'' (مصنف ڈاکٹر محمد حبیب اللہ چترالی مدظلہٗ) کے صفحہ ۶۳۷ تا ۶۸۶ کا مطالعہ کریں۔

۱۲ ...... الخطبة الثانی عشر فی ولادة وطفولیته علیه الصلوٰة والسلام
(یعنی رسول اللہ کی پیدائش اور بچپن کے حالات ۔ ۱۲ برس کی عمر تک)

۳...... رحمۃ للعالمین

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۴۸ھ) کی تصنیف رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کا تعلق بیسویں صدی کی ربع اول سے ہے۔

قاضی صاحب کے عشقِ رسول کا مظہر اور علم وتحقیق کا اصل سر چشمہ ان کی تصنیف رحمۃ للعالمین ہے۔ اردو زبان میں سیرت پر لکھی گئی کتابوں میں یہ ایک جامع اور مفصل کتاب ہے، اور استیناد کے لحاظ سے بھی دیگر کتبِ سیرت سے ممتاز ہے۔

کتاب کی پہلی جلد ایک مقدمہ اور پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ جب کہ دوسری جلد آٹھ ابواب پر مشتمل ہے، اور تیسری جلد تین ابواب پر مشتمل ہے۔ مقدمہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مورث اعلیٰ حضرت ابراہیم کے حالات سے آغاز کر کے آپ کے اجداد کا مختصر تذکرہ کیا گیا ہے۔ پھر عہد جاہلیت کے عرب کا نقشہ کھینچنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین کی برکات اور سیرت نبوی کی خصوصیات گنوائی گئی ہیں۔ پھر انبیاء کی صفات سے آپ کی صفات کا موازنہ کر کے آپ کی شانِ نبوت پر روشنی ڈالی ہے۔ اس کے بعد اصل کتاب کا آغاز ہوتا ہے۔

قاضی صاحب نے بائبل کو بطور ماخذ استعمال کرنے کے ساتھ ساتھ سیرتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بنیادی مصادر و مراجع یعنی قرآن حکیم، کتبِ حدیث، کتبِ سیر و مغازی اور کتبِ شمائل سے بھی با قاعدہ اخذ و استفادہ کا اہتمام کیا ہے۔

تین جلدوں پر مشتمل یہ کتاب اسلامی کتب خانہ اردو بازار لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۴......نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۶۲ھ) کی تصنیف ہے۔ آپ نے اسے ۱۹۱۱ء میں لکھنا شروع کیا اور ۱۹۱۲ء میں مکمل کر لیا۔ یہ کتاب مستند احادیث کی روشنی میں لکھی گئی ہے، یہ ایک مقدمہ اور اکتالیس فصلوں پر مشتمل ہے۔

اس کتاب میں وعظ و نصیحت کا بھی اہتمام کیا گیا ہے تا کہ لوگ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر مبارک کی برکات سے فیض یاب ہوں۔ حضرت نے اس کتاب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل، آپ کا حسب و نسب، ولادت، طفولیت، شباب، نکاح، معراج، ہجرتِ حبشہ، مکی زندگی کے متفرق واقعات، ہجرتِ مدینہ، غزوات اور زندگی کے دوسرے حالات سن کے اعتبار سے درج کئے ہیں۔ کتاب کے آخر میں حضور کے فضائل، مقام فضیلت اور امت پر آپ کے حقوق، آپ پر درود بھیجنے کے فضائل اور واقعہ معراج

کا بڑی تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ اس کتاب میں آپ نے زیادہ تر استفادہ مفتی الٰہی بخش کاندھلوی رحمہ اللہ کی عربی تصنیف ''شیم الحبیب'' سے کیا ہے۔

۳۹۱ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مکتبہ حمیدیہ صدر بازار راولپنڈی سے شائع ہوئی ہے۔

۵...... سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اردو زبان میں سیرت کے موضوع پر لکھی جانے والی کتابوں میں ایک انتہائی اہم اور ضخیم کتاب علامہ شبلی نعمانی رحمہ اللہ (متوفی ۱۹۱۴ء) اور علامہ سید سلیمان ندوی (متوفی ۱۹۵۳ء) کی مشترکہ تصنیف سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ جو چھ ضخیم جلدوں اور ایک مختصر (ساتویں) جلد پر مشتمل ہے۔ اس کی ابتدائی دو جلدیں علامہ شبلی نعمانی رحمہ اللہ کے قلم سے ہیں، اور باقی پانچ جلدیں ان کے شاگرد رشید علامہ سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ نے ان کی وفات کے بعد لکھیں۔

اس کتاب میں اسلامی تعلیمات کو محققانہ اور دل نشین انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ سیرتِ نبوی کے موضوع پر یہ کتاب نہ صرف اردو بلکہ بیسویں صدی عیسوی میں لکھی گئی تمام زبانوں کی کتبِ سیرت میں ممتاز حیثیت رکھتی ہے۔ کتاب کے شروع میں ایک نہایت مفید علمی مقدمہ ہے۔

یہ کتاب مندرجہ ذیل اہم عناوین کے تحت تفصیلات پر مشتمل ہے:

تاریخ عرب قبل اسلام، آفتاب رسالت کا طلوع، اس کے بعد ترتیب کے ساتھ یکم ہجری سے لے کر سن ۱۰ھ تک تمام اہم واقعات کا تسلسل کے ساتھ ذکر کیا ہے، نیز ہر سن ہجری میں پیش آنے والے واقعات، غزوات اور سرایا کا ذکر بھی کیا ہے۔ اسلام کی امن کی زندگی، وفود عرب، حجۃ الوداع، شمائل، معمولات، مجالسِ نبوی، اخلاقِ نبوی، عباداتِ نبوی، ازواجِ مطہرات، دلائل ومعجزات، واقعہ معراج، ذاتی خصائص، خصائص محمدی، عباداتِ قلبی، اسلام اور اخلاقِ حسنہ، آداب ورذائل، اسلام میں حکومت کی حیثیت واہمیت، عہد

نبوی میں نظام حکومت اور اس طرح کے دیگر مفید مرکزی عنوانات کے تحت کئی ذیلی عناوین قائم کر کے نہایت مفید اور گراں قدر علمی و تحقیقی مضامین نقل کیے ہیں۔ تقریباً ۲۵۰۰ صفحات پر مشتمل سیرت پر نہایت جامع اور مکمل کتاب مکتبہ المصباح سے تین ضخیم جلدوں میں شائع ہوئی ہے۔

۶......خطباتِ مدراس

علامہ سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۷۳ھ) کے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر دیے گئے آٹھ خطبات کا مجموعہ ہے۔

سید سلیمان ندوی صاحب نے جنوبی ہند کی اسلامی تعلیمی انجمن کی فرمائش پر اکتوبر اور نومبر ۱۹۲۵ء میں مدراس کے لال ہال میں یہ خطبات دیئے۔

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مختلف پہلوؤں پر دیئے جانے والے آٹھ خطبوں میں سے بعض خطبوں میں سیرتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا دوسرے انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتوں سے مقابلہ و موازنہ پیش کیا گیا ہے۔ ان آٹھ خطبات کی ترتیب کچھ اس طرح سے ہے:

۱......انسانیت کی تکمیل صرف انبیاء کرام علیہم السلام کی سیرتوں سے ہوسکتی ہے۔

۲......عالمگیر اور دائمی نمونہ عمل صرف محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت ہے۔

۳......سیرتِ نبوی کا تاریخی پہلو

۴......سیرتِ نبوی کی کاملیت

۵......سیرتِ نبوی کی جامعیت

۶......سیرتِ نبوی کی عملیت

۷......اسلام کے پیغمبر کا پیغام

۸......ایمان اور عمل

۱۵۱ صفحات پر مشتمل یہ کتاب رضا پریس لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۷......اصح السیر

اردو زبان میں سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر لکھی جانے والی کتابوں میں مولانا عبدالرؤف قادری دانا پوری رحمہ اللہ (متوفی ۱۹۴۸ء) کی کتاب اصح السیر کا نام بہت نمایاں ہے۔ ۱۹۳۲ء میں اس کا پہلا ایڈیشن شائع ہوا۔ اس کی بنیادی خصوصیت یہ ہے کہ اس کا اولین اور مرکزی ماخذ احادیث مبارکہ ہیں۔ دوسری خصوصیت یہ ہے کہ اس کی ترتیب عام کتبِ سیرت سے بالکل مختلف ہے، کتاب کے مختصر تعارف کے بعد جو چار صفحات پر مشتمل ہے، چوالیس صفحے کا طویل مقدمہ ہے، مقدمہ محققانہ اور عالمانہ ہے۔

مولانا عبدالرؤف دانا پوری صاحب نے عام کتبِ سیرت کی ترتیب یا زمانی ترتیب سے ہٹ کر بالکل مختلف ترتیب کو اپنایا ہے۔ ولادت با سعادت کے ذکر کے بعد ہجرت کا بیان شروع کیا اور اس کے بعد غزوات کی ابتداء کی اور کتاب کے ابتدائی اور تعارفی کلمات میں اس طرف اشارہ کیا ہے:

> میرا خیال ہے کہ اہل علم اس کتاب میں کتاب المغازی کو جامع، مکمل اور بہترین ترتیب پر پائیں گے۔ (ص: ۴)

مولانا نے غزوات کے بعد وفود کا بیان بھی پوری وضاحت اور تفصیل کیساتھ کیا ہے۔ چنانچہ اصح السیر میں سب سے زیادہ تفصیل اور جامعیت کے ساتھ غزوات کو بیان کیا گیا ہے۔ غزوات کا بیان ۲۶۸ صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ غزوہ بدر کو بہت تفصیل سے بیان کیا ہے۔ غزوات کے علاوہ سرایا پر بھی کھل کر بحث کی ہے۔ ہجرتِ مدینہ، اس کے اسباب اور نتائج کو بھی بیان کیا گیا ہے۔ ۶۱۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مجلس نشریات اسلام سے شائع ہوئی ہے۔

۸......النبی الخاتم

یہ حضرت مولانا سید مناظر احسن گیلانی رحمہ اللہ (متوفی ۱۹۵۶ء) کی تصنیف ہے۔ مصنف کی یہ کاوش نہایت علمی شاہکار ہے، اس کتاب میں سیرتِ نبوی کو جامعیت

وا کملیت کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ اور اختصار کے باوجود سیرتِ نبویہ کے تمام قابلِ غور پہلوؤں پر حاوی ہے۔

حضرت مولانا محمد منظور احمد نعمانی رحمہ اللہ کتاب کے تعارف میں لکھتے ہیں:

اس کتاب میں مصنف نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ مکی زندگی کو انہوں نے دل کی زندگی اور مدنی زندگی کو دماغ کی زندگی قرار دیا ہے۔ (ص:۱۰)

النبی الخاتم کی اصل خوبی اس کا والہانہ، پرجوش، ولولہ انگیز خطیبانہ اسلوب ہی ہے۔ ۱۴۴ صفحات پر مشتمل یہ کتاب زاہد بشیر پرنٹنگ پریس لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۹...... سیرت المصطفیٰ

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۹۴ھ) کی تصنیف ہے، اردو زبان میں اس قدر جامع، مستند اور مدلل کتاب موجود نہیں ہے، کتاب کی جامعیت اور افادیت کا اندازہ حسب ذیل عناوین سے لگائیں۔

جلد اول حسب ذیل اہم مباحث پر مشتمل ہے:

سلسلہ نسب اطہر، حضور کے آباء و اجداد کا مختصر حال، واقعہ اصحاب فیل، ولادت باسعادت، واقعہ شق صدر، حقیقت، اسرار و حکم، حضرت خدیجۃ الکبریٰ سے نکاح، تعمیر کعبہ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تحکیم، بدء الوحی اور تباشیر نبوت اور رؤیا صالحہ، نبوت کی حقیقت، السابقون الاولون، اعلان دعوتِ اسلام، معجزہ شق القمر، ہجرتِ اولیٰ، عام الحزن، طائف کا سفر، واقعہ معراج، مدینہ منورہ میں اسلام کی ابتداء، ہجرت مدینہ منورہ، تحویلِ قبلہ کا حکم، نماز عیدالفطر اور نماز عیدالاضحیٰ کی ابتداء۔

جلد دوم کے اہم مباحث مندرجہ ذیل ہیں:

جہاد فی سبیل اللہ، غزوات، سرایا، نزولِ برات ام المؤمنین عائشہ صدیقہ، حجاب کا حکم، بادشاہانِ عالم کے نام دعوتِ اسلام کے خطوط، اسلام اور مسئلہ غلامی، صلح حدیبیہ، فتح مکہ۔

جلد ثانی میں سن ہجری کی ترتیب کے ساتھ غزوات اور سرایا کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ کتبِ حدیث میں مغازی کے سمجھنے کے لئے یہ جلد نہایت مفید ہے۔

سیرۃ المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سوئم اور آخری جلد حسبِ ذیل اہم مباحث کا احاطہ کئے ہوئے ہے:

عام وفود، سفر آخرت، خلافت صدیقِ اکبر، مسئلہ خلافت، اہل سنت اور اہل تشیع کا اختلاف، متروکاتِ نبوی، حیاتِ نبوی، ازواجِ مطہرات اور اولادِ کرام، حلیہ نبوی، تشبہ بالکفار کی حقیقت، دلائلِ نبوت و براہین رسالت، بشارات از کتبِ سابقہ، انباء الغیب، خصائص نبوی اور دیگر نہایت مفید عناوین کے تحت تفصیلاً مستند احوال و واقعات ذکر کئے ہیں۔

مصنف نے اپنی کتاب کا بنیادی ماخذ حدیث کو قرار دیا ہے اور کوشش کی ہے کہ سیرت کا تمام تر ذخیرہ حدیث نبوی سے حاصل کیا جائے۔ مصنف نے خود یہ دعویٰ کیا ہے:

اس مختصر سیرت میں صحتِ ماخذ اور روایت کے معتبر و مستند ہونے کا التزام کیا ہے۔ (۱/۸)

سیرۃ المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اگرچہ اردو زبان میں ہے اور اردو میں سیرت کی جو کتابیں لکھی گئی ہیں ان کا اسلوب اور اندازِ بیان عربی میں لکھی جانے والی کتبِ سیرت سے بہت مختلف ہے، لیکن زیرِ نظر کتاب کا اندازِ بیان اور بطورِ خاص طرزِ استدلال تقریباً وہی ہے جو عربی میں لکھی جانے والی امہات کتبِ سیرت کا ہے۔ خود مصنف کتاب کے مقدمہ میں کہتے ہیں:

میں نے اپنی کتاب میں محدثین حضرات کے اصول اور طرزِ استدلال سے عدول اور سرتابی نہیں کی۔ (۱/۹)

موصوف نے اس کتاب میں سر سید احمد خان اور علامہ شبلی نعمانی کے بعض نظریات کی بھرپور اور مدلل انداز میں تردید کی ہے۔ آپ نے کسی بھی مقام پر مغرب اور یورپ زدہ طبقہ کے اعتراضات سے متاثر ہو کر معذرت خواہانہ رویہ اختیار نہیں کیا۔ نیز موصوف نے موقع بموقع

اسرار و حکم، لطائف و معارف بھی نقل کئے ہیں جس سے سیرت کا لطف دوبالا ہو گیا ہے۔

راقم کی ناقص رائے کے مطابق اردو زبان میں عوام و خواص سب کے لئے یہ ایک مستند، جامع اور مفصل کتاب ہے، سیرت کے ہر اہم پہلو کا اس میں تذکرہ ہے، زندگی میں ایک دفعہ ضرور اس کا مطالعہ کرنا چاہیے، اگرچہ یہ کتاب اس لائق ہے اس کا بار ہا مطالعہ کیا جائے۔ تقریباً ۱۶۰۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مکتبہ خلیل اردو بازار لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۱۰...... پیغمبر انسانیت

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ پر یہ کتاب ''پیغمبر انسانیت'' مولانا شاہ محمد جعفر پھلواری رحمہ اللہ کی تصنیف ہے۔ پیغمبر انسانیت کا یہ مطبوعہ ایڈیشن ادارہ ثقافتِ اسلامیہ لاہور سے ۱۹۵۳ء میں شائع ہوا، یہ کتاب ۲۶۰ صفحات پر مشتمل ہے۔

مولانا حسن مثنی ندوی رحمہ اللہ کتاب کے مقدمہ میں اس کتاب کے اسلوب اور اندازِ بیاں کے متعلق لکھتے ہیں:

اس کی زبان رواں اور عاشقانہ ہے، اندازِ نگارش اچھوتا اور جذبہ عقیدت و محبت ہر جگہ نمایاں ہے اور یہی سیرتِ مصطفیٰ کی جان ہے۔ (ص: ۱۱۵)

۱۱...... رسولِ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم (مقالات مولانا ابوالکلام آزاد)

سیرت کی یہ کتاب مولانا ابوالکلام آزاد رحمہ اللہ کے مقالات پر مبنی ہے، ان مقالات میں ترتیب و اضافہ کا کارنامہ غلام رسول مہر صاحب نے سرانجام دیا ہے۔

مولانا ابوالکلام آزاد کے یہ مقالات سب سے پہلے مولانا کے کلکتہ سے جاری ہونے والے اخبار الہلال (۱۹۱۲ء) اور ہفت روزہ ''البلاغ'' میں وقتاً فوقتاً شائع ہوتے رہے۔ غلام رسول مہر صاحب نے مولانا کے ان مقالات کو جمع کیا اور ان کو کتابی صورت میں ترتیب کے ساتھ رکھا اور ان کی مربوط فہرست بھی مرتب کی۔ غلام رسول مہر صاحب مولانا ابوالکلام آزاد کے ان مجموعہ مقالات کے مقدمہ میں لکھتے ہیں:

ان مقالوں پر ضروری حواشی اور تمہیدی عبارتیں تحریر کر دی گئی ہیں، اور مولانا کے بعض مقالات جو ضروری اضافہ کے متقاضی تھے وہاں مفصل بیان بھی جاری کئے ہیں۔ (ص:٦)

گویا مولانا کے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر پیش کئے گئے ان مقالات کو مرتب و منظّم اور جامع و مربوط صورت میں پیش کیا گیا۔ ٧٩٩ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مطبع شیخ غلام علی اینڈ سنز، انارکلی لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

١٢...... سیرتِ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم

سید ابوالاعلیٰ مودودی کے مقالات، تحریروں اور تقریروں سے منتخب کر کے مرتب کردہ سیرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا پہلا ایڈیشن ادارہ ترجمان القرآن لاہور سے ١٩٧٨ء میں شائع ہوا۔ محترم نعیم صدیقی صاحب نے مولانا عبدالوکیل علوی صاحب کی معاونت سے اس کتاب کو مرتب کیا۔

سید ابوالاعلیٰ مودودی خود اس کتاب کے مقدمہ میں اظہارِ خیال کرتے ہیں:

اس میں شک نہیں کہ جو کچھ اس کتاب میں درج کیا گیا ہے، میری کتابوں اور تحریروں کے ناظرین کی نگاہ سے وہ یا اس کا کم و بیش اچھا خاصا حصہ پہلے ہی گزر چکا ہے، اور پڑھی ہوئی چیزوں کو دوبارہ پڑھنا ایک حد تک آدمی کو ناگوار گزرتا ہے۔ مگر پڑھنے والے جب اس کتاب کو پڑھیں گے تو خود محسوس کریں گے کہ سیرت پاک کے متعلق جو مضامین مختلف مقامات پر بکھرے ہوئے تھے، اور تیس چالیس سال کے دوران مختلف مواقع پر لکھے گئے تھے، وہ جہاں ان کے سامنے یکجا ایک مرتب صورت میں آ گئے ہیں، اور اس مجموعی صورت میں ان کا مطالعہ اس مطالعہ کی بہ نسبت اپنا ایک جداگانہ فائدہ رکھتا ہے، جو متفرق صورت میں حاصل نہ ہو سکتا تھا۔ (مقدمہ، ج ١ ص ٣٦، ٣٧)

بحیثیت مجموعی سیرت سرور عالم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت و کردار اور آپ کے ابدی پیغام کو جس خوبصورت اور عالمانہ انداز میں پیش کرتی ہے اس کی مثال دورِ حاضر کی

کتب میں بہت کم ملتی ہے۔ ۱۵۲۶ صفحات پر مشتمل یہ کتاب ۲ جلدوں میں ادارہ ترجمان القرآن لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۱۳......محسن انسانیت

اس کتاب کے مصنف جناب نعیم صدیقی صاحب ہیں، کتاب کا آغاز محترم مؤلف کی چند گزارشات سے ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ابتداء میں سید ابوالاعلیٰ مودودی کے قلم سے ایک دیباچہ اور مولانا ماہر القادری کی تحریر کردہ تقریظ بھی ہے۔

اردو زبان و ادب کے مشہور اہل قلم جناب نعیم صدیقی نے سیرت کے موضوع پر قلم اٹھایا اور ان کی اس کتاب محسن انسانیت کو غیر معمولی پذیرائی ملی۔ اس کتاب میں مصنف نے نئی اصطلاحات بھی ایجاد کیں ہیں، مثلاً معلمانہ انقلاب اور نظام فلاحِ انسانیت کی اصطلاحات وغیرہ، اور کتاب میں خاص طرز کے عنوانات تجویز کئے جو پہلے وجود نہ رکھتے تھے۔ کتاب کی تقسیم درج ذیل عنوانات پر کی گئی ہے:

مقدمہ، پیغام، نصب العین اور تاریخی مقام، محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم کا مکی دور، محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم کا مدنی دور، تلواروں کی چھاؤں میں، اور اُجالا پھیلتا ہی گیا۔

محسن انسانیت کا اسلوب سادہ، دلکش اور طرز بیان میں سوز کا رنگ بھرا ہے، اور یہ عصر حاضر کی معروف و مقبول کتبِ سیرت میں شمار کی جاتی ہے۔ ۶۱۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب الفیصل ناشران و تاجران لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۱۴......ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم

یہ حضرت پیر محمد کرم شاہ الازہری کی تصنیف ہے، یہ کتاب سات جلدوں پر مشتمل ہے۔

پیر محمد کرم شاہ الازہری کی ''ضیاء النبی'' عصر حاضر کی کتب سیرت میں نمایاں مقام و مرتبہ رکھتی ہے۔ سات جلدوں پر مشتمل اس سیرت کی کتاب میں قدیم و جدید سیرت کے تمام ماخذوں سے استفادہ کیا گیا ہے، صاحب کتاب کا اندازِ بیاں سادہ، منطقی اور مدلل

ہے۔ کتاب میں مغربی مفکرین کی کتب سے بھی اسلام کی حقانیت ثابت کرنے کے لئے حوالے درج کئے گئے ہیں۔ گویا یہ کتاب عربی، انگریزی اور اردو تینوں زبانوں میں گہری تحقیق کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

ضیاء النبی ۱۹۹۴ء میں مقابلہ کتبِ سیرت میں اول مقام کی حقدار قرار پائی۔ عصر حاضر کی کتبِ سیرت میں یہ کتاب بلند درجہ رکھتی ہے۔ صاحبِ کتاب نے عربی، اردو اور انگریزی زبانوں سے اچھی واقفیت کی بناء پر کتاب میں ان تمام سے استفادہ کیا ہے۔ نیز اس کتاب کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس کی چھٹی اور ساتویں جلد باقاعدہ مستشرقین کے قرآن وسیرت پر کئے گئے اعتراضات، اور اسلام، قرآن وسیرت کے دفاع میں مدلل مدافعتی طرز پر تحریر کی گئی ہے، یہ پیر کرم شاہ الازہری کی ایک بہترین کاوش ہے۔ سات جلدوں پر مشتمل یہ کتاب ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۱۵......تدوین سیر ومغازی

یہ حضرت مولانا قاضی اطہر صاحب مبارکپوری رحمہ اللہ کی تصنیف ہے، اپنے موضوع پر پہلی اور منفرد کتاب جس میں پہلی صدی کے نصف آخر سے تیسری صدی تک کے علمائے سیر ومغازی اور ان کی تصانیف کی تفصیل بیان کر کے علم حدیث کی اس خاص اور اہم نوع کے بارے میں ان کی تصنیفی، تعلیمی اور روایاتی خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے، مصنف نے نہایت عرق ریزی کے ساتھ آٹھ سال کے طویل عرصے میں اس کتاب کو تصنیف کیا ہے۔

یہ کتاب پانچ ابواب پر مشتمل ہے:

باب اول......سیر ومغازی تدوین سے پہلے۔

باب دوم......سیر ومغازی کا تحریری سرمایہ۔

باب سوم......تدوین سیر ومغازی کی ابتداء پہلی صدی کے نصف آخر میں۔

باب چہارم......مختلف شہروں کے علمائے سیر ومغازی اور مصنفین۔

باب پنجم……سیر کی فقہی تدوین۔

اس کتاب میں نہایت تحقیق و تدقیق کے ساتھ پہلی صدی کے نصف آخر سے تیسری صدی تک سیر و مغازی پر لکھی گئی تمام کتابوں کا قدرے تفصیل کے ساتھ تذکرہ کیا ہے، راقم کی ناقص رائے کے مطابق عربی، اردو لٹریچر میں اس موضوع پر اس سے زیادہ جامع اور محقق کتاب موجود نہیں ہے۔ ۳۱۸ صفحات پر مشتمل یہ کتاب شیخ الہند اکیڈمی دارالعلوم دیوبند سے شائع ہوئی ہے۔

۱۶……عہد نبوت کے ماہ و سال

علامہ مخدوم محمد ہاشم سندھی ٹھٹھوی رحمہ اللہ نے ”**بذل القوة في حوادث سني النبوة**“ کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب دو حصوں پر مرتب کی گئی ہے، حصہ اول میں مکی دور کے واقعات اور حصہ دوم میں مدنی دور کے، اس حصے کے تین باب ہیں:

باب اول……غزوات

باب دوم……سرایا و بعوث

باب سوم……دیگر واقعات

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمہ اللہ نے اس کتاب کا اردو ترجمہ ”عہد نبوت کے ماہ و سال“ کے نام سے کیا ہے، اس کتاب میں ترتیب کے ساتھ بعثت نبوی سے لے کر وفات تک تمام اہم احوال، واقعات، غزوات اور سرایا کا تذکرہ کیا گیا ہے، کتاب کے پہلے حصے میں ترتیب کے ساتھ ۱۳ سالہ مکی دور کے واقعات کا ذکر ہے، دوسرے حصے میں سن ہجری کی ترتیب کے ساتھ ابتدائے ہجرت سے وصالِ نبوی تک کے واقعات کا ذکر ہے، پھر ترتیب کے ساتھ مغازی اور سرایا کا تذکرہ ہے، تیسرے باب میں سن ہجری کی ترتیب کے ساتھ ہر سال میں پیش آنے والے واقعات کا ذکر ہے۔ مختصر انداز میں ترتیب کے ساتھ ۲۳ سالہ دور نبوت کے احوال و واقعات جاننے کے لئے یہ نہایت مفید کتاب

ہے۔ ۴۰۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مکتبہ لدھیانوی سلام مارکیٹ بنوری ٹاؤن کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۱۷...... نبی رحمت

یہ مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ کی تصنیف ہے۔ پیغمبر خدا، نبی رحمت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ وسیرتِ مبارکہ، جس کی ترتیب وتالیف میں قدیم وجدید معلومات وتحقیقات سے فائدہ اٹھانے کی امکانی کوشش کی گئی ہے، زمانہ بعثت کی تصویر، معاصر دنیا، جزیرۃ العرب اور حجاز کا اہم تمدنی، سیاسی وتاریخی پس منظر، واقعات وحالات، ہدایات وتعلیمات اور نتائج واثرات کی مستند رُوداد، جو ہر دور میں افراد واقوام اور نوعِ انسانی کی ہدایت ورہنمائی کی طاقت وصلاحیت سے معمور ہے، اس کتاب کے مرکزی عنوانات درج ذیل ہیں:

عہد جاہلیت، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جزیرۃ العرب میں کیوں مبعوث ہوئے، نبی کی ضرورت، جزیرۃ العرب، بعثت سے پہلے، حضرت اسماعیل مکہ میں، مکہ بعثتِ نبوی کے وقت، ولادت باسعادت سے آغازِ نبوت تک، بعثت کے بعد، عہد بعثت کے یثرب (مدینہ) پر ایک نظر، مدینہ میں، بدر کی فیصلہ کن جنگ، غزوہ احد، غزوہ خندق، غزوہ بنوقریظہ، صلح حدیبیہ، غزوہ خیبر، غزوہ موتہ، فتح مکہ، غزوہ حنین، غزوہ طائف، وفود کا سال، حجۃ الوداع، وفات، ازواجِ مطہرات واولادِ اطہار، اخلاق وشمائل۔

اس کتاب کا عربی، انگریزی، انڈونیشی اور ترکی زبان میں ترجمہ ہو چکا ہے، عربی زبان میں ترجمہ مولانا سید محمد الحسن نے کیا ہے، جو ''السیرۃ النبویۃ'' کے نام سے شائع ہوا ہے، ٦٩۴ صفحات پر مشتمل یہ علمی وتحقیقی کتاب مجلس نشریات اسلام کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۱۸......سیرت خاتم الانبیاء

یہ مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کی تصنیف ہے۔ اس

میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مختصر مگر نہایت جامع و مستند سوانح عمری ذکر کی گئی ہے۔ ١١٠ صفحات پر مشتمل اس کتاب میں اختصار کے ساتھ حضور کی سیرت کے تمام احوال و واقعات کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ کئی اکابر اہل علم کی اس پر تقریظات ہیں، جن میں امام العصر علامہ انور شاہ کشمیری، حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی، حضرت مولانا حسین احمد مدنی، حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن رحمہم اللہ شامل ہیں۔ مصنف اپنی اس کتاب کے متعلق فرماتے ہیں:

اختصار کے ساتھ اس کا بھی خیال رکھا گیا کہ جامعیت ہاتھ سے نہ جائے اور بحمد اللہ تقریباً تمام ضروری واقعات اس رسالے میں لئے گئے ہیں۔ مسائل جہاد، تعداد ازواج وغیرہ میں جو مخالفین کے اوہام ہیں ان کے بھی موٹے موٹے شافی جوابات درج کئے گئے ہیں۔ (ص:٨)

یہ کتاب ہر مسلم گھرانے کی ضرورت ہے۔ مدارس اور اسکولوں میں ابتدائی کلاسوں میں اسے نصاب میں شامل کرنا چاہئے۔ والدین اور اساتذہ اپنی اولاد اور شاگردوں سے ایک دفعہ اس کا ضرور مطالعہ کروائیں تاکہ جہاں ان کے دلوں میں حضور کی عقیدت و محبت پیوست ہو وہیں آپ کے اسوہ حسنہ، تعلیماتِ نبویہ اور آپ کی زندگی کے اہم احوال و واقعات سے بھی روشناس ہوں۔

١٩......رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم

علامہ سید جمال حسینی رحمہ اللہ نے سن ٨٨٠ھ میں ''روضة الأحباب'' کے نام سے فارسی زبان میں سنین کی ترتیب کے ساتھ حضور کی سیرت کا تذکرہ کیا ہے، حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب رحمہ اللہ نے اس کا اردو زبان میں ''رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم'' کے نام سے ترجمہ کیا، موصوف نے اس سے پہلے ''زاد المعاد'' کا بھی ترجمہ کیا ہے، یہ بے مثل اور جدید ترتیب، فکر افروز فقیہانہ حواشی کے ساتھ سیرت پاک پر قابل صد تحسین کارنامہ ہے، مترجم کے جا بجا مفید حواشی کی وجہ سے کتاب کی افادیت بڑھ گئی ہے، اس

کتاب میں سنین کی ترتیب کے ساتھ مختصر انداز میں سیرت کے احوال و واقعات، غزوات اور سرایا کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ اس کتاب پر جدید انداز میں تعلیق وتخریج اور روایات پر تحقیق کی کافی ضرورت ہے، ٣٦٤ صفحات پر مشتمل یہ کتاب شہزاد پبلشرز جان محمد روڈ لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

٢٠......نقوشِ سیرت

ڈاکٹر طٰہٰ حسین مصر کے مشہور صاحب قلم، عربی زبان کے نامور ادیب اور حکومت مصر کے سابق وزیر تعلیم رہے ہیں، یہ آنکھوں سے نابینا ہیں، انہوں نے ''**علی هامش السيرة**'' کے نام سے عربی زبان میں کتاب املاء کروائی، یہ کتاب سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مسلسل و مربوط بیان نہیں ہے بلکہ سیرتِ طیبہ سے متعلق واقعات وحوادث اور سیرت طیبہ کے پس منظر سے چن چن کر بعض بعض باتوں پر ڈاکٹر طہ حسین نے اپنے دلکش اسلوب اور پرلُطف عبارتوں میں منظر کشی اور جذبات نگاری کا کمال دکھایا ہے، وہ اپنی تحریر میں خود اس طرح اثر پذیر دکھائی دیتے ہیں کہ پڑھنے والا متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ پروفیسر حافظ سید رشید احمد ارشد نے ''نقوشِ سیرت'' کے نام سے دو جلدوں میں کیا ہے، یہ ترجمہ نفیس اکیڈمی کراچی سے شائع ہوا ہے۔

٢١......اسوہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

یہ کتاب ڈاکٹر عبدالحی عارفی صاحب رحمہ اللہ کی تصنیف ہے۔ اس میں درج ذیل مرکزی عناوین کے تحت عام فہم اور دلنشین انداز میں حضور کے اسوہ حسنہ اور آپ کی عبادات وشمائل کا تذکرہ کیا گیا ہے:

مکارم اخلاق، خصوصیاتِ اندازِ زندگانی، معمولاتِ زندگی، لباس و عادات، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات، معاملات، حقوق، معاشرت، اخلاقِ حمیدہ، مناکحت، اولاد اور حیاتِ طیبہ کے صبح وشام، مرض وعیادت وغیرہ۔

تقریباً ۴۰۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب متعدد کتب خانوں سے شائع ہوئی ہے۔ اگر اس کتاب میں جدید انداز میں تخریج وتعلیق کردی جائے تو اِس کی افادیت بڑھ جائے گی۔

۲۲......سفر السعادة

یہ علامہ مجد الدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی رحمہ اللہ (متوفی ۸۱۷ھ) صاحب ''**القاموس المحیط**'' کی تصنیف ہے، اس کی مفصل شرح فارسی زبان میں شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۵۲ھ) نے ''شرح سفر السعادة'' کے نام سے لکھی ہے، اصل کتاب کا اردو ترجمہ جناب ہدایت اللہ ندوی صاحب نے کیا ہے، اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادات، عادات وخصائل، محامد ومحاسن اور سیرت کے اہم احوال وواقعات کا تذکرہ ہے، ۲۵۶ صفحات پر مشتمل یہ کتاب سبحانی اکیڈمی لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۲۳......نور البصر فی سیرة خیر البشر

یہ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی رحمہ اللہ کی تصنیف ہے، اس پر امام العصر علامہ انور شاہ کشمیری اور مولانا حسین احمد مدنی رحمہما اللہ کی تقاریظ ہیں، یہ کتاب متوسط انداز میں نہایت مفید اور جامع کتاب ہے، ابتداء میں تاریخ کی ضرورت واہمیت اور سیرت کے فوائد پر روشنی ڈالی ہے، مصنف ہر مرکزی عنوان کا آغاز آیت یا حدیث سے کرتے ہیں، ہر ایک مضمون کے بعد اس کا خلاصہ اور اس کے متعلق سوالات ذکر کرتے ہیں، اس سے طلبہ کو جو فائدہ ہوتا ہے وہ تو ایک بدیہی بات ہے لیکن طلبہ کے علاوہ سیرت سے شغف رکھنے والے حضرات کو یہ فائدہ ہوگا کہ وہ اس مضمون کا خلاصہ ذہن نشین کرسکیں گے۔ اس کتاب میں ولادت باسعادت سے لے کر وفات تک تمام اہم واقعات کا ذکر ہے، ابتداء میں مکی زندگی پھر مدنی زندگی، غزوات اور سرایا کا تفصیلی ذکر کیا ہے، پھر سن ہجری کی ترتیب کے ساتھ ہر سال میں پیش آنے والے واقعات کا ذکر ہے، پھر تفصیل سے وفود، آپ کی ازواج واولاد اور خاندانِ نبوت کا ذکر کیا ہے۔ آخر میں آپ کے معجزات، شمائل اور اوصافِ حمیدہ کا ذکر

ہے۔ راقم کی رائے یہ ہے کہ اس مستند اور جامع کتاب کو مدارسِ دینیہ اور اسکول و کالج کے نصاب میں شامل کیا جائے، اور ہر بحث کے آخر میں موجود سوالات کی روشنی میں امتحان بھی لیا جائے، حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ اس کتاب کے متعلق تقریظ میں لکھتے ہیں:

یہ کتاب مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی نے احقر کے اصرار پر تالیف کی، احقر کا خیال تھا کہ کوئی متوسط کتاب سیرت پر ایسی تالیف ہو کہ مدارسِ عربیہ اور مدارسِ قومیہ کے طلبہ اس سے بسہولت مستفید ہو سکیں، اور حدیث شریف کے مشتغلین کو اجمالی بصیرت نصیب ہو، اور کتب معتبرہ سے ماخوذ ہو، اور اہل حق اور سلف کے طریقہ کے خلاف نہ ہو، بحمد اللہ یہ مختصر کتاب ایسی ہی واقع ہوئی ہے، حق تعالیٰ مؤلف کو جزائے خیر نصیب کرے۔ (ص ۱۲)

اگر طلبہ کو مطالعہ سیرت یوں کروایا جائے تو زیادہ مفید ہوگا، سب سے پہلے مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کی ''سیرت خاتم الانبیاء'' پھر مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی رحمہ اللہ کی ''نور البصر فی سیرۃ خیر البشر'' اور پھر مولانا ادریس کاندھلوی رحمہ اللہ کی ''سیرت مصطفیٰ'' کا۔ ۲۷۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب نعمان پبلشنگ کمپنی گوجرانولہ سے شائع ہوئی ہے۔

۲۴......خصائل مصطفیٰ

یہ حضرت مولانا مفتی محمد سلیمان صاحب قاسمی کی تصنیف ہے، یہ کتاب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے شمائل، خصائص و عادات اور اوصافِ حمیدہ پر مشتمل ہے، اس کتاب کے اندر نہایت دل کش انداز میں احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی مکمل شکل و صورت، آپ کی عادات و اخلاق، لباس و طعام، آپ کے اٹھنے بیٹھنے، چلنے پھرنے، ہنسنے رونے غرض آپ کے اعلیٰ و بالا جمال و کمال کا ایسا نقشہ کھینچا گیا ہے کہ گویا پڑھنے والا حضور کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہے، موصوف نے شمائلِ نبوی کے تمام گوشوں کو احادیث اور اکابر کی مستند کتابوں سے اجاگر کیا ہے، حتیٰ کہ کوئی اہم بات بغیر حوالے کے نہیں کی، زبان شستہ، شگفتہ، سلیس اور عام فہم اختیار کی ہے۔ کتاب کے مرکزی عنوانات درج ذیل ہیں:

۱......آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ مبارک

۲......آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لباس اور اس کے متعلق چیزوں کا بیان

۳......آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف

۴......آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کھانے پینے کی چیزوں کا ذکر اور کھانے پینے میں آپ کا طرز و انداز

۵......آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معمولات عبادت سے متعلق

۶......آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صبر کا بیان

۷......آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معمولات گھر اور مجلس وغیرہ میں

۸......آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معاملات دوسروں کے ساتھ

۹......سفر آخرت کی تیاری

راقم کی ناقص رائے کے مطابق اردو زبان میں آپ کے شمائل وخصائص پر اس سے زیادہ جامع، مدلل اور عشق ومحبت سے لبریز کتاب موجود نہیں۔ ۲۲۶ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مکتبہ حمیدیہ خوشحالپور ضلع سہارنپور یوپی سے شائع ہوئی ہے، یہ کتاب دارالعلوم کراچی کی لائبریری میں موجود ہے، اگر اِسے جدید انداز میں تخریج وتحقیق کے ساتھ پاکستان میں بھی شائع کیا جائے تو یہ اہل علم اور عوام دونوں کے لئے ایک مفید خدمت ہوگی۔

۲۵......نقوشِ رسول نمبر

نقوش رسول نمبر سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر خصوصی نمبر کی حیثیت سے ۱۳ جلدوں میں شائع ہوا، ان تمام جلدوں کی اشاعت کا فریضہ ادارہ فروغ اردو بازار لاہور نے سرانجام دیا ہے۔ نقوش رسول نمبر کے مدیر نے سیرت کے موضوع پر وسیع مواد ان ۱۳ جلدوں میں مرتب کر دیا ہے۔ اس میں مسلم وغیر مسلم مفکرین وعلماء کے سیرت کے موضوع پر لکھے گئے مقالات، ان کے تراجم پیش کئے گئے ہیں، نیز سیرتِ طیبہ کے ہر پہلو پر

لکھے گئے مواد کو اس نمبر میں یکجا کر دیا گیا ہے۔

نقوشِ رسول نمبر سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر حقیقتاً بڑا اعلیٰ ذخیرہ ہے۔ گویا نقوشِ رسول نمبر مسلم، غیر مسلم مصنفین اور متقدمین و متاخرین سیرت نگاروں کے مضامین کا مجموعہ بن گیا، جو عہد حاضر اور آئندہ آنے والی نسلوں کے لئے سیرت النبی پر ایک بڑا علمی سرمایہ ثابت ہوگا۔ اردو زبان میں سیرتِ طیبہ پر یہ ایک عظیم انسائیکلو پیڈیا ہے۔

۲۶...... سیرت سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم

یہ حضرت مولانا مفتی محمد عاشق الٰہی بلند شہری رحمہ اللہ کی تصنیف ہے، یہ سیرت طیبہ پر اردو زبان میں عام فہم، مستند اور مفصل کتاب ہے۔ کتبِ تفسیر، حدیث اور سیرت کی کتابوں سے ماخوذ با حوالہ مزین کتاب ہے۔ یہ کتاب ہر مسلم گھرانے کی ضرورت ہے۔ مندرجہ ذیل مرکزی عناوین کے تحت تفصیلاً حضور کے اسوہ حسنہ کا ذکر کیا ہے:

مکہ معظّمہ کی آبادی اور کعبہ شریف کی تعمیر، قریش مکہ کی ہٹ دھرمی، ضد اور عناد، فرمائشی معجزات کا مطالبہ، آپ کی خدمت میں جاہ و مال کی پیشکش، واقعہ معراج کی تفصیل، مشاہدات، اسرار اور حِکم، کافروں کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء پہنچانا اور حضراتِ صحابہ کرام کو مارنا پیٹنا، ہجرت کی ضرورت اور اہمیت، غیر دینی ماحول میں رہنے والوں کو تنبیہ، صبح کے موقع پر انصار مدینہ کا آپ کے ہاتھ پر بیعت کرنا، جہاد کی ضرورت اور حکمت، غزوہ بدر، غزوہ احد، غزوہ احزاب، صلح حدیبیہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکتوبات، فتح مکہ، غزوہ حنین، غزوہ تبوک، حلیہ مبارک، امتِ مسلمہ کی مائیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیاں، اعمالِ حسنہ و اخلاقِ عالیہ وغیرہ۔

تقریباً ۱۰۰۰ اصفحات پر مشتمل یہ مستند کتاب ادارۃ المعارف کراچی سے ۲ جلدوں میں شائع ہوئی ہے۔

۲۷......حیات سرورِ کائنات

یہ مارٹن لنگس (ابوبکر سراج الدین) کی تصنیف ہے۔ موصوف ۱۹۰۹ء میں لنکا شائر کے مشہور شہر یرنج میں پیدا ہوئے، آکسفورڈ یونیورسٹی سے گریجویشن کیا اور کئی برس تک لتھوانیا یونیورسٹی آف کاناس میں انگریزی لسانیات سے وابستہ رہے، انہوں نے تمام مذاہب کا بہ غائر مطالعہ کیا اور بہت جلد اس نتیجے پر پہنچ گئے کہ اسلام ہی زندگی کی سب سے بڑی صداقت ہے، اور یہی وہ راستہ ہے جس پر چل کر حقیقی ودائمی کامیابی مل سکتی ہے۔ ۱۹۳۸ء میں پروفیسر شیخ عبدالواحد یحیی کے ذریعے قبول اسلام سے مشرف ہوئے اور ایمان وایقان کی پوری حرارت کے ساتھ مصر کا سفر کیا، وہاں قاہرہ یونیورسٹی میں انگریزی ادب کے استاذ کی حیثیت سے تقرر ہو گیا، قاہرہ کی علمی فضا میں انہیں مطالعہ وتحقیق کا مزید موقع ملا، موصوف نے کئی کتابیں تصنیف کی ہیں، ان میں ایک کتاب

(Mohammad based on earliest sources)

ہے، جس کا اردو ترجمہ سید معین الدین احمد قادری نے ''حیاتِ سرورِ کائنات'' کے نام سے کیا ہے۔ ۷۵۸ صفحات پر مشتمل یہ کتاب الفیصل ناشران وتاجران کتب لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۲۸......مقالاتِ سیرت

مرتب پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر صاحب، یہ مقالات دو جلدوں پر مشتمل ہیں، جس میں پہلی سہ روزہ بین الاقوامی سیرت کانفرنس منعقدہ (۱۱۔۱۲۔۱۳) فروری ۲۰۰۰ء میں پڑھے گئے علمی وبیش بہا تحقیقی مقالات کو یکجا کیا گیا ہے، پہلی جلد میں مندرجہ ذیل ۱۹ موضوعات پر تحقیقی مقالات ہیں:

۱......سیرت نگاری کا صحیح منہج

۲......سیرت نگاری کا منہج

۳......سیرت نگاری کے ابتدائی مراحل
۴......فن سیرت کے ابتدائی مراحل
۵......کتب طبقات، تاریخ اور اسماء رجال میں سیرت نگاری کا منہج
۶......عہد نبوی میں اسلامی معاشرے پر مواخات کے اثرات
۷......سیاسی امور و معاملات، انتہاء پسندانہ رویئے اور منہج نبوی
۸......سیرت نبوی اور تہذیبی کشمکش
۹......رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نفسیاتی طریقہ کار
۱۰...... باجگذاران روم وفارس سے معاہدات نبوی
۱۱......تربیت نبوی کا منہج
۱۲......سیرت نبوی کا ایک گمشدہ باب (ربائب النبی صلی اللہ علیہ وسلم)
۱۳......مراثی رسول اور ان کی تاریخی، ادبی اور دینی حیثیت
۱۴......تقدیس والدی المصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ
۱۵......سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا جمالیاتی پہلو
۱۶...... پاکستان میں سیرت نگاری کے موضوع پر فارسی کے قلمی نسخوں پر ایک تحقیقی منظر
۱۷......سیرت نگاری کی ابتداء اور سندھی علماء کے چند مخطوطاتِ سیرت کا جائزہ
۱۸......علمائے سندھ کے تصنیف کئے گئے کچھ غیر مطبوعہ قدیم مخطوطاتِ سیرت کا جائزہ
۱۹......الدرر فی اختصار المغازی والسیر علامہ ابن عبدالبر القرطبی

دوسری جلد میں مندرجہ ذیل عنوانات پر مقالات ہیں:

۱...... بلوچستان میں اردو سیرت نگاری کا ارتقاء
۲...... بنگلہ زبان میں سیرت نگاری کا ارتقاء
۳...... برصغیر پاک و ہند میں میں سیرت نگاری

۴...... برصغیر پاک و ہند میں سیرت نگاری کا تنقیدی جائزہ

۵...... برصغیر میں سیرت نگاری کا شعری منہج

۶...... سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور عصر حاضر کے مسائل

۷...... عصر حاضر کے مسائل کا سیرت رسول کی روشنی میں جائزہ

۸...... سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے امتیازات

۹...... غربت وافلاس کا خاتمہ سیرت طیبہ کی روشنی میں

۱۰...... سیرت نبوی کی روشنی میں انسدادِ دہشت گردی

۸۱۸ صفحات پر مشتمل یہ علمی وتحقیقی مقالات سیرت چیئر اسلامی یونیورسٹی بہاولپور سے شائع ہوئے ہیں۔

تیسری بین الاقوامی سیرت النبی کانفرنس (۲۰۔ ۲۱۔ ۲۲) اپریل ۲۰۰۷ء میں منعقد ہوئی، جس میں عصر حاضر میں سیرت نبوی کو پیش آمدہ چیلنجز، موجودہ دور میں سیرت نبوی اور احادیث نبوی کی اشاعت کی ضرورت واہمیت، جمع وتدوین حدیث کے مراحل، پاکستان میں بچوں کے لئے سیرت نگاری، ''تدوین حدیث'' چودہ صدیوں میں ہونے والے کام کا علمی وتحقیقی جائزہ، جیسے اہم عنوانات پر نہایت گراں قدر تحقیقی مقالات ہیں۔

چوتھی بین الاقوامی سیرت النبی کانفرنس (۵۔ ۶۔ ۷) دسمبر ۲۰۱۰ء کو منعقد ہوئی، جس میں ''بنیادی انسانی حقوق سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں'' اس عنوان پر ۷ مختلف اہل علم کے تحقیقی مقالات ہیں، جب کہ دوسری جلد میں ''مکالمہ بین المذاہب سیرت النبی کی روشنی میں'' اس عنوان پر ۷ علمی وتحقیقی مقالات ہیں۔ ان تین کانفرنسوں میں پڑھے گئے مقالات ''مقالاتِ سیرت نبوی'' کے نام سے چھ جلدوں میں اسلامی یونیورسٹی بہاولپور سے شائع ہوئے ہیں۔

۲۹ ...... شیم الحبیب فی خصائل النبی الحبیب

یہ حضرت مولانا مفتی الٰہی بخش صاحب کاندھلوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۴۵ھ) کی تصنیف ہے، جس کا اردو ترجمہ ''شمر الطیب'' کے نام سے حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ نے کیا ہے، اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عادات وخصائل، محامد ومحاسن، شرافت وکرامت کا دلآویز تذکرہ بھرپور عشق ومحبت کے ساتھ کیا گیا ہے۔ کتاب کے مضامین امام ترمذی رحمہ اللہ کی شمائل اور قاضی عیاض رحمہ اللہ کی ''**الشفاء**'' سے ماخوذ ہیں، ۱۰۶ اصفحات پر مشتمل یہ رسالہ حافظ فیروز الدین صاحب نے شائع کیا ہے۔

۳۰ ...... نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

یہ کتاب جناب سلیم یزدانی صاحب کی تصنیف ہے، پہلا حصہ چار ادوار پر مشتمل ہے:

پہلا دور...... پیدائش باسعادت سے بعثت تک

دوسرا دور...... بعثت سے شعب ابی طالب کی محصوری تک

تیسرا دور...... شعب ابی طالب کی محصوری کے خاتمے سے عزم ہجرت تک

چوتھا دور...... ہجرت مکہ سے ام معبد کی خیمہ گاہ تک

کتاب کے دوسرے حصے میں حضور کی مدنی زندگی کے پانچ ادوار کا ذکر ہے:

پہلا دور...... قبا میں آمد سے غزوہ بدر تک

دوسرا دور...... سرایا کی ابتداء سے جنگ بدر تک

تیسرا دور...... غزوہ احد سے فتح مکہ تک

چوتھا دور...... جنگ حنین سے حجۃ الوداع تک

پانچواں دور...... مقصد وحی کی تکمیل اور رفیق اعلی کی جانب سفر

زبان کی سادگی اور اسلوب وبیان کی شیرینی پڑھنے والے کی دلچسپی کو اجاگر کرتی ہے،

اس میں سیرت کے واقعات کو زبان و ادب کی شگفتگی کا جامہ پہنایا گیا ہے، نوجوان نسل اور عام اردو دان طبقے کے لئے یہ ایک مفید کتاب ہے، ۵۷۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب، کتاب مارکیٹ آفس اردو بازار کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۳۱......فاران سیرت نمبر

جنوری ۱۹۵٦ء کے اس ماہنامہ رسالے میں بعض نہایت گراں قدر تحقیقی مقالات شامل ہیں، جو درج ذیل ہیں:

۱......نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چند مغربی سیرت نگار
۲......سنتِ رسول شریعت کا ماخذ ہے
۳......رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معاشی زندگی
۴......فصاحت و بلاغت کی معراج
۵......نبوتِ محمدی کا عقلی ثبوت
٦......مستشرقین کا اعتراف
۷......حضور نے انسانی معاشرت کو کیا دیا

۲۷٦ صفحات پر مشتمل یہ رسالہ کیمبل اسٹریٹ کراچی سے شائع ہوا ہے۔

۳۲......رسولِ عربی صلی اللہ علیہ وسلم

یہ کتاب محمد اجمل خان کی تصنیف ہے، یہ کتاب آٹھ فصلوں پر مشتمل ہے:

پہلی فصل......اسلام
دوسری فصل......ادیان کی ابتداء
تیسری فصل......مختلف اقوام کے ادیان
چوتھی فصل......تمدنِ عالم پر ایک نظر
پانچویں فصل......عرب جاہلیت

چھٹی فصل ......مکہ

ساتویں فصل ...... بدر، احد

آٹھویں فصل ......خاتم النبیین

۶۹۵ صفحات پر مشتمل اس کتاب میں عامیانہ انداز میں سیرت کا تذکرہ کیا گیا ہے، یہ کتاب الفیصل ناشران وتاجران کتب لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۳۳ ......سیرت سرورِ انبیاء

حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ (متوفی ۷۷۴ھ) نے ''**الفصول فی اختصار سیرة الرسول**'' کے نام سے کتاب لکھی، اس کتاب کا ترجمہ پروفیسر غلام احمد حریری نے ''سیرت سرورِ انبیاء'' کے نام سے کیا، یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے، پہلے حصے میں نہایت تفصیل کے ساتھ غزوات کا ذکر ہے، اور دوسرا حصہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال، اخلاق، خصائص، ازواج مطہرات واولاد پر مشتمل ہے۔ ۳۸۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مرکز بھوانہ بازار فیصل آباد سے شائع ہوئی ہے۔

۳۴ ......ذکر رسول صلی اللہ علیہ وسلم

یہ حضرت مولانا عبدالماجد دریا آبادی رحمہ اللہ کی تصنیف ہے، اس کتاب میں مصنف کے وہ چار مضامین ہیں جو صدقِ جدید لکھنؤ کے ماہنامہ رسالے میں شائع ہوئے تھے، وہ چار مضامین یہ ہیں:

۱......ولادت باسعادت	۲......رحمۃ للعالمین
۳......یتیموں کا والی اور غلاموں کا مولی	۴......یوم النبی

یہ چاروں درحقیقت موصوف کی وہ تقریریں ہیں جو آل انڈیا ریڈیو کے لکھنؤ اسٹیشن سے نشر ہوئی تھیں، پھر موصوف نے اضافات کے ساتھ اسے تحریر کا جامہ پہنایا، ۱۴۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مجلس نشریات اسلام سے شائع ہوئی ہے۔

۳۵......انسانِ کامل صلی اللہ علیہ وسلم

یہ محمد بن علوی مالکی حسینی رحمہ اللہ کی عربی تصنیف ہے، اس کا اردو ترجمہ جناب سید اسرار بخاری صاحب نے کیا ہے، یہ کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پاکیزہ زندگی کی ایک نہایت مختصر جھلک پیش کرتی ہے، تاہم اس بات میں کوئی شک نہیں کہ اس کتاب کے ذریعے حیاتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ان پہلوؤں کو نہایت جامع انداز میں پیش کیا گیا ہے جن کی آج ہر مسلمان اور تاریخ کے تمام طالب علموں کو ضرورت ہے، یہ کتاب انہیں گراں قدر معلومات کے پیش نظر سیرتِ مطہرہ پر ایک اچھوتی نگارش ہے اور ہر طبقہ فکر و مبلغِ علم کے لوگوں کے لئے مفید کاوش ہے، ۴۵۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۳۶......سیرت سید المرسلین

یہ حضرت مولانا قاری سید صدیق احمد صاحب باندوی رحمہ اللہ کی تصنیف ہے، اس کتاب میں حضور کی ولادت باسعادت سے لے کر وصال تک اہم واقعات کو نہایت عام فہم انداز میں بیان کیا ہے، ہر اہم عنوان کے بعد سوالات بھی ذکر کئے ہیں، عوام الناس کے لئے سیرت سے متعلق بنیادی معلومات کے لئے یہ ایک مفید کتاب ہے، ۱۱۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مجلس نشریات اسلام کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۳۷......حیات محمد صلی اللہ علیہ وسلم قرآنِ حکیم کے آئینے میں

یہ ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی صاحب کی تصنیف ہے، اس کتاب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ، دورِ نبوت کے اہم واقعات اور غزوات کو قرآنِ کریم کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے، ۲۶۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب دارالاشاعت کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۳۸......دُرِّ یتیم

یہ جناب ماہر القادری صاحب کی تصنیف ہے، مصنف اپنی اس کتاب کے متعلق فرماتے ہیں:

ناولوں اور افسانوں کی بنیاد خود تراشیدہ خاکے ہوتے ہیں جن میں انشا پرواز کا تخیّل رنگ بھرتا ہے، دُرِّ یتیم کو بھی ناول کے انداز پر لکھا گیا ہے لیکن اس ناول کا ہیرو وہ "انسانِ کامل" ہے جس سے بہتر انسان پر آج تک سورج طلوع نہیں ہوا، یہی ذاتِ گرامی خلاصہ کائنات، فخر موجودات اور شرفِ انسانیت ہے...... ہاں یہ ضرور ہے کہ بعض کیفیات اور تفصیلیں زبانِ حال سے بیان ہوئی ہیں جن میں ناول نگار کا تخیل بھی شامل ہو گیا ہے۔ (ص۴)

۴۰۰ صفحات پر مشتمل اس ناول میں آپ کی ولادت سے وصال تک کے احوال کو نہایت عقیدت و محبت کے ساتھ فصیح اردو ادب میں پیش کیا ہے، انداز اس قدر دلنشین اور جاذب ہے کہ کسی لمحے اکتاہٹ نہیں ہوتی۔ بچوں کے لئے "سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم قدم بہ قدم" اور بڑوں کے لئے "دُرِّ یتیم" کا مطالعہ نہایت مفید ہے، یہ کتاب گوشہ ادب انارکلی لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۳۹......سیرۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم من القرآن

یہ سید محمد رضوان اللہ اور انتظام اللہ شہابی دو مصنفین کی مرتب کردہ کتاب ہے، یہ تالیف اپنی نوعیت کی ایک انوکھی کاوش ہے کہ قرآنِ کریم کی روشنی میں آپ کی حیات مبارکہ کا ذکر کیا گیا ہے، کلام الٰہی سے آپ کے اسوہ حسنہ، عبادات، تعلیمات، غزوات اور احکامات کا تذکرہ کیا ہے، یہ سیرت کی سیرت اور کلام ربانی کی ایک معتد بہ حصے کی تفسیر بھی ہے، اس کے مطالعہ سے حضور کی سیرت اور ترجمہ قرآن سے قارئین کو ایک گہرا معنوی تعلق بھی ان شاء اللہ پیدا ہوگا۔ ۴۴۸ صفحات پر مشتمل یہ کتاب دائرۃ المعارف قرآنیہ کراچی سے

شائع ہوئی ہے۔

۴۰......رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم

یہ رئیس احمد جعفری صاحب کی تصنیف ہے، مصنف کتاب کے مقدمے میں لکھتے ہیں:

> قدیم طرزِ سوانح نویسی یہ تھا کہ صاحبِ سیرت کے حالات وسوانح، تاریخ وسنین کی ترتیب سے بیان کر دیئے جائیں، اور جدید طرزِ سوانح نویسی یہ ہے کہ صاحب سیرت کے عنواناتِ حیات جداگانہ طور پر منطقی ترتیب کے ساتھ بسط وتفصیل اور شرح ووضاحت کے ساتھ بیان کئے جائیں، میں نے یہی آخری طرز کو ملحوظ رکھا ہے اور پوری کوشش کی ہے کہ تحقیق کا دامن کہیں بھی ہاتھ سے چھوٹنے نہ پائے۔ (ص۲،۳)

اس کتاب میں تاریخ اور اس کا پس منظر، عرب جس کا چرچا ہے یہ کچھ وہ کیا تھا؟ ایام شباب، ابتلاء وآزمائش، خلق عظیم، جمالِ نبوت، فصاحت وبلاغت اور خطابت نیز غزوات کا تفصیلی ذکر کیا ہے، ۴۴۴ صفحات پر مشتمل یہ کتاب اشاعت منزل لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۴۱......اسوہ حسنہ

علامہ ابن قیم رحمہ اللہ نے سیرت پر نہایت مقبول ومعروف کتاب ''**زاد المعاد فی ھدی خیر العباد**'' تالیف کی، اس کتاب کا اختصار مصر کے ایک روشن خیال عالم شیخ محمد ابو زید نے ''**ھدی الرسول**'' کے نام سے کیا، اس اختصار کا اردو ترجمہ ''اسوہ حسنہ'' کے نام سے مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی نے کیا، یہ کتاب چھ ابواب پر مشتمل ہے:

۱......رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت

۲......آپ کی عبادات کا بیان

۳......آپ کے غزوات

۴......آپ کے مقدمات وتعزیرات

۵......رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام

۶......حفظِ صحت اور حالتِ مرض

۲۶۸ صفحات پر مشتمل یہ کتاب میر محمد کتب خانہ کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۴۲......سیرت الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

ڈاکٹر محمد حسین ہیکل نے ''حیات محمد صلی اللہ علیہ وسلم'' تالیف کی، انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی سوانح پر ''الصدیق أبو بکر'' اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی سوانح پر ''الفاروق عمر'' کے نام سے دو جلدوں میں کتاب تالیف کی، حیاتِ محمد کا اردو ترجمہ مولانا محمد وارث کامل نے ''سیرت الرسول صلی اللہ علیہ وسلم'' کے نام سے کیا، یہ کتاب ۳۱ ابواب پر مشتمل ہے، اس کتاب میں ولادت سے وصال تک سیرتِ طیبہ کا تذکرہ ادبی انداز میں کیا گیا ہے۔ ۷۰۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مکتبہ کارواں کچہری روڈ لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۴۳......سیرتِ کبری

یہ مولانا ابوالقاسم رفیق دلاوری رحمہ اللہ صاحب ائمہ تلبیس، رئیس قادیان، سیرت ذوالنورین کی تصنیف ہے۔ دو جلدوں پر مشتمل یہ کتاب ۲۶۴ فصلوں پر مشتمل ہے، کتاب کے شروع میں ایک علمی مقدمہ ہے، جو ۲۲ مقالوں پر مشتمل ہے، اس میں ضرورتِ وحی، منصبِ نبوت کی حقیقت، اس کے لوازم و خصائص اور قبل از اسلام دنیا کے متمدن ممالک اور خصوصًا عرب کی مذہبی اور اخلاقی حالت کا تذکرہ ہے۔ اصل کتاب میں آپ کا نسب مبارک حضرت ابراہیم خلیل اللہ سے لے کر آپ کے والد ماجد تک، خاندانی حالات، آپ کی بعثت کی بشارتیں، عہد طفلی، قبل از بعثت کی چہل سالہ زندگی، نزولِ وحی، برملا تبلیغ حق کا فرمان خداوندی، دعوت کی مشکلات، مخالفتِ قریش کے اسباب، قریش کی چیرہ دستیاں، صحابہ کی مظلومی، حبشہ کی طرف پہلی ہجرت، راہِ تبلیغ میں قریش کی مزاحمتیں اور آپ کے قتل وجان ستانی کی پیہم کوشش، حبشہ کی طرف دوسری ہجرت، آپ کو زن، زر اور حکومت کی

پیشکش، حضرت حمزہ اور حضرت عمر کا قبولِ اسلام، ام المؤمنین حضرت خدیجہ کا سفر آخرت، مجلس ایذا رسانی کا قیام، معراج، تبلیغی دورے، اہل یثرب کی بیعتِ اسلام، معجزہ شق القمر، ہجرت الی المدینہ، قبا میں ورود، مدینہ منورہ میں داخلہ، مہاجرین وانصار میں اخوت ویگانگت کا قیام، حضرت عبداللہ بن سلام کا قبول اسلام، مسجد نبوی کی تعمیر، منافقوں کا ظہور، یہود سے معاہدہ، یہودی قوم کے اغراض وافکار کے اسباب، تحویلِ قبلہ، فرضیتِ رمضان، مسلمانوں کو تلوار اٹھانے کی اجازت، غزوات اور سرایا کا تفصیلی تذکرہ۔

سیرت طیبہ کا کوئی اہم گوشہ ایسا نہیں جو مصنف سے چھُوٹا ہو۔ اس کتاب میں سیرت کے ہر اہم واقعے کو نئی فصل سے شروع کیا ہے۔ ۱۰۲۴ صفحات پر مشتمل اس علمی اور معلومات افزاں کتاب کو کمپوزنگ کر کے تحقیق وتخریج کے ساتھ شائع کیا جائے تو یہ عوام وخواص کے لئے یکساں مفید ہوگی۔ یہ کتاب مکتبہ صدیقیہ بیرون بوہڑ دروازہ ملتان سے شائع ہوئی ہے۔

۴۴......پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم

نامور محقق عالم ڈاکٹر محمد حمید اللہ رحمہ اللہ نے فرانسیسی زبان میں سیرتِ رسول پر ایک عالمی شہرت یافتہ کتاب ’’Le Prophete de l'Islam‘‘ کے نام سے تصنیف کی، اس کتاب کا اردو ترجمہ پروفیسر خالد پرویز نے ’’پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم‘‘ کے نام سے کیا، مترجم ڈاکٹر محمد حمید اللہ رحمہ اللہ کی کتاب ’’دنیا کا قدیم ترین مجموعہ حدیث‘‘ کی تزئین اور ان کی دو انگریزی کتابوں کا ترجمہ اس نام سے پہلے کر چکے ہیں:

۱......محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

۲......رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حکمرانی وجانشینی

’’پیغمبر اسلام‘‘ ۵۱ نہایت اہم اور مفید ابواب پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب تحقیق وتدقیق، جامعیت اور بیش بہا نکتہ رس معلومات کے لحاظ سے بڑی افادیت کی حامل ہے، عوام وخواص سب کے لئے اس کا مطالعہ نہایت مفید ہے۔ ۱۷۱ صفحات پر مشتمل یہ کتاب بیکن بکس غزنی

سٹریٹ لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۴۵......سیرتِ احمد مجتبیٰ

یہ کتاب شاہ مصباح الدین شکیل کی تصنیف ہے۔ مصنف نے نہایت عرق ریزی کے ساتھ ۱۵ سال کے طویل عرصے سے تین جلدوں پر مشتمل یہ کتاب تصنیف کی۔ پہلی جلد ''ظہورِ قدسی سے مسجد قباء تک'' دوسری جلد ''قباء سے واقعہ اِفک تک'' تیسری جلد ''غزوہ خندق سے سفر آخرت تک'' کے احوال وواقعات پر مشتمل ہے، تقریباً ۲۲۰۰ صفحات پر مشتمل اس تفصیلی کتاب میں ولادت سرورِ کائنات سے وصال تک ہر ہر واقعے کو بڑے خوبصورت اور جاذب انداز میں باحوالہ نقل کیا ہے، یہ کتاب عقیدت ومحبت، اردو ادب، جامعیت، تسلسل اور استیناد کے لحاظ سے دیگر کتبِ سیرت پر فائق ہے، مجھے کتب سیرت میں یہ کتاب بہت پسند آئی، کتاب کے عدم دستیابی کی وجہ سے بالاستیعاب مطالعہ کی حسرت اب تک باقی ہے۔ اس کتاب کو (P.S.O) پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ کراچی نے شائع کیا ہے۔

۴۶......سیرتِ طیبہ

مصنف قاضی زین العابدین سجاد میرٹھی رحمہ اللہ صاحبِ تاریخ ملت وقاموس القرآن، یہ کتاب مندرجہ ذیل (۱۶) ابواب پر مشتمل ہے:

۱......اسلام سے پہلے کی دنیا عرب
۲......طلوع آفتاب نبوت
۳......آفتاب نبوت کی ضیاء گستری
۴......اعلانِ دعوت اور طوفانِ مخالفت
۵......ابتلاء کی انتہاء
۶......غم کا سال
۷......ہجرتِ مدینہ

۸......مقابلہ

۹......چمنستانِ شہادت

۱۰......باطل کی پسپائی

۱۱......میل ملاپ

۱۲......فتح مکہ

۱۳......رعبِ نبوت

۱۴......وفود کی آمد

۱۵......تکمیلِ دین

۱۶......آفتابِ نبوت کا غروب

۴۴۴ صفحات پر مشتمل یہ علمی اور مستند کتاب طلبہ جامعات اور جدید تعلیم یافتہ اصحاب کے لئے ایک مفید کتاب ہے، جس میں سیرتِ طیبہ کے تمام واقعات کو قرآنِ کریم اور حدیث وسیرت کی مستند کتابوں سے نہایت عام فہم اور شیریں زبان میں جدید اندازِ تعبیر و تفہیم کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ ۱۹۷۷ء میں مکتبہ علمیہ قاضی واڑہ میرٹھ سے شائع ہونے والا یہ نسخہ کافی بوسیدہ ہے، اگر کمپوزنگ کر کے تحقیق وتخریج کے ساتھ اس کتاب کو شائع کیا جائے تو اس کی افادیت بہت بڑھ جائے گی۔

۴۷......رسول نمبر سیارہ ڈائجسٹ

دو جلدوں میں تقریباً ۹۰۰ صفحات پر مشتمل اس ڈائجسٹ نمبر میں مشہور ومعروف علماء کے سیرتِ طیبہ کے مختلف پہلوؤں پر لکھے گئے مقالات کو جمع کیا گیا ہے، مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت علم وقلم کے آفتاب وماہتاب کے مقالات اس میں یکجا ہیں:

درود وسلام، حقائق واسرار نبوت، نقیبوں کی منادی، وحی کی حقیقت، ایمان بالرسالت کی اہمیت، نبوتِ محمدی کا عقلی ثبوت، مدنی زندگی کی ایک جھلک، عفو ودرگذر، معمولاتِ

مصطفیٰ، وفاتِ محمد اور صحابہ پر اس کا اثر، حقیقت معجزہ، تاریخ ساز مدبر، مکاتیبِ رسالت، حضور کا فنِ حرب، سیرتِ محمدیہ کا تاریخی پہلو، عشقِ رسول اور اقبال، مستشرقین اور سنتِ نبوی وغیرہ وغیرہ۔

۴۸......سیرتِ طیبہ

یہ پروفیسر غلام ربانی عزیز کی تصنیف ہے، اس کتاب میں حضور کی ولادت باسعادت سے لے کر وصال تک کے احوال کو عام فہم انداز میں یکجا کیا ہے، کتاب کے چند ذیلی عناوین درج ذیل ہیں:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سلسلہ نسب، غار حرا اور خلعتِ رسالت، ہجرتِ اول، بنو ہاشم شعب ابی طالب میں، انصار مدینہ، معراج، ہجرتِ مدینہ، مدنی زندگی، مواخات، تحویل قبلہ، دعوتی خطوط، حجۃ الوداع، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال، حدیثِ قرطاس، ازواجِ مطہرات، غزوات وسرایا، وفود، دو جلدوں میں ۷۱۵ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۴۹......اسوہ حسنہ قرآن کی روشنی میں

مصنف محمد شریف قاضی صاحب، یہ کتاب مندرجہ ذیل ابواب پر مشتمل ہے:

۱......حضور کا اسوہ حسنہ

۲......بعثت کا مقصد

۳......مقام ومنصبِ رسالت

۴......خصوصیاتِ سیرت طیبہ

۵......خصوصیات پیغام سیرت

۶......اسلامی معاشرے کی تعمیر وتزئین

۷......اسوہ حسنہ سے مستفید ہونے والوں کی چند خصوصیات

۵۲۸ صفحات پر مشتمل اس کتاب میں مندرجہ بالا عنوانات پر عام فہم انداز میں سیرت کے عملی پہلو کو اُجاگر کرتے ہوئے ایک مفید انداز میں روشنی ڈالی گئی ہے، یہ کتاب فیروز سنز لمیٹڈ لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۵۰......رہبر انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم

مصنف مولانا محمد رابع حسنی ندوی، یہ کتاب دس مندرجہ ذیل ابواب پر مشتمل ہے:

۱......انسان کے مورثِ اعلیٰ حضرت آدم علیہ السلام

۲......چھٹی صدی عیسوی میں دنیا کی حالت

۳......نسبت، ولادت اور نشو ونما کا زمانہ

۴......وحی کا آغاز، بعثت اور دعوت وتبلیغ

۵......واقعہ معراج، بیعتِ عقبہ، ہجرتِ مدینہ

۶......مدینہ منورہ کا قیام اور اجتماعی نظام

۷......حجۃ الوداع

۸......علالت ووفات

۹......خصوصیات اور شمائل وخصائص نبوی

۱۰......اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم

مصنف کو سیرت، تاریخ، ادب اور جغرافیہ پر خوب دسترس ہے، تقریباً ۵۲ سال تک یہ موضوعات آپ کے زیر مطالعہ اور درس میں رہے، تحقیق وتدقیق اور مضامین کے انتخاب کے لحاظ سے یہ کتاب نہایت مفید ہے، ہر اہم بات اصل مراجع سے باحوالہ نقل کی گئی ہے، ۴۶۴ صفحات پر مشتمل یہ کتاب دار الرشید لکھنؤ سے شائع ہوئی ہے۔ مصنف اور ناشر کی اجازت سے اگر اس کتاب کو پاکستان میں بھی شائع کیا جائے تو یہ اہلِ علم کے لئے ایک گراں قدر علمی سرمایہ ہوگا۔

۵۱......ہادی عالم صلی اللہ علیہ وسلم

یہ حضرت مولانا محمد ولی رازی مدظلہٗ کی تصنیف ہے، ۶۱۰ صفحات پر مشتمل سیرتِ طیبہ پر سب سے پہلی غیر منقوط کتاب ہے۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہٗ نے ۹ صفحات پر مشتمل ایک گراں قدر مفید مقدمہ لکھا ہے۔ یہ ضخیم اور مفید کتاب تین حصوں اور ۱۷۵ عنوانات پر مشتمل ہے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر کے دورِ اول سے لے کر وصال تک تمام واقعات کو کمالِ صحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ فرماتے ہیں:

اردو میں نقطوں سے بے نیاز ہو کر لکھنے کی کوشش اپنے آپ کو کس قدر تنگ دائرے میں مقید کرنے کے مرادف ہے۔ اس محدود دائرے میں رہ کر سیرتِ طیبہ جیسے موضوع پر تقریباً ۶۰۰ صفحات کی کتاب لکھنا ایک ایسا کارنامہ ہے جس کی کماحقہ تعریف کے لئے الفاظ مشکل ہیں اور سچ تو یہ ہے کہ اللہ تعالی کے خصوصی کرم کے سوا کوئی اور توجیہ اس کی ممکن نہیں ہے۔ (مقدمہ: ص ۱۵)

یہ کتاب دارالعلوم کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۵۲......انسانِ کامل

یہ ڈاکٹر خالد علوی کی تصنیف ہے، اس کتاب میں مندرجہ ذیل مرکزی عنوانات کے تحت مستند انداز میں باحوالہ حسنِ ترتیب کے ساتھ حضور کی سیرت کا تذکرہ کیا گیا ہے:

شخصیت آئینہ ایام میں، ذی وقار شہری، صادق وامین تاجر، افصح العرب خطیب، اولوالعزم مبلغ وداعی، کامیاب ترین داعی انقلاب، اعلی ترین معلم انسانیت، بے مثال مربی ومزکی، سپہ سالار اعظم، عظیم مدبر ومنتظم، لاثانی مقنن، عدیم النظیر منصف وقاضی، عظیم الشان معاشی ومعاشرتی اسوہ، قابل تقلید سربراہِ خاندان، خلقِ عظیم، رسولِ رحمت۔

کتب سیرت میں یہ کتاب آپ کی شخصیت، تعلیمات، اسوہ حسنہ اور استیناد کے لحاظ

سے دیگر کتب پر فائق ہے، یہ کتاب ہر لائبریری کی ضرورت ہے، زندگی میں ایک دفعہ اس کتاب کا ضرور مطالعہ کرنا چاہئے، ۶۷۸ صفحات پر مشتمل یہ کتاب الفیصل ناشران وتاجران کتب اردو بازار لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۵۳......رؤف رحیم

یہ حضرت مولانا حکیم محمد حمید اللہ بیگ صاحب کی تصنیف ہے۔ اس کتاب میں خطیبانہ انداز میں سیرت طیبہ کے اہم واقعات کا تذکرہ کیا گیا ہے، عوام الناس کے لئے یہ کتاب مفید ہے، اس میں حوالہ جات اور روایات میں تحقیق کا اہتمام نہیں کیا گیا ہے، اس لئے اس میں بہت سی روایات غیر مستند ہیں، ۶۷۱ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مشہور لیتھو آفٹ پریس کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۵۴......سیرتِ مبارکہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن اور تاریخ کے آئینے میں

یہ حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب رحمہ اللہ کی تصنیف ہے، یہ کتاب متعدد حصوں پر مشتمل ہے، پہلے حصے میں سرگذشتِ انسان کا تذکرہ ہے، انسان کیا ہے، انسانیت کیا ہے، نبوت ورسالت اور وحی کی ضرورت، انسانی استعداد اور صلاحیت کی تدریجی ترقی، انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات، دین کامل کی ضرورت، تکمیل دین۔ اس کے بعد دوسرے حصے میں عرب قبل اسلام اپنے آئینہ میں اور مکہ اور تمدن مکہ، آبادی، انقلابات، تعمیر، تہذیب، تنظیم، مملکت مکہ و بنائے کعبہ۔

تیسرے حصے میں سیرت مبارکہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن اور تاریخ کے آئینے میں، تزکیہ باطن، تہذیب اخلاق، تعمیر ملت، دعوت وتبلیغ کے قرآنی اصول اور امام الانبیاء رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کا کردار آیات واحادیث کی روشنی میں۔ تقریبًا ۵۰۰ صفحات پر مشتمل اس کتاب میں نہایت تحقیق کے ساتھ سیرت کے اہم احوال وواقعات،

عبادات و معاشرت کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ یہ کتاب مکتبہ محمودیہ لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۵۵......عہد نبوت کے غزوات وسرایا

یہ ڈاکٹر رؤفہ اقبال کی تصنیف ہے، اس کتاب میں نہایت تفصیل کے ساتھ سنین کی ترتیب کے مطابق غزوات اور سرایا کا باحوالہ تذکرہ کیا ہے، غزوات اور سرایا کا اس قدر دلنشین، جامع اور تحقیقی انداز دیگر کتب سیرت میں نہیں ہے، یہ کتاب ادارہ تحقیق وتصنیف اسلامی علی گڑھ سے شائع ہوئی ہے۔

۵۶......سنتِ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم

یہ اختر حسین بہاولپوری صاحب کی تصنیف ہے، اس میں چوبیس گھنٹے کی زندگی کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک اور نورانی طریقوں اور اعمال پر مشتمل ایک مفید کتاب ہے، جسے پڑھ کر ان شاء اللہ دلوں میں سنتوں کے اپنانے کا شوق پیدا ہوگا، ۵۷۴ صفحات پر مشتمل یہ کتاب زمزم پبلشرز کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۵۷......محمد رسول اللہ

یہ علامہ محمد رضا صاحب رحمہ اللہ کی تصنیف ہے، جس کا اردو ترجمہ مولانا محمد عادل قدوسی گنگوہی نے کیا ہے، ۸۰۲ صفحات پر مشتمل اس کتاب میں نہایت بسط کے ساتھ ولادت باسعادت سے لے کر وفات تک کے واقعات، غزاوات اور سرایا کا تذکرہ ہے، یہ کتاب تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۵۸......نقش سیرت

یہ نثار احمد ایم اے کی تصنیف ہے، یہ کتاب مندرجہ ذیل نو حصوں پر مشتمل ہے:

حصہ اول......ابتدائیہ

حصہ دوم......عکس سیرت

حصہ سوم......سحر سے پہلے
حصہ چہارم......طلوع صبح
حصہ پنجم......الوداع اے وطن
حصہ ششم......مدینہ طیبہ میں
حصہ ہفتم......نقوشِ حیات
حصہ ہشتم......تعلیماتِ نبوی
حصہ نہم......نوائے رسول

اس کتاب میں نہایت تحقیق وتدقیق کے ساتھ باحوالہ ان مندرجہ بالا موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے، ۸۳۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب ادارہ نقوش تحریر کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۵۹......پیغمبر اعظم وآخر

یہ ڈاکٹر نصیر احمد ناصر کی تصنیف ہے، یہ کتاب سیرت النبی کے عالمی مقابلہ (منعقدہ ۱۹۷۸ء) میں پانچ بہترین کتابوں میں منتخب ہوئی اور رابطہ عالم اسلامی (سعودی عرب) نے مصنف کو گراں قدر انعام دیا، یہ کتاب عشق رسول میں ڈوب کر عالم جذب ومستی میں لکھی گئی ہے، اس لئے اس کے مطالعے سے دل کو درد وسوز اور روح کو کیف وسرور ملتا ہے، اور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب وحضور کی سعادت حاصل ہوتی ہے۔ اس کتاب کا پہلا حصہ مکی زندگی پر اور دوسرا حصہ مدنی زندگی پر مشتمل ہے، پہلا حصہ مندرجہ ذیل آٹھ ابواب پر مشتمل ہے:

۱......ولادتِ سعید اور بچپن
۲......عنفوانِ شباب وجوانی
۳......رہروِ عشق ورحمت منزل نبوت کی سمت

۴…… فیضان نبوت
۵…… تحریک اسلام چلتی رہی
۶…… معاشرتی مقاطعہ سے ہجرت تک
۷…… تحریک اسلام مدینہ منورہ میں
۸…… ہجرت

دوسرا حصہ مندرجہ ذیل نو ابواب پر مشتمل ہے:

۱…… اسلامی معاشرے کی تشکیل و تعمیر
۲…… اہم ترین مسائل ثلاثہ
۳…… آپ کی تعمیری و انقلابی سرگرمیاں
۴…… مملکتِ مدینہ پر جارحیت کا آغاز
۵…… غزوہ احد
۶…… یہود و کفار کی فتنہ انگیزیوں اور دجل و فریب کا دور
۷…… جنگ احزاب سے معاہدہ حدیبیہ تک
۸…… تحریک اسلام کو عالمگیر بنانے کی کوششوں کا آغاز اور اسلام کا ثقافتی انقلاب
۹…… رحمۃ للعالمین کا دوسرا رخ

۶۵۵ صفحات پر مشتمل یہ گراں قدر، علمی و تحقیقی کتاب تاجر پرنٹرز ترکمان گیٹ دہلی سے شائع ہوئی ہے۔

۶۰…… شاہراہ سنت

یہ حضرت مولانا مفتی عبد الشکور قاسمی صاحب کی تصنیف ہے، اس میں روز مرہ معمولات سے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک سنتوں کو مستند کتابوں سے جمع کر کے امت کو ایک حسین گلدستہ پیش کیا ہے، جس کے مطالعے سے اندازہ ہوگا کہ آپ

اپنے معمولات میں کس طرح آسانی سے روزانہ بے شمار سنتوں پر عمل کر کے ہمیشہ ہمیشہ کی سعادتوں اور برکتوں سے بہرہ ور ہو سکتے ہیں۔ ۲۵۵ صفحات پر مشتمل یہ کتاب ندوۃ القلم کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۶۱ ......امام المجاہدین

یہ کتاب جناب نذر الحسن نذر صاحب کی تصنیف ہے، جس میں نبی اکرم کی سیرت کے مجاہدانہ پہلو کو اجاگر کیا گیا ہے اور بطورِ سپہ سالار آپ کی حکمتِ عملی کو موضوع بنایا گیا ہے۔ امام المجاہدین سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر لکھی گئی بے شمار کتابوں میں ایک منفرد اضافہ ہے۔ امام المجاہدین میں مدلل حوالہ جات کے ساتھ حضور کی جنگی حکمتِ عملی، غزوات کے دوران آپ پر مصائب و آلام اور نصرتِ حق کے نزول کو بیان کیا گیا ہے، ۲۸۸ صفحات پر مشتمل یہ کتاب نذر فاؤنڈیشن پنجاب سے شائع ہوئی ہے۔

۶۲ ......سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

یہ انصار الحق قریشی گہر اعظمی کی تصنیف ہے، اس میں موصوف نے آپ کی زندگی کے تمام اہم احوال وواقعات اور غزوات کو نظم کی صورت میں بیان کیا ہے، ۵۰۹ صفحات میں سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کو نظم کی صورت میں بیان کرنا ایک بہت بڑا علمی وادبی کارنامہ ہے، جس پر مصنف مبارک باد کے مستحق ہیں، یہ کتاب جہانِ حمد پبلی کیشنز کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۶۳ ...... ہادی کونین صلی اللہ علیہ وسلم

یہ حکیم محمد اسماعیل ظفر آبادی رحمہ اللہ کی تصنیف ہے، مصنف نے نو سال کے طویل عرصے میں یہ کتاب مرتب کی ہے، اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت سے وصال تک کے حالات متوسط انداز میں نقل کئے ہیں، ابتداء میں قدرے تفصیل کے ساتھ آپ کے اجداد کے حالات نقل کئے ہیں، عوام الناس کے مطالعے کے لئے یہ کتاب

مفید ہے، ۶۳۵ صفحات پر مشتمل یہ کتاب ملک سنز تاجران کتب کارخانہ فیصل آباد سے شائع ہوئی ہے۔

۶۴ ...... حیاتِ رسولِ امی صلی اللہ علیہ وسلم

مصنف خالد مسعود تلمیذ مولانا امین احسن اصلاحی، یہ کتاب چار حصوں اور ۵۰ ابواب پر مشتمل ہے:

حصہ اول ...... تاریخی پس منظر
حصہ دوم ...... حیات قبل از بعثت
حصہ سوم ...... نبوت کا مکی دور
حصہ چہارم ...... نبوت کا مدنی دور

مصنف نے جامع انداز میں ابواب کی ترتیب پر سیرت کے تقریباً تمام اہم واقعات کو بحوالہ یکجا کیا ہے، البتہ دعوتِ فکر، اسلوب وتحریر اور مزاج و مذاق میں اپنے استاذ سے کافی متاثر نظر آتے ہیں۔ ۵۹۷ صفحات پر مشتمل یہ کتاب رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۶۵ ...... سیرتِ پاک

یہ حضرت مولانا محمد اسلم قاسمی صاحب صاحبزادہ حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ کی تصنیف ہے۔ اس کتاب میں نہایت عام فہم انداز میں رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے تمام گوشوں پر گفتگو کی گئی ہے، اس میں ولادت سے وصال تک حسنِ ترتیب کے ساتھ سیرتِ طیبہ کے مستند احوال پیش کئے گئے ہیں۔ اس میں آپ کی معاشرتی و اخلاقی پہلوؤں کو بھی اجاگر کیا گیا ہے، عوام الناس اور عام اردو دان طبقے کے لئے یہ مفید کتاب ہے، ۶۲۴ صفحات پر مشتمل یہ کتاب ادارہ اسلامیات لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۶۶ ......سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم

انتخاب وکاوش: محمد اسحاق ملتانی، ترتیب وتحسین: مولانا زاہد محمود قاسی صاحب۔

یہ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے:

پہلا حصہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت سے لے کر نزولِ وحی سے قبل تک کے حالات پر مشتمل ہے۔ یہ حصہ تقریبًا سیرتِ مصطفیٰ سے ماخوذ ہے۔ دوسرا حصہ سن ۲ ہجری سے وفات تک کے حالات وواقعات پر مشتمل ہے، یہ بھی مکمل سیرتِ مصطفیٰ سے ماخوذ ہے۔ تیسرا حصہ پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ اس میں پہلا باب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیہ ولباس مبارک وغیرہ سے متعلق ہے جو کہ مفتی محمد سلمان منصور پوری کی کتاب ''خصائل مصطفیٰ'' سے ماخوذ ہے۔ دوسرا باب حضور کے اجداد، خاندان، ازواجِ مطہرات اور اولاد پر مشتمل ہے، یہ سیرت رحمۃ للعالمین مولانا محمد سلمان منصور پوری کی کتاب سے ماخوذ ہے۔ تیسرا باب گلزار سنت کے عنوان سے ہے جس میں شب وروز کے مسنون اعمال اور دعاؤں کا ذکر ہے، یہ ''گلزار سنت'' مولانا محمد میاں اصغر حسین شاہ صاحب کی کتاب سے ماخوذ ہے۔ چوتھا باب معجزات سے متعلق ہے، جو ''ترجمان السنۃ'' سے ماخوذ ہے۔ پانچویں باب میں حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ کا ''ختم نبوت'' کے عنوان پر بے حد نافع بیان ہے۔ اس کتاب میں کتب سیرت وحدیث سے انتخاب کر کے سیرت کے مضامین کو حسن ترتیب کے ساتھ عوام الناس کے لئے عام فہم انداز میں یکجا کیا ہے، ۱۶۰۰ صفحات پر مشتمل یہ ضخیم کتاب ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان سے شائع ہوئی ہے۔

۶۷ ......محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم انسائیکلو پیڈیا

یہ ڈاکٹر ذوالفقار کاظم صاحب کی تصنیف ہے، جس میں موصوف نے سلسلہ نسب اور ولادت باسعادت سے لے کر وصال مبارک تک حوالوں کے ساتھ سیرت النبی پر سوال وجواب کی صورت میں ایک مکمل ومفصل کتاب تصنیف کی، اس میں مندرجہ ذیل مرکزی

عنوانات کے تحت آپ کی سیرت کے تقریباً ہر ہر گوشے کا احاطہ کیا گیا ہے:

عرب قبل از اسلام، خاندانِ نبوت قبل از بعثت، بعثتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے اعلانِ نبوت تک، ہجرت حبشہ سے ہجرت مدینہ تک، سرایا اور غزوات، صلح حدیبیہ سے فتح مکہ تک، حضور کی آمد سے وصال تک، اہل بیت اور رشتہ دار، شمائل وخصائل نبوی، اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم، حضور کے زیر استعمال اشیاء اور جانور، حیاتِ طیبہ پر ایک نظر۔

۴۲۷ صفحات پر مشتمل یہ کتاب بیت العلوم لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

۶۸ ...... رہبر و رہنما

یہ حضرت مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی شہید رحمہ اللہ کی تصنیف ہے، مصنف نے اس کتاب میں حضور کی زندگی کے (۱۶) اہم پہلوؤں پر گفتگو کی ہے، ہر پہلو ایسے اسلوب کے ساتھ زیب تحریر ہے کہ اس میں مذکور وصف سے ناظرین اندازہ کر سکیں گے کہ اگر آپ دوسرے کسی بھی وصف سے موصوف نہ ہوتے تب بھی اس کمال میں آپ کا مرتبہ جمیع آفاق سے بلند ہے، اس طرح ہر پہلو آپ کا امتیازی وصف ہے، اس کتاب میں عرب کی جغرافیائی حیثیت، آپ کی زندگی کے اہم واقعات، شمائل، عبادت وعادات، ازواجِ مطہرات، ازواج واولاد، غزوات اور وفود کا تذکرہ ہے۔ ۳۵۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب ادارہ اشاعت المعارف فیصل آباد سے شائع ہوئی ہے۔

۶۹ ...... اٹلس سیرتِ نبوی

دکتور شوقی ابو خلیل نے دو نہایت بلند پایہ کتابیں تصنیف کیں:

(۱) **اطلس القرآن: أماكن، أقوام، أعلام** (قرآنی اٹلس: مقامات، اقوام اور شخصیات کا تذکرہ) (۲) **اطلس السيرة النبوية** (اٹلس سیرتِ نبوی: مقامات، واقعات، غزوات وسرایا، قبائل وشخصیات اور محدثین کا تذکرہ)

اس کتاب کا اردو ترجمہ شیخ الحدیث حافظ محمد امین صاحب نے کیا ہے، یہ اردو میں اپنی

نوعیت کی اولین پیشکش ہے، جو قدیم وجدید وجغرافیائی نقشوں اور نادر تاریخی تصاویر سے مزین ہے، اس کتاب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے واقعات، غزوات اور سراپا کو چہار رنگ نقشوں کے ساتھ پیش کیا گیا ہے، اور ساتھ ساتھ مقامات واماکن کی رنگین تصاویر اور اضافی توضیحات وتشریحات بھی ذکر کی گئی ہیں۔ ۵۰۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب دارالسلام سے شائع ہوئی ہے۔

۷۰...... ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم

مصنف اہلیہ ڈاکٹر سہراب انور، اس کتاب میں ولادت سے وصال تک کے احوال کو نہایت عام فہم انداز میں نقل کیا گیا ہے، یہ کتاب نوعمر بچوں اور بچیوں کے مطالعہ کے لئے نہایت مفید ہے، تاکہ یہ حضور کے اسوہ حسنہ، آپ کے اخلاق وکردار، سیرت وتعلیمات سے متعارف ہوں۔ ۵۲۴ صفحات پر مشتمل یہ کتاب دارالاشاعت کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۷۱...... نقوش پائے مصطفیٰ

مصنف استاذ ابومحمد عبدالمالک صاحب مدظلہ، اس کتاب میں بنیادی طور پر ان مقامات کا تعارف ہے جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قدمین شریفین لگے ہیں، کتاب کی ترتیب کتبِ سیرت کے طرز پر ہے، آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے احوال سے ابتداء کرکے وفاتِ حسرت تک کی سوانح مقدسہ کا ترتیب وار بیان ہے، اس ترتیب کے مطابق جہاں جہاں مقامات وآثار کا ذکر آتا گیا ان کی تفصیل بھی بیان کی گئی ہے، یوں یہ کتاب جغرافیہ، سیرت اور احوالِ سیرت دونوں کا مجموعہ ہے، اجمالی طور پر یہ کتاب چار حصوں پر تقسیم ہے:

۱...... حیاتِ سعیدہ کے پہلے چالیس سال

۲...... نبوت کے پہلے ۱۳ سال

۳...... مدینہ منورہ کے شب وروز

۴...... **مدینہ منورہ میں آثارِ نبوی** (اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب مدینہ طیبہ کے آثار و یادگار مقامات کا تعارف ہے، اور آخر میں سفرِ آخرت و مرض الوفات کا بیان ہے۔ ص: ۱۵) ۳۷۵ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مکتبۃ العرب سے شائع ہوئی ہے۔

۷۲...... سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم قدم بہ قدم

یہ عبداللہ فارانی صاحب کی تصنیف ہے، یہ کتاب موصوف نے نہایت سہل اور عام فہم انداز میں بچوں کے لئے لکھی ہے، بے سروپا و بے فائدہ لٹریچر کے بجائے اس کتاب کا مطالعہ بچوں کی شخصیت نکھارنے میں ان شاء اللہ بہت مفید ثابت ہوگا، اس میں حضور کی ولادت باسعادت سے لے کر وفات تک تمام اہم احوال و واقعات کو سلیس انداز میں یکجا کیا ہے، کتاب اس قدر دلچسپ ہے کہ ایک ہی نشست میں پڑھنے کا دل کرتا ہے۔ بچوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت سے متعارف کرانے کے لئے اس کتاب کا ایک دفعہ ضرور مطالعہ کرانا چاہئے، دو جلدوں پر مشتمل یہ کتاب ایم آئی ایس پبلشرز کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

غیر مسلم مصنفین کی سیرت پر تصانیف و مقالات

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ، آپ کا مقام و مرتبہ، آپ کی عالمگیر نبوت اور اس کے اثرات، آپ کے بلند پایہ اخلاق، تعلیماتِ نبویہ پر صرف مسلمانوں نے ہی نہیں بلکہ غیر مسلموں نے بھی کئی کتابیں اور مقالات آپ کی زندگی کے مختلف گوشوں پر تصنیف کئے ہیں، مثلاً:

شردھے پرکاش دیو جی کی ''حضرت محمد صاحب بانی اسلام'' سوامی لکشمن پرشادی جی کی ''عرب کا چاند'' پنڈت سندر لال کی ''حضرت محمد اور اسلام'' بابو کنج لال ایم اے کی ''حضرت محمد اور اسلام'' رگھوناتھ سہائے کی ''پیغمبر اسلام'' ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ کی ''وحدانیت کا متوالہ'' گوبند رام سیٹھی کی ''چار مینار'' پروفیسر لاجہت رائے نیر کی ''حضرت محمد صاحب کی سوانح عمری'' پنڈت وید پرکاش کی ''انتم رشی اور محمد'' سردار رام سنگھ گیانی کی ''مسلمان اور ان کے نبی کی تعلیم'' اسی طرح ہندوؤں اور سکھوں نے اخبارات و رسائل میں بھی بے شمار مضامین لکھے ہیں جن میں حضور کی سوانح اور سیرت و کردار پر روشنی ڈالی ہے، ایسے مضامین بعد ازاں کتابی شکل میں بھی شائع ہوئے ہیں، مثلاً سید سرور شاہ گیلانی کی ''جگت گرو'' اس میں آٹھ ہندو زعماء کے مضامین شامل ہیں۔ اسی طرح آٹھ ہندو دانشوروں کے لیکچروں کا مجموعہ ''جگت مہارشی'' کے نام سے شائع ہوا ہے۔ اسی طرح ڈاکٹر لکشمی کا مضمون ''عرب کا مہمان آتما'' ڈاکٹر شنکر داس مہر کا ''پیغمبر اسلام اور ان کی نئی راہ'' لالہ رام لال ورما کا ''حضرت محمد کی تعلیم جمہوریت اور اخوت'' پنڈت چمپوہتی ایم اے کا ''ہمالیہ کی برفانی چوٹیوں سے عرب کے ریتلے ٹیلوں تک'' رانا بھگوان داس کے تین مضامین بعنوان ''رسول اللہ کی مکمل زندگی کے اخلاقِ حسنہ'' ''رسول اللہ کا نظام سلطنت'' اور ''رسول اللہ کی بہترین سیاست'' اور مالک رام کا مضمون ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' اسی طرح طالب حسین کرپالوی

کی لکھی ہوئی ''سیرت النبی'' کی جلد چہارم ہندو اور سکھ بزرگوں کی منظومات، نثر پاروں اور اقتباسات پر مشتمل ہے۔

یہ اور دیگر اس طرح کئی مضامین شائع ہو چکے ہیں۔ غیر مسلموں کے مضامین اور آراء کے لئے ان کتابوں کا مطالعہ کریں:

۱...... محمد رسول اللہ غیر مسلموں کی نظر میں/ مصنف مولانا حنیف یزدانی/ ناشر مکتبہ نذیریہ لاہور

۲...... سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم اغیار کی نظر میں/ حاجی سید بشیر احمد شاہ/ کتاب مرکز گوجرانولہ

۳...... مقام رسول صلی اللہ علیہ وسلم اپنوں اور غیروں کی نظر میں/ محمد کمبوہ/ دار الکتاب اردو بازار لاہور

۴...... رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مغربی اہل دانش کی نظر میں/ پروفیسر شریف بقا/ مکتبہ تعمیر انسانیت لاہور

۵...... تجملیاتِ سیرت/ حافظ محمد ثانی/ فضلی سنز لمیٹڈ لاہور

۶...... حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم غیر مسلم دانشوروں کی نظر میں/ ساجد امین خان/ سویرا پبلی کیشنز، لاہور۔

۷...... محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سرکار میں ایک سکھ کی قلمی عقیدت/ سردار گوردت سنگھ/ مکتبہ تعمیر انسانیت، لاہور۔

۸...... محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے غیر مسلم مداح اور ثناء خواں/ عنصر صابری/ دار التذکیر، لاہور۔

۹...... محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہندو کتابوں میں/ ابن الاکبر الاعظمی/ دار الاندلس، لاہور۔

۱۰...... پیغمبر اسلام غیر مسلموں کی نظر میں/ محمد یحیی خان/ پیام پبلشرز، لاہور۔

اردو زبان میں سیرت کے مختلف گوشوں پر لکھی گئی کتابوں کی فہرست

۱......ابدی پیغام کے آخری پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم/ ضیاء الدین کرمانی/ محمد عتیق الرحمٰن تھانوی، کراچی۔

۲......احسان رسول/ پروفیسر محمد طاہر مصطفیٰ/ صادق پبلی کیشنز، لاہور۔

۳......اخلاقِ رسول/ محمد ندیم باری/ مکتبہ نوریہ رضویہ، فیصل آباد۔

۴......اخلاقِ پیغمبری صلی اللہ علیہ وسلم/ غالب ہاشمی/ القمر انٹرپرائزز، لاہور۔

۵......اخلاقِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم/ تنویر مبشر/ نگارشات، لاہور۔

۶......اذکارِ سیرت/ پروفیسر سید محمد سلیم/ زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، کراچی۔

۷......ارمغانِ سیرت رسول/ پروفیسر محمد عبدالجبار شیخ/ ادارہ تعلیمات سیرت، سیالکوٹ۔

۸......ارتداد اور توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اسلامی شریعت کی رو سے/ ڈاکٹر محمد اسرار مدنی، مترجم مقبول الٰہی/ ادارہ اسلامیات، لاہور۔

۹......اردو نثر میں سیرتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم/ ڈاکٹر انور محمود خالد/ اقبال اکیڈمی، لاہور۔

۱۰......ارشادات رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم/ منیر احمد/ منیر احمد، لاہور۔

۱۱......ازواج الرسول امہات المؤمنین رضی اللہ عنہن/ نواز رومانوی/ نوریہ رضویہ پبلی کیشنز، لاہور۔

۱۲......اسلامی قیادت سیرتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آئینے میں/ خرم جاہ مراد/ اسلامک پبلی کیشنز، لاہور۔

۱۳......اسماء النبی الکریم/ محمد برکت علی/ دارالاحسان، لاہور۔

۱۴......اسمائے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم/ ڈاکٹر محمد طاہر القادری/ منہاج القرآن، لاہور۔

۱۵......اسمائے نبوی صلی اللہ علیہ وسلم/ سید آل احمد رضوی/ ماڈرن بک ڈپو، لاہور۔

۱۶......اسلام اور عصر حاضر کے مسائل کا حل سیرتِ طیبہ کی روشنی میں/ پروفیسر عبد

الماجد/ ہزارہ سوسائٹی فار سائنس ریلیجن ڈائیلاگ، ہزارہ۔

۱۷......اسلام کا عسکری نظام، (سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں) تسنیم کوثر/صادق پبلشرز، لاہور۔

۱۸......اسلام کا نظام حیات، (سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں) ڈاکٹر لیاقت علی خان نیازی/سنگ میل، لاہور۔

۱۹......اسلام، پیغمبر اسلام اور مستشرقین مغرب کا اندازِ فکر/ ڈاکٹر عبدالقادر جیلانی/ کتاب سرائے، لاہور۔

۲۰......اسوہ حسنہ/ بنت الاسلام/ بزم مقبول، لاہور۔

۲۱......اسوہ حسنہ/حمید احمد خان/ سیرت فاؤنڈیشن، لاہور۔

۲۲......اسوہ حسنہ/ قاضی محمد شریف/ مکتبہ تعمیر انسانیت، لاہور۔

۲۳......اسوہ حسنہ اور علم نفسیات/ سیدہ سعدیہ غزنوی/ الفیصل ناشران، لاہور۔

۲۴......اسوہ حسنہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم/ اختر احسن/ اسلامی مشن، لاہور۔

۲۵......اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم/ اسرار احمد/ انجمن خدام القرآن، لاہور۔

۲۶......اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم/ سید حیدر فوق بلگرامی/علی پبلی کیشنز، لاہور۔

۲۷......اُسوہ حسنہ/انوار اللہ طیبی/کرمانوالہ بک شاپ، لاہور۔

۲۸......اُسوہ رسول اور کم سن بچے/بیگم و محمد مسعود عبدہ/مکتبہ سلفیہ، لاہور۔

۲۹......اسم محمد/ابو محمد عبد المالک/مکتبہ الرازی نیوٹاؤن، کراچی۔

۳۰......اسیران جمال مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم/ ڈاکٹر محمد طاہر القادری/ منہاج القرآن، لاہور۔

۳۱......اصول سیرت نگاری/ پروفیسر ڈاکٹر محمد صلاح الدین ثانی/مکتبہ شبیر احمد عثمانی، کراچی۔

۳۲......اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم/ آغا اشرف/ بستان ادب، لاہور۔

۳۳......اطاعت و محبت رسول/ محمد ندیم باری/ مکتبہ نوریہ رضویہ، فیصل آباد۔

۳۴......اقضیۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم/ ضیاء الرحمٰن اعظمی/ ادارہ معارف اسلامی، لاہور۔

۳۵......الامین صلی اللہ علیہ وسلم/ محمد رفیق ڈوگر/ دید شنید پبلشرز، لاہور۔

۳۶......الحبیب/ حسن اختر/ المصطفیٰ پبلی کیشنز، کراچی۔

۳۷......الرسول/ سعد حوی/ مترجم: علامہ مختار احمد رومی/ ضیاء القرآن، لاہور۔

۳۸......الروح والریحان/ محمد وقاص/ البدر، لاہور۔

۳۹......الفوز العظیم/ فائزہ احسان صدیقی/ اسلامک فاؤنڈیشن آف پاکستان، کراچی۔

۴۰......المصطفیٰ/ سرفراز محمد بھٹی/ تقسیم کار/ الفیصل، لاہور۔

۴۱......المعراج/ سید افتخار الحسن/ مکتبہ نوریہ رضویہ، فیصل آباد۔

۴۲......اللہ اور اس کے رسول سے محبت کے تقاضے/ ابویحییٰ محمد زکریا زاہد/ اسلامی اکیڈمی، لاہور۔

۴۳......اللہ کے آخری رسول/ منصور احمد/ عظیم سنز، لاہور۔

۴۴......اللہ کے شاہکار محمد/ عبدالحق ظفر چشتی/ ضیاء القرآن، لاہور۔

۴۵......اللہ کے نبی قرآن کی نظر میں/ محمد اسماعیل/ مشتاق بک کارنر، لاہور۔

۴۶......اللہ کے محبوب/ خواجہ شمس الدین عظیمی/ مراقبہ ہال، کوئٹہ۔

۴۷...... الموسوعۃ القضائیۃ (رسول اللہ کے فیصلے)/ تحقیق و ترتیب ریسرچ کمیٹی، فلاح فاؤنڈیشن پاکستان، تقسیم کار فضلی سنز، کراچی۔

۴۸......امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم/ محمد اقبال انجم/ فروغ ادب اکیڈمی، لاہور۔

۴۹......ام النبی/ ڈاکٹر عائشہ بنت الشاطی/ مترجم: محمد اکرم/ ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور۔

۵۰......امام المجاہدین/ نذر الحسن نذر/ علم و عرفان، لاہور۔

۵۱...... امراض قلب، طب نبوی اور جدید سائنس / حکیم محمد ادریس لدھیانوی / دارالکتاب، لاہور۔

۵۲...... النبی الامی بحیثیت معلم عالمین / ظہور احمد کراچی۔

۵۳...... النبی الامی / محمد الخطیب / مترجم: علامہ ملک محمد بوستان / ضیاء القرآن، لاہور۔

۵۴...... انسان اور رہبر انسانیت / حافظ مبشر حسین / مبشر اکیڈمی، لاہور۔

۵۵...... انسائیکلو پیڈیا بریٹینیکا میں پیغمبر اسلام پر بہتان کا مدلل جواب / ڈاکٹر ملک غلام مرتضیٰ / جہانگیر بک ڈپو، لاہور۔

۵۶...... انتخاب نعت / عبدالغفور قمر / عبدالغفور قمر، لاہور۔

۵۷...... انسان اور رہبر انسانیت / مبشر حسین / مبشر اکیڈمی، لاہور۔

۵۸...... انسان کامل صلی اللہ علیہ وسلم / محمد منیر قریشی / نذیر سنز پبلشرز، لاہور۔

۵۹...... انسان کامل و نبی اکمل صلی اللہ علیہ وسلم / ممتاز منظور / مکتبہ تعمیر انسانیت، لاہور۔

۶۰...... انسانیت کی موجودہ مشکلات اور سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم / اختر حجازی / ادارہ ترجمان القرآن، لاہور۔

۶۱...... انسائیکلو پیڈیا بریٹینیکا میں اسلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بہتانات / غلام مرتضیٰ / زیب تعلیمی ٹرسٹ، لاہور۔

۶۲...... انوار الحق فی الصلاۃ علی سید الحق محمد صلی اللہ علیہ وسلم / عبد المقصود محمد سالم / مترجم سید سلیمان حسین کاظمی۔

۶۳...... انوار محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم / یوسف بن اسماعیل / مکتبہ نبویہ، لاہور۔

۶۴...... انوار نبوت صلی اللہ علیہ وسلم / ابو احمد محمد دلپذیر / جامعہ اسلامیہ مدینہ، اسلام آباد۔

۶۵...... اوج نعت نمبر / میاں مقبول احمد / گورنمنٹ کالج شاہدرہ، لاہور۔

۶۶...... اولاد کو سکھاؤ محبتِ رسول / ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی / مترجم: مولانا حافظ محمد ابراہیم

فیضی ⁄ خادم علی شاہ بخاری فاؤنڈیشن، کراچی۔

۶۷......اہانتِ رسول اور آزادی اظہار ⁄ ابوالامتیاز ⁄ مجلس نشریاتِ اسلام، کراچی۔

۶۸......ایمان کا مرکز و محور ذات مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم/ ڈاکٹر طاہر القادری/ منہاج القرآن، لاہور۔

۶۹......آبِ حیات صلی اللہ علیہ وسلم/ مولانا محمد قاسم نانوتوی/ ادارہ تالیفات اشرفیہ، لاہور۔

۷۰......آپ کا تہذیب و تمدن ⁄ میاں محمد جمیل ⁄ مسجد ابو ہریرہ، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

۷۱......آپ نے فرمایا ⁄ ڈاکٹر اطہر محمد اشرف ⁄ کراچی۔

۷۲......آداب الاخلاق یعنی اخلاق محمدی صلی اللہ علیہ وسلم/ امام محمد الغزالی/ ادارہ تالیفات، اشرفیہ۔

۷۳......آداب النبی صلی اللہ علیہ وسلم/ مفتی محمد شفیع/ ادارہ اسلامیات، لاہور۔

۷۴......آداب النبی ⁄ صوفی محمد اقبال ⁄ مکتبہ شاہ زبیر، کراچی۔

۷۵......آفتابِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم/ صادق حسین صدیقی/ جہانگیر بک ڈپو، لاہور۔

۷۶...... آفتابِ نبوت صلی اللہ علیہ وسلم/ حضرت مولانا قاری محمد طیب/ ادارہ اسلامیات، لاہور۔

۷۷......آفتابِ نبوت کی کرنیں ⁄ مولانا محمد حسین صدیقی ⁄ دارالاشاعت، کراچی۔

۷۸......آفتابِ نبوت کی ضیاء پاشیاں ⁄ مولانا عبدالقیوم حقانی ⁄ القاسم اکیڈمی، سرحد۔

۷۹......آفتاب نبوی کی چند روشن کرنیں ⁄ مولانا محمد عبداللہ عباس ندوی ⁄ مجلس نشریات اسلام، کراچی۔

۸۰......آمنہ کا لال/ علامہ راشد الخیری/ زاویہ، لاہور۔

۸۱...... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت سپہ سالار ⁄ ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمٰن ⁄ راولپنڈی۔

۸۲...... آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جاسوسی نظام/ محمد حفیظ احمد/ مزمل پبلی کیشنز، لاہور۔

۸۳...... آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمی پالیسی/ پروفیسر ڈاکٹر محمد گجر خان غزل کاشمیری/ اقرأ تدریب الاطفال، لاہور۔

۸۴...... آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمی جدوجہد/ پروفیسر رب نواز/ ادارہ تعلیمی تحقیق، لاہور۔

۸۵...... آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوالات اور صحابہ کے جوابات/ سلیمان نصیف/ مترجم: مولانا حسین احمد/ دارالاشاعت، کراچی۔

۸۶...... بائبل اور محمد رسول اللہ/ حکیم محمد عمران ثاقب/ مکتبہ قدوسیہ، لاہور۔

۸۷...... بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں/ محمد متین خالد/ مکتبہ تعمیر انسانیت، لاہور۔

۸۸...... بدن خیر البشر صلی اللہ علیہ وسلم/ محمد اول رضوی/ رشید بک ڈپو، لاہور۔

۸۹...... بدر الکبریٰ/ ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی/ مترجم: مولانا حافظ محمد ابراہیم فیضی/ خادم علی شاہ بخاری فاؤنڈیشن، کراچی۔

۹۰...... برکاتِ مصطفیٰ/ ڈاکٹر محمد طاہر القادری/ منہاج القرآن، لاہور۔

۹۱...... بعثت نبوی پر مذاہب عالم کی گواہی/ پروفیسر شیریں زادہ خدوخیل/ الفیصل پبلشرز، لاہور۔

۹۲...... بعثت نبوی کی پیشین گوئیاں/ مترجم: ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری/ دارالکتاب، لاہور۔

۹۳...... پاکستان کے لئے مثالی نظام تعلیم کی تشکیل (سیرتِ طیبہ کی روشنی میں) ڈاکٹر لیاقت علی خاں نیازی/ سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور۔

۹۴...... پاکستان میں اسلامی نظام احتساب، سیرتِ طیبہ کی روشنی میں/ پروفیسر شہباز چشتی/ زاویہ پبلشرز، لاہور۔

۹۵...... پُرسکون زندگی کی تلاش، نبوی طریقے اور جدید سائنس/حکیم طارق محمود چغتائی/علم وعرفان، لاہور۔

۹۶...... پیارے رسول/حسین سحر/سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور۔

۹۷...... پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا پیار/محمد عمر/ضیاء القرآن، لاہور۔

۹۸...... پیارے نبی پیاری باتیں/مولانا محمود قادری/رابعہ بک ہاؤس، لاہور۔

۹۹...... پیارے نبی کی پیاری دعائیں/امام ابن تیمیہ/مترجم: حافظ حامد محمود الخضری/حدیبیہ پبلی کیشنز، لاہور۔

۱۰۰...... پیارے نبی محمد/ڈاکٹر ثناء قریشی/جہاں حمد پبلی کیشنز، کراچی۔

۱۰۱...... پیارے نبی کی سیرت طیبہ/بشریٰ امام الدین/دعوۃ اکیڈمی، اسلام آباد۔

۱۰۲...... پیارے بچوں کے لئے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ/ بشری امام الدین/ دعوۃ اکیڈمی، اسلام آباد۔

۱۰۳...... پیارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم/ صابر قرنی/ حسنات اکیڈمی، لاہور۔

۱۰۴...... پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم/ پروفیسر رفیع اللہ شہاب/ مقبول اکیڈمی، لاہور۔

۱۰۵...... پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیاری صاجزدای/ حقانی میاں/ دار الاشاعت، کراچی۔

۱۰۶...... پیغمبر اسلام/ڈاکٹر محمد حمید اللہ/مترجم: پروفیسر خالد پرویز/بیکن بکس، ملتان۔

۱۰۷...... پیغمبر اسلام اور اخلاقِ حسنہ/حافظ زاہد علی/راحت پبلشرز، لاہور۔

۱۰۸...... پیغمبر اسلام کی سیرت کے عملی پہلو/مولانا ابوالکلام آزاد/مرتب: ابوالفضل نور احمد/اسلامک فاؤنڈیشن، کراچی۔

۱۰۹...... پیغمبر اعظم کے تاریخی سفر/ڈاکٹر عبدالرؤف/فیروز سنز، لاہور۔

۱۱۰...... پیغمبر حکمت وبصیرت/پروفیسر محمد صدیق قریشی/الفیصل پبلشرز، لاہور۔

۱۱۱......پیغمبر رحمت اور نونہالانِ اسلام/ڈاکٹر محمد اکرام اللہ جان قاسمی/دار الاشاعت، کراچی۔

۱۱۲......پیغمبر صحراء/خالد لطیف گابا/مترجم: پروفیسر احمد الدین مارہروی/الفیصل پبلشرز، لاہور۔

۱۱۳......پیغام اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم/محمد عزیز/نفیس اکیڈمی، کراچی۔

۱۱۴......پیغمبر اخلاق صلی اللہ علیہ وسلم/ صاحبزادہ ساجد الرحمٰن/ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد۔

۱۱۵......پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم/مولانا وحید الدین خاں/ مکتبہ الرسالہ، نئی دہلی۔

۱۱۶......پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم غیر مسلموں کی نظر میں/ محمد یحیی خان/ پیام پبلشرز، لاہور۔

۱۱۷......پیغمبر اسلام کے پیغام کی آفاقیت/ بین الاقوامی سیرت کانفرنس وزارتِ مذہبی امور، اسلام آباد۔

۱۱۸......پیغمبر اعظم وآخر صلی اللہ علیہ وسلم/نصیر احمد ناصر/ فیروز سنز، لاہور۔

۱۱۹......پیغمبر انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم/ مولانا محمد شاہ محمد جعفر پھلواری/ ادارہ ثقافتِ اسلامیہ، لاہور۔

۱۲۰......پیغمبر انقلاب صلی اللہ علیہ وسلم/ مولانا وحید الدین خان/فضلی سنز، لاہور۔

۱۲۱......پیغمبر رحمت صلی اللہ علیہ وسلم اور انسان کے بنیادی مسائل خوف، بھوک، جہالت/ سید واحد رضوی/ مکتبہ مدینہ، لاہور۔

۱۲۲......پیغمبر اسلام اور آپ کا پیغام/فرزانہ عبدالستار/تقسیم کار/الفیصل، لاہور۔

۱۲۳......پیغمبر صحرا صلی اللہ علیہ وسلم/ کے ایل گابا/ شاہکار بک فاؤنڈیشن، کراچی۔

۱۲۴......تاریخ احمدی صلی اللہ علیہ وسلم/ احمد حسین/حق برادرز تاجران کتب، لاہور۔

۱۲۵......تاریخ محمد صلی اللہ علیہ وسلم/ فاروق ایم ڈی/ ادارہ اشاعت قرآن و تاریخ اسلام، لاہور۔

۱۲۶......تجارت کے اصول (سیرتِ طیبہ کی روشنی میں)/ سید عزیز الرحمٰن/ زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، کراچی۔

۱۲۷......تجلیات سیرت النبی/ پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد/ گوشہ محققین، شیخوپورہ۔

۱۲۸......تجلیات رسالت صلی اللہ علیہ وسلم/ ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی/ مکتبہ زادیہ، لاہور۔

۱۲۹......تجلیات سیرت صلی اللہ علیہ وسلم/ حافظ محمد ثانی/ فضلی سنز، کراچی۔

۱۳۰......تجلیات نبوت/ صفی الرحمٰن مبارکپوری/ دارالسلام، لاہور۔

۱۳۱......تحریک ختم نبوت/ شورش کاشمیری/ الفیصل ناشران، لاہور۔

۱۳۲......تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور گستاخ رسول کی سزا/ ایچ ساجد اعوان/ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، ملتان۔

۱۳۳......تذکرۃ المصطفیٰ/ محمد اسلم عمر/ مطبوعہ ایجوکیشنل پریس، کراچی۔

۱۳۴...... تذکرۃ الحبیب، تسہیل نشر الطیب/ تالیف: حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی/ تسہیل: مولانا ارشاد احمد فاروقی/ زمزم پبلشرز، کراچی۔

۱۳۵......تصورِ دین اور حیاتِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سیاسی پہلو/ ڈاکٹر محمد طاہر القادری/ منہاج القرآن، لاہور۔

۱۳۶......تعلیماتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور جدید سائنس/ حکیم محمد طارق محمود چغتائی/ علم و عرفان پبلشرز، لاہور۔

۱۳۷...... تعلیم و تعلم (سیرتِ نبوی کی روشنی میں)/ سعید اللہ قاضی/ ادارہ تعلیمی تحقیق، لاہور۔

۱۳۸......تعلیماتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور آج کے زندہ مسائل/ سید عزیز الرحمٰن/

زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، کراچی۔

۱۳۹......تفہیم سیرت/ محمد معین اختر/ دار التذکیر، لاہور۔

۱۴۰......تقاریر سیرت النبی ؍ مولانا مجاہد الاسلام قاسمی ؍ ادارۃ القرآن، کراچی۔

۱۴۱......تقدیس والدینِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ؍ قاضی ثناء اللہ پانی پتی ؍ ترجمہ، تحقیق وتعلیق: ڈاکٹر محمود الحسن عارف ؍ مرکز ادب اسلامی، لاہور۔

۱۴۲......توہین رسالت کی شرعی سزا ؍ مولانا محمد علی جانباز ؍ مکتبہ قدوسیہ، لاہور۔

۱۴۳......تہذیب سیرت ابن ہشام/ محمد مالک بن ہشام، مترجم: غلام احمد حریری/ مکتبہ القریش، لاہور۔

۱۴۴......ثنا خوان رسول صلی اللہ علیہ وسلم/ نشاط احمد شاہ ساقی/ عمیر پبلشرز، لاہور۔

۱۴۵......ثنائے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نعتیہ دیوان/ بزم گلشن لطیف اکیڈمی، شکار پور۔

۱۴۶......جان جہاں نعتیہ مجموعہ/ ساجد علوی/ بزم علم وفن پاکستان، اسلام آباد۔

۱۴۷......جانِ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم ؍ پروفیسر محمد یعقوب ؍ ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور۔

۱۴۸...... جانِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم ؍ علامہ سعادت علی قادری ؍ ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور۔

۱۴۹......جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم آئے ؍ محمد متین خالد ؍ فاتح پبلشرز، لاہور۔

۱۵۰...... جمالِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ؍ مرتب سید اویس علی سہروردی ؍ اورینٹل پبلی کیشنز، لاہور۔

۱۵۱...... جمال محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دل ربا منظر ؍ مولانا عبد القیوم حقانی ؍ القاسم اکیڈمی، سرحد۔

۱۵۲......جمال مصطفیٰ ؍ علامہ شاہ تراب الحق قادری ؍ ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور۔

۱۵۳......جمال مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم/ محمد صادق سیالکوٹی/ دائرۃ التبلیغ، سیالکوٹ۔

۱۵۴...... جنگ خندق/ صادق حسین صدیقی سردھنوی/ مکتبہ القریش، لاہور۔

۱۵۵...... جواہرات سیرت/ مولانا طارق جمیل/ مکتبہ الحسن، لاہور۔

۱۵۶...... چہرہ نبوت قرآن کے آئینے میں/ محمد حنیف ندوی/ علم و عرفان پبلشرز، لاہور۔

۱۵۷...... حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم/ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی/ عرفان پبلشرز، لاہور۔

۱۵۸...... حدیثِ دل/ حسن اختر/ المصطفیٰ پبلی کیشنز، کراچی۔

۱۵۹...... حدیثِ وفا (لعاب دہن کی برکات)/ مفتی محمد سعید خان/ مکتبہ قدوسیہ، لاہور۔

۱۶۰...... حرف حرف روشنی/ قمر صدیقی/ مطبوعات حرمت، راولپنڈی۔

۱۶۱...... حسان بن ثابت سے حفیظ تائب تک/ سید امتیاز احمد/ نستعلیق مطبوعات، لاہور۔

۱۶۲...... حسنِ کلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم/ محمد شفیع بلوچ/ امین پور بازار، مثالی پبلشرز، فیصل آباد۔

۱۶۳...... حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم حیات و خدمات/ موسیٰ خان جلال زئی/ بک بز، لاہور۔

۱۶۴...... حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ولادت سے نزولِ وحی تک/ علی اصغر چوہدری/ اسلامک پبلی کیشنز، لاہور۔

۱۶۵...... حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عظیم شخصیت/ اختر محمود اختر/ اختر محمود اختر، کراچی۔

۱۶۶...... حضور صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت سپہ سالار/ محمد فتح اللہ گلن، مترجم: پروفیسر خالد ندیم/ بیت الحکمت، لاہور۔

۱۶۷...... حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور ہجرت/ اسد گیلانی/ ادارہ ترجمان القرآن، لاہور۔

۱۶۸...... حضور صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت وزیر اعظم کائنات/ فضل احمد حبیبی/ علم و عرفان پبلشرز، لاہور۔

۱۶۹...... حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا جلال و جمال/ امیر افضل خان/ امیر افضل

خان، پشاور۔

۱۷۰...... حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بچپن/ شہناز کوثر/ مقبول اکیڈمی، لاہور۔

۱۷۱...... حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل/ حسین بن سعود/ بیت العلوم، لاہور۔

